لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

روزنامہ سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | پیر 14 ستمبر 2026ء 1448ھ یکم ربیع الثانی 30 بھادوں صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 232

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



سوشل میڈیا پر پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت کردار ضروری ہے: فیلڈ مارشل

آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کی ملاقات، علاقائی و عالمی صورتِ حال اور پاکستان کے سیکیورٹی منظر نامے پر تبادلہ خیال کیا گیا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن و استحکام اور خوش حالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے۔آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت اور بامعنی کردار ضروری ہے، نوجوان نسل کو حقائق پر مبنی سوچ اپنانے کی ضرورت ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے ملاقات کی ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں علاقائی وعالمی صورتِ حال اور پاکستان کے سیکیورٹی منظر نامے پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ملائیشین وزیراعظم کا پاکستان پر دہشت گردی کا الزام ماننے سے صاف انکار

بحیثیت وزیراعظم ان حقائق پر بات کرسکتا ہوں، جو ریاستی اداروں نے دیئے، ملائیشیا کے انٹیلی جنس اداروں نے کبھی ایسی کوئی رپورٹ نہیں دی، انور ابراہیم

دہلی (نیٹ نیوز) بھارتی صحافی کا وار خالی گیا ملائیشین وزیراعظم انور ابراہیم نے پاکستان پر دہشت گردی کا الزام ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ برکس اجلاس کیلئے بھارت میں موجود ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم کے بھارتی میڈیا کو دیئے جانے والے ایک انٹرویو کے دوران میزبان نے پہلگام واقعے کا حوالہ دے کر پاکستان پر ریاستی دہشت گردی کا الزام لگوانا چاہا تو انور ابراہیم نے ایسا کرنے سے صاف اور دوٹوک انکار کر دیا۔انور ابراہیم نے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف نسل کی سلامتی کو خطرہ قرار دے دیا، موجودہ نظام خامیوں سے دور کرے: پاکستان

پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سکیورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچ(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اہم خبریں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم: عوام کو فی لیٹر 100 روپے سستے پیٹرول کی فراہمی کے لیے جدید ترین ڈیجیٹل سسٹم فعال، رجسٹریشن کا طریقہ کار جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم پاکستان کے عوامی عزم اور سخت اقتصادی حالات میں محنت کش طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت پر عمل درآمد کرتے ہوئے وزارت آئی ٹی اینڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم یوتھ پروگرام، یو این ویمن پاکستان کے درمیان خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس کے دوران وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا

بائیک رکشا اسی سی سی تک گاڑیوں کیلئے پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان

وزیراعظم کا مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس، ریلیف سکیم کا اجرا، قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، شہباز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کر دیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

ملک کے مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب، سندھ، اسلام آباد، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیرِ تجارت کا ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کا دورہ، پاکستانی تارکینِ وطن سے ملاقات

مضبوط ادارہ جاتی اور تجارتی روابط دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے نئے مواقع پیدا کریں گے، جام کمال

ہانگ کانگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرِ تجارت جام کمال خان نے ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا، چیمبر کے چیئرمین اور نمایاں کاروباری نمائندوں سے ملاقات کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

حادثات اور ہنگامی حالات میں بروقت ابتدائی طبی امداد ناگزیر ہے: مریم نواز

بروقت فرسٹ ایڈ قیمتی انسانی جان بچانے کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے، حادثات اور ہنگامی حالات میں ابتدائی طبی امداد ناگزیر ہے۔ محفوظ اور صحت مند معاشرے کے لیے عوام میں فرسٹ ایڈ کا شعور اجاگر کرنا ضروری ہے

پنجاب حکومت ہنگامی صورتحال میں قیمتی انسانی جانیں بچانے کے لیے تمام تر میسر وسائل فراہم کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ پنجاب گولڈن آورز کے دوران مریض کے یقینی علاج کے لیے ایئر ایمبولینس شروع کرنے والا پہلا صوبہ ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ حادثات اور ہنگامی حالات میں بروقت ابتدائی طبی امداد ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورلڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

یمن میں حالات ابتر، امریکا صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، یمنی سفیر

یمن کو بے حد دشوار چیلنجز درپیش ہیں، یمنی حکومت مستقل امن چاہتی ہے جبکہ حوثی مذاکرات سے انکاری ہیں، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں یمن کے سفیر محمد مطاہر الاشبعی نے کہا ہے کہ یمن میں حالات انتہائی ابتر ہیں۔ اپنے بیان میں یمنی سفیر مطاہر الاشبعی نے کہا کہ امریکا یمن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ، رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ کے دوران پاکستان کی ایران سے درآمدات کا حجم 24 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے 135 میگاواٹ تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی اخراجات کی ادائیگی کا دیرینہ معاملہ حل ہوگیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے 135 میگاواٹ تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے کی فیزیبلٹی ا(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

نئے صوبوں کا معاملہ قومی مشاورت سے حل ہونا چاہئے: چوہدری شجاعت حسین

سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں، عوام کو بہتر طرزِ حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، سربراہ ق لیگ

سندھ کی ترقی اور محرومیوں کے خاتمے میں مسلم لیگ کا تاریخی کردار ہے، قومی اتفاق رائے اور مشاورت سے مسائل کا حل نکالا جائے، نئے صوبوں کا فیصلہ سیاسی مفادات یا وقتی نعروں کے بجائے قومی مفاد میں کیا جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے۔ چودھری شجاعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

لاہور: پی ٹی آئی کے صدر پرویز الٰہی کا نیورو سرجن پروفیسر ڈاکٹر نادر ظفر خان کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں دلہا دلہن کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کیلئے ٹینڈرز طلب کر لئے

اسلام آباد اور راولپنڈی کی رجسٹرڈ ادویات فراہم کرنے والی فرمز بولیاں جمع کرا سکیں گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کے لیے ٹینڈرز طلب کر لیے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی کی رجسٹرڈ ادویات فراہم کرنے والی فرمز بولیاں جمع کرا سکیں گی، بولی دینے والی فرموں کا ای پیڈز پر رجسٹرڈ ہونا ضروری قرار دیا گیا ہے جبکہ فرموں کے پاس فعال جی ایس ٹی اور این ٹی این نمبر ہونا بھی لازمی ہوگا۔ دستاویزات کے مطابق ادویات کی خریداری مالی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

ہرنائی میں واقع کوئلے کی کان میں گیس دھماکے کے بعد پاک فوج نے ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا، کان کے اندر پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچا لیا گیا

ہرنائی (مانیٹرنگ ڈیسک) ہرنائی میں واقع کوئلے کی کان میں گیس دھماکے کے بعد پاک فوج نے ریسکیو آپریشن مکمل کر لیا، کان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

نارووال: نیشنل سپورٹس سٹی میں طالبات شجرکاری کی مناسبت سے وفاقی وزیر احسن اقبال کو پورٹریٹ پیش کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ورلڈ فسٹ ایڈ ڈے کے حوالے سے 126284 ریسکیو ٹریننگ مکمل ہونے پر اظہارِ تشکر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورلڈ فسٹ ایڈ ڈے کے حوالے سے "126284" ریسکیو ٹریننگ مکمل ہونے پر اظہارِ تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

محمود اچکزئی کی اختر مینگل سے ملاقات، ملکی و بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر مشاورت

ملاقات میں بلوچستان اور ملک کی مجموعی سیاسی و علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے ان کی رہائش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

بلوچستان کے سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی

مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب کی اجازت نہیں ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے تمام سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ کوئٹہ سے جاری احکامات کے مطابق تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز میں پابندی ہوگی، مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے: رانا ثناء اللہ

صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں، پی ٹی آئی کا احتجاج ٹکے ٹوکری ہوجائیگا

پنجاب میں ن لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی، بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آ(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں: حافظ نعیم الرحمٰن

پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، 20 ستمبر کو اسلام آباد میں چاروں طرف سے آئیں گے، امیر جماعت اسلامی

پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، حکومت کو پیٹرولیم لیوی ختم کرنا ہوگی، حکومت کو بہت مناسب تجاویز دی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

مولانا فضل الرحمان نے ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس پر رائے کیلئے جے یو آئی کا اجلاس بلالیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام نے ملک میں انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے معاملے پر مرکزی مجلس عمومی کا اجلاس طلب کرلیا۔ ترجمان جے یو آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

بھارتی میڈیا کی ایک اور بھونڈی کوشش ناکام، ملائیشین وزیراعظم نے انٹرویو کے دوران پاکستان کو دہشتگردی سے جوڑنے سے انکار کردیا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے گودی میڈیا کی ملائیشیا کے وزیراعظم کے انٹرویو کے دوران پاکستان کو دہشت گردی سے جوڑنے کی ایک اور بھونڈی کوشش ناکام ہوگئی۔(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

ملک کے تمام مظلوم اور غریب انتظامی یونٹس کے قیام کیلئے متحد ہوں، مصطفیٰ کمال

موجودہ نظام کے تحت ملک کو مزید نہیں چلایا جاسکتا اور چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکے ہیں، رہنما ایم کیو ایم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے سینیئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ اب وقت آچکا ہے کہ پاکستان میں انتظامی ریسٹرکچرنگ کی جائے تاکہ اختیارات اور وسائل ملک کے ہر شہری کی دہلیز تک پہنچ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ٹاؤن میں انتظامی یونٹس کیلئے عوامی رابطہ مہم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ صوبوں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

رانا ثناء اللہ سے صدر گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ خان سے گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

وفاقی آئینی عدالت اور سپریم کورٹ میں چھٹیاں ختم، اہم کیسز سماعت کیلئے مقرر

سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک کی عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات ختم ہوگئیں (آج) پیر سے معمول کے مطابق مقدمات کی سماعت ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے خلاف درخواست کی سماعت (آج) پیر کو ہوگی جبکہ سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخو(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

سہیل آفریدی کا (آج) لاہور میں پنجاب اسٹریٹ موومنٹ لائحہ عمل دینے کا اعلان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی مذمت کرتے ہوئے اعلان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم اور سعودی ولی عہد کے درمیان ٹیلیفونک گفتگو

سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی مذمت

عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں، شہباز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اتوار کی سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق نہایت گرمجوشی اور دوستانہ ماحول میں ہونے والی گفتگو کے دوران وزیراعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کردی، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کردی۔ ایف بی آر نے رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

چیئرمین سینیٹ گیلانی کی قائدانہ بصیرت سے پاکستان کی پارلیمانی سفارت کاری مزید مستحکم

پذیرائی کمبوڈیا میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس یوسف رضا گیلانی کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی

خط میں سید یوسف رضا گیلانی کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے بھی خراجِ تحسین پیش کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ اور دنیا بھر کی پارلیمانوں کے ساتھ پاکستان کے روابط مزید مضبوط بنانے کیلئے مسلسل کاوشوں کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کی جانب سے سراہا گیا ہے، یہ پذیرائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی کا چینی سفارتکار شازوکانگ کی جانب سے الوداعی تقریب کے انعقاد پر اظہار تشکر

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے معروف چینی سفارتکار اور اقوام متحدہ کے سابق انڈر سیکرٹری جنرل برائے اقتصادی و سماجی امور شازوکانگ کی جانب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ، مذاکرات کے تیسرے دور کیلئے ایک روز کی مہلت مانگ لی

وفاقی وزیر نے وزیراعظم کا پیغام پہنچایا، وزیراعظم چاہتے ہیں لیوی پر مذاکرات منگل کو ہوں، لیاقت بلوچ

حکومت سے پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل، آئی پی پیز پر بدھ کو ہوں گے' نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کر کے مذاکرات کے تیسرے دور کے لیے مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی۔ جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کا تیسرا دور پیر کو ہونا تھا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق احسن اقبال نے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے، وزیراعظم چاہتے ہیں پٹرولیم لیوی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

آصف زرداری کا بیرونِ ملک دورہ نجی، اخراجات خود برداشت کئے: ایوانِ صدر کی وضاحت

صدر کے اس نجی بیرونِ ملک دورے پر سرکاری خزانے سے کسی قسم کے اخراجات نہیں کیے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایوانِ صدر نے صدر آصف علی زرداری کے حالیہ بیرونِ ملک دورے سے متعلق میڈیا رپورٹس پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر کا دورہ مکمل طور پر نجی نوعیت کا تھا اور اس کے تمام اخراجات ذاتی طور پر صدر نے برداشت کیے۔ ایوانِ صدر کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

سابق آرچ بشپ آف کینٹربری جسٹن ویلبی سے حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی ملاقات

عالمی امن کیلئے مختلف مذاہب کے اہم قائدین کو یکجا کرنے پر اتفاق، ابتدائی طور پر رابطوں کا آغاز کرنے کا فیصلہ

موجودہ عالمی حالات میں مختلف مذاہب کے قائدین کے درمیان مکالمہ اور رابطوں کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، حافظ طاہر اشرفی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور کوآرڈینیٹر قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے سابق آرچ بشپ آف کینٹربری جسٹن ویلبی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی جس میں موجودہ عالمی صورتحال، بالخصوص دنیا میں قیامِ امن، بین المذاہب ہم آہنگی، مختلف مذاہب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیرِ تجارت جام کمال خان سے ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

لاہور: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ وفد کے ہمراہ ملاقات کرتے ہوئے



جڑانوالہ: ایس ایچ او تھانہ بچیانہ سیف اللہ کلیار کا جرائم پیشہ عناصر کو دوٹوک پیغام، علاقہ چھوڑ دیں یا قانون کا سامنا کریں

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: ایس ایچ او تھانہ بچیانہ سیف اللہ کلیار کا جرائم پیشہ عناصر کو دوٹوک پیغام، علاقہ چھوڑ دیں یا قانون کا سامنا کریں۔ بطور ایس ایچ او تھانہ بچیانہ سیف اللہ کلیار نے چارج سنبھالتے ہی جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور دیگر سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کا قیام، جرائم کا خاتمہ اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ کسی بھی جرائم پیشہ شخص کو قانون کی گرفت سے بچنے نہیں دیا جائے گا۔ ایس ایچ او تھانہ بچیانہ سیف اللہ کلیار نے کہا کہ بچیانہ کے عوام کے لیے ان کے دفتر اور تھانے کے دروازے دن رات کھلے ہیں۔ گاں سے تعلق رکھنے والا ہو یا شہر سے، کسی بھی شخص کو کسی بھی نوعیت کا مسئلہ درپیش ہو، وہ بلا جھجک ایس ایچ او سیف اللہ کلیار سے رابطہ کر سکتا ہے۔ عوامی مسائل کو میرٹ پر سنا جائے گا اور ہر شہری کے ساتھ انصاف کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے اشیائے ضروریہ کی نقل و حمل سمیت ہر شعبہ متاثر ہو رہا ہے۔ چوہدری عامر صدیق

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) سابق صدر چیمبر آف کامرس چوہدری عامر صدیق نے پیٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگی توانائی نے عوام اور تاجر برادری دونوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے اشیائے ضروریہ کی نقل و حمل سمیت ہر شعبہ متاثر ہو رہا ہے جبکہ بجلی کے بھاری بل کاروباری اخراجات میں مسلسل اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے باعث عوام کی قوت خرید پہلے ہی کم ہو چکی ہے اور مزید اضافے سے عام آدمی کی مشکلات بڑھیں گی۔ بڑھتی ہوئی۔ لاگت کے باعث کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں اور چھوٹے تاجروں کے لئے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے فیصلوں پر سر نظر ثانی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

آر یو جے پاکستان کے بانی رہنما مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کو ہم سے بچھڑے 11 سال ہو گئے

اوکاڑہ (امام دین نامہ نگار) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے بانی رہنما مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کو ہم سے بچھڑے 11 سال ہو گئے۔ مرزا محمد ارشد فریدی مرحوم کی آر یو جے پاکستان کے قیام اور علاقائی صحافیوں کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرزا محمد ارشد فریدی عظیم انسان اور نڈر صحافی رہنما تھے۔ ان کی برسی کے موقع پر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل، نائب صدر ویسٹ پنجاب عرفان نوید غوری، ممبر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی محمد اشفاق چوہدری، سینئر رہنما ملک نیاز جھکڑ، رائے امداد، ملک اعجاز بھٹی، صابر مغل، ضلعی صدر اوکاڑہ ظفر اقبال چوہدری، جنرل سیکرٹری راؤ غلام قادر، صدر ڈی یو جے اعجاز انجم کھوکھر، تحصیل صدر اوکاڑہ شہزاد انجم کمبوہ، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ عباس علی جٹ، جنرل سیکرٹری محسن محمود چوہدری، چیئرمین حاجی عمر فاروق، فنانس سیکرٹری حسنین نثار، سیکرٹری اطلاعات رانا آصف جبار و دیگر نے شرکت کی۔ برسی کے موقع پر مرزا محمد ارشد فریدی کے درجات کی بلندی کے لیے دعائے مغفرت کی۔

میونسپل کمیٹی بھیرہ کے ریکارڈ کلرک رضوان اختر کے بھائی اور ایم سی سکول کے سابق استاد ملک اقبال اختر مرحوم کے صاحبزادے عرفان اختر، جو عرصہ سے سعودی عرب میں مقیم تھے، انتقال کر گئے

بھیرہ (تحصیل رپورٹر فرحان ظفر بھٹی) میونسپل کمیٹی بھیرہ کے ریکارڈ کلرک رضوان اختر کے بھائی اور ایم سی سکول کے سابق استاد ملک اقبال اختر مرحوم کے صاحبزادے عرفان اختر، جو عرصہ سے سعودی عرب میں مقیم تھے، انتقال کر گئے۔ مرحوم کی میت گزشتہ روز سعودی عرب سے پاکستان لائی گئی، جہاں سلطان آباد چھانٹ میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، عزیز و اقارب، دوست احباب اور اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کے انتقال پر شہری و سماجی حلقوں نے رضوان اختر اور دیگر پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی آج 13 ستمبر بروز اتوار صبح 10 بجے سلطان آباد چھانٹ میں ہو جبکہ اجتماعی دعا صبح 11 بجے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

27 ستمبر کے احتجاج کے پیش نظر اوکاڑہ میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے کارکنان اور حامیوں کے خلاف پولیس کی کارروائیاں تیز کر دی گئیں

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) 27 ستمبر کے احتجاج کے پیش نظر اوکاڑہ میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے کارکنان اور حامیوں کے خلاف پولیس کی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ پولیس کی جانب سے مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد کارکنان کو گرفتار کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق گرفتار ہونے والوں میں محمد الیاس، صہیب راشد، صائم راشد، داؤد صائم، شہباز راؤ، مدثر توقیر اور ابو ہریرہ سمیت دیگر پی ٹی آئی کارکنان شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار کارکنان کو پولیس نے نامعلوم مقامات پر منتقل کر دیا ہے، جبکہ مزید گرفتاریوں کے لیے بھی مختلف مقامات پر کارروائیاں جاری ہیں۔ 27 ستمبر کے احتجاج کے تناظر میں پولیس کی جانب سے شہر کے مختلف مقامات پر ناکے لگا کر گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کی چیکنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ پولیس کی جانب سے مشتبہ افراد اور ممکنہ طور پر احتجاج میں شرکت کرنے والے افراد پر نظر رکھی جا رہی ہے۔ دوسری جانب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہنر مند خواتین کو قومی دھارے میں لانے کے احکامات پر ضلع خانیوال میں عملی اقدامات کا آغاز

خانیوال (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہنر مند خواتین کو قومی دھارے میں لانے کے احکامات پر ضلع خانیوال میں عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حنا ارشد نے صنعت زار کی طالبات کی جانب سے تیار کردہ معیاری دستکاری مصنوعات کو بہتر انداز میں متعارف کرانے اور ان کی مؤثر نمائش و مارکیٹنگ کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر حنا ارشد کی زیر صدارت صنعت زار ڈسپلے سنٹر کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسپلے سنٹر میں معیاری دستکاری مصنوعات رکھنے، انہیں خوبصورت اور مؤثر انداز میں نمائش کیلئے پیش کرنے اور مصنوعات کی بہتر مارکیٹنگ کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہنر مند خواتین کی تیار کردہ معیاری مصنوعات کو بہتر پلیٹ فارم فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ مصنوعات کی مؤثر نمائش اور بہتر مارکیٹنگ سے ہنر مند خواتین کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی طور پر خود کفیل ہونے کے مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے صنعت زار ڈسپلے سنٹر میں مصنوعات کی مناسب ترتیب، معیار اور پریزنٹیشن کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہنر مند خواتین کی تیار کردہ اشیاء کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے مؤثر تشہیری و مارکیٹنگ حکمت عملی اختیار کی جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز منور عباس کملانہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری کی زیر صدارت تحصیل امن کمیٹی کا اجلاس منعقد

چیچہ وطنی سے رپورٹ کر رہے ہیں ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ۔ اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری کی زیر صدارت تحصیل امن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں SHO* سٹی رائے قمر عباس SHO صدر چوہدری محمد امجد، صدر بار ایسوسی ایشن چوہدری سجاد گجر سمیت مقامی علمائے کرام اراکین مرکزی انجمن تاجران اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں امن و امان، باہمی رواداری، مذہبی ہم آہنگی، صبر و تحمل کے فروغ اور اتحاد و اتفاق سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔

تحریک انصاف ایک بار پھر سیاسی عدم استحکام پیدا کر کے وفاق پر حملہ آور ہونے اور ملک کو سنگین معاشی و انتظامی بحرانوں میں دھکیلنے کی تیاری کر رہی ہے، شیخ قیصر محمود

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع چنیوٹ کے سینئر رہنما شیخ قیصر محمود نے جاری کردہ تفصیلی بیان میں پی ٹی آئی کی سیاست اور متوقع احتجاجی لائحہ عمل کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف ایک بار پھر سیاسی عدم استحکام پیدا کر کے وفاق پر حملہ آور ہونے اور ملک کو سنگین معاشی و انتظامی بحرانوں میں دھکیلنے کی تیاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی پی ٹی آئی کی انتشار پسندانہ سیاست، دھاگے توڑ احتجاج اور دھرنوں نے قومی معیشت، غیر ملکی سرمایہ کاری اور ترقیاتی منصوبوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، اور اب ایک ایسے وقت میں جب ملک بتدریج معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے، دوبارہ دھرنوں اور چڑھائی کی سیاست کرنا ملکی مفادات کے خلاف ایک گہری سازش (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

موٹر سائیکل سے گرنے والی خاتون سر میں شدید چوٹ لگنے سے جاں بحق

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) موٹر سائیکل سے گرنے والی خاتون سر میں شدید چوٹ لگنے سے جاں بحق ہو گئی حادثہ قومی شاہراہ پر مرغی خانہ سٹاپ کے مقام۔ پر پیش آیا تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ پر مرغی خانہ سٹاپ کے قریب موٹر سائیکل پر سوار 45 سالہ خاتون پروین بی بی جمپ لگنے کے باعث موٹر سائیکل سے روڈ پر گر کر سر میں شدید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

گرین بیلٹ کی خوبصورتی اور دیکھ بھال کے لیے صفائی ستھرائی اور آب پاشی کا عمل جاری

لیہ (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر کی ہدایت پر لیہ چوک اعظم روڈ پر گرین بیلٹ کی خوبصورتی اور دیکھ بھال کے لیے صفائی ستھرائی اور آب پاشی کا عمل جاری ہے۔ اے ڈی سی میونسپل سروسز شبیر احمد ڈوگر نے اتوار کے روز گرین بیلٹ پر جاری صفائی ستھرائی اور پانی دینے کے کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر شہر کو صاف ستھرا اور سرسبز بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں گرین بیلٹس کی مناسب دیکھ بھال، صفائی ستھرائی اور پودوں کو بروقت پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو خوبصورت اور صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اے ڈی سی میونسپل سروسز نے متعلقہ عملہ کو گرین بیلٹ کی صفائی اور پودوں کی مناسب دیکھ بھال کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے کی ہدایت کی۔

مقررین کا چک جاکھڑ 332 گ ب میں منعقدہ ترشاوہ پھلوں کے سیمینار سے خطاب

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) زرعی ماہرین نے ترشاوہ پھلوں کے کاشتکاروں کو خبردار کیا ہے کہ ترشاوہ باغات کو متعدد ماحولیاتی عناصر، بیماریوں اور پیداواری مسائل کے تناظر میں بیماری سے پاک نرسریوں کے قیام، کھادوں کے متوازن استعمال، مؤثر جڑی بوٹیوں کی تلفی، مناسب آبپاشی اور جدید باغبانی طریقوں کو اپنانا ناگزیر ہے تاکہ ترشاوہ باغات کو گریننگ بیماری سمیت دیگر خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام چک جاکھڑ 332 گ ب میں منعقدہ ترشاوہ پھلوں کے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار بعنوان "ترشاوہ باغات کی بڑھوتری اور پیداوار بہتر بنانے کے لیے نباتاتی افزائشی ضابطہ کار کا استعمال" کا انعقاد ہائر ایجوکیشن کمیشن کے مالی تعاون سے انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹیکلچر سائنسز میں جاری منصوبہ "موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ ترشاوہ جرثوموں کا تعارف اور جدید ترشاوہ باغ کا قیام" کے تحت چین پاکستان باغبانی تحقیق و مظاہراتی مرکز اور چین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

واپڈا یونین ہمیشہ اپنے ملازمین کے حقوق، سہولیات اور تحفظ کے لیے سرگرم عمل رہی ہے۔ عبدالصمد جوئیہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) واپڈا یونین ہمیشہ اپنے ملازمین کے حقوق، سہولیات اور تحفظ کے لیے سرگرم عمل رہی ہے۔ عبدالصمد جوئیہ۔ میپکو کا لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی مانند ہے آپ اس محکمہ کی مزید ترقی اور خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ واپڈا میپکو صارفین کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ ورکرز واپڈا کی حفاظتی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کریں ان خیالات کا اظہار ڈویژنل چیئرمین واپڈا یونین عبدالصمد جوئیہ نے سیکرٹری کوارڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عبدالصمد جوئیہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ واپڈا یونین ایک غیر سیاسی اور خدمت خلق کے جذبے سے سرشار تنظیم ہے جو ملک بھر میں اپنے لاکھوں ملازمین کے حقوق کی نگہبان ہے۔ یونین نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ ہر ملازم کو عزت، تحفظ اور سہولت میسر آئے، چاہے وہ فیلڈ میں کام کرنے والا لائن مین ہو یا دفتری امور سر انجام دینے والا کلرک، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ واپڈا جیسے قومی ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے۔ عبدالصمد جوئیہ نے مزید کہا کہ صارف ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہے صارفین کی عزت و احترام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

بہاولنگر: ڈویژنل چیئرمین واپڈا یونین عبدالصمد جوئیہ سے سیکرٹری کوارڈینیشن بہاولنگر پریس کلب رفیق رحمانی ملاقات کر رہے ہیں

ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ مربہ اینڈ اچار یونٹ اور بیکری پروڈکشن یونٹ کی چیکنگ

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم۔ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا صحت دشمن عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کا فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ مربہ اینڈ اچار یونٹ اور بیکری پروڈکشن یونٹ کی چیکنگ، 1 ہزار کلو غیر معیاری خوراک تلف، فوڈ بزنس مالکان کو 5،5 لاکھ روپے کے جرمانے عائد تفصیلات کے مطابق فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مدینہ ٹاؤن فیز 3 اور دیلکم روڈ رینالہ خورد میں 2 فوڈ پروڈکشن یونٹس کو چیک کیا گیا انسپکشن کے دوران بدبودار اور فنگس زدہ مربہ جات اور اچار برآمد کیا گیا۔ مربہ جات کی سٹوریج کیلئے آلودہ اور کیمیکل ڈرموں کا استعمال کیا جا رہا تھا۔ پروڈکشن ایریا میں حشرات، گندگی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اریج علی حیدر گوندل نے شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے رات گئے مختلف علاقوں کا دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اریج علی حیدر گوندل نے شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے رات گئے مختلف علاقوں کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے شہر کے مختلف مقامات، اہم شاہراہوں، سڑکوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر صفائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے صفائی کے عمل، سڑکوں اور بازاروں میں موجود صفائی کی صورتحال سمیت کوڑا کرکٹ اٹھانے کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا انہوں نے متعلقہ افسران اور صفائی عملے کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور عوامی مقامات پر صفائی کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اریج علی حیدر گوندل نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے صفائی کے عمل میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

پٹواری نے اراضی کی تقسیم کے لیے بیوہ سے لاکھوں روپے ہتھیا لیے اینٹی کرپشن اوکاڑہ نے بیوہ کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) پٹواری نے اراضی کی تقسیم کے لیے بیوہ سے لاکھوں روپے ہتھیا لیے اینٹی کرپشن اوکاڑہ نے بیوہ کی درخواست پر مقدمہ درج کر لیا ہے مبینہ طور پر اینٹی کرپشن نے پٹواری کو گرفتار کر کے چھوڑ دیا تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 27 ٹو ایل۔ کے رہائشی مرحوم محمد حنیف کی بیوہ نسرین نے اپنی زرعی اراضی کی تقسیم کے لیے تحصیلدار رینالہ خورد کو درخواست گزاری جس پر تحصیلدار رینالہ خورد عثمان علی نے تقسیم اراضی کے لیے حلقہ پٹواری اظہر علی سے رپورٹ طلب کی حلقہ پٹواری علی رضا نے ونڈاجات (تقسیم اراضی) کی رپورٹ تیار کرنے کے لیے بیوہ سے ایک لاکھ روپے سے زائد رقم بطور رشوت وصول۔ کی اور رپورٹ کے لیے مزید ایک لاکھ روپے رشوت طلب کی اور کئی ماہ تک بیوہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز	
ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے	
ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-766

شکایات سیل اور سنٹرز	
وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک	
سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بنک	35863950
ایدھی بلڈ بنک	35417440

نواحی علاقہ 33 کے گھر میں آتشبازی کے سامان میں آتشزدگی کا واقعہ، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مکمل تحقیقات کا احکامات دیے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ نواحی علاقہ 33 کے گھر میں آتشبازی کے سامان میں آتشزدگی کا واقعہ، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مکمل تحقیقات کا احکامات دیے۔ انہوں نے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایات دیں۔ اس سلسلہ میں واقعہ کے ذمہ داران کے خلاف فوری ایف آئی آر درج کروا دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع بھر میں آتش بازی کے سامان کی سرچ اینڈ سویپنگ کی بھی ہدایات دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نواحی علاقہ کے گھر میں آتش گیر مواد قیمتی جانوں کے ضیاع کا باعث بنا۔ آتش بازی کے خلاف از سر نو سرچ اینڈ سویپنگ کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ آتشبازی کے غیر قانونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ عوام آتشبازی کے غیر قانونی کاروبار کر کے معصوم شہریوں کی زندگیاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ننکانہ صاحب: پیپلز پارٹی کا مہنگائی اور پٹرولیم قیمتوں میں اضافے پر شدید رد عمل

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ننکانہ صاحب کے انفارمیشن سیکرٹری سانول صدیق وائیں نے ملک میں بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے عوام کو فوری ریلیف دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ سانول صدیق وائیں نے کہا کہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کے باعث عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے۔ آٹا، گھی، چینی، بجلی، گیس اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کے بعد پٹرول اور ڈیزل مہنگا کرنا عوام پر مزید بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ عوام رات کو اپنے گھروں میں سو رہے ہوتے ہیں اور صبح بیدار ہوتے ہیں تو پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی خبران کا منتظر ہوتی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر اضافہ ٹرانسپورٹ سمیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

اوکاڑہ: آتش بازی کا سامان اور ملزم پولیس حراست میں

"ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ سب انسپکٹر مدثر شہباز، سب انسپکٹر شاہد علی نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ٹھٹھہ ٹھاکر سے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا جس کے قبضہ سے 2100 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزم کیخلاف تھانہ رجوعہ میں منشیات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

ڈی ایس پی انویسٹی گیشن نوید مرتضیٰ محکمہ پولیس میں سروس مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی انویسٹی گیشن نوید مرتضیٰ محکمہ پولیس میں سروس مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے۔ ڈی پی او آفس میں ان کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف، ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان ملک، ڈی ایس پی سٹی محمد شعیب خان و دیگر افسران اور دفتری عملہ نے شرکت کی۔ ڈی پی او (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

آگ بجھانے والے سلنڈروں کی تقسیم کی پروقار تقریب منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) فاروق اعظم چوک قذافی مارکیٹ کے قریب تاجروں کے تحفظ اور کاروباری مراکز میں فائر سیفٹی کے فروغ کے لیے آگ بجھانے والے سلنڈروں کی تقسیم کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی آر پی او فیصل آباد سہیل اختر سکھیرا اور ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف تھے۔ تقریب میں چوہدری مسعود اقبال تیمور امجد لالی ممبر صوبائی اسمبلی، غلام عباس نسوانہ ممبر پنجاب بار کونسل، صدر ڈسٹرکٹ بار سید کلیم زیدی، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب چنیوٹ چوہدری شاہد محمود، حافظ مقبول صاحب پاکستان علما کونسل، چیمبر آف کامرس کے صدر فہد نعیم فخری آل پاکستان مرکزی کلاتھ بورڈ کے صدر نصیر احمد وہرہ سمیت دیگر معززین علاقہ، تاجر رہنماؤں اور مختلف بازاروں کے صدور و عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب کے انتظامات قذافی مارکیٹ کے تاجر رہنما فیصل شیخ ثمر عباس کی جانب سے کیے گئے۔ اس موقع پر ضلعی انجمن تاجران رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر چوہدری اصغر جٹ، سرپرست اعلیٰ خواجہ محمد ندیم، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر کی زیر صدارت گزشتہ روز فٹبال لیگ کے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد

لیہ (سی ایم لنکس) ضلع لیہ کی پہلی مریم نواز پریمئر لیہ فٹبال لیگ کے انعقاد کی تیاریاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر کی زیر صدارت گزشتہ روز فٹبال لیگ کے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لیگ کے انعقاد اور انتظامی امور سے متعلق مختلف اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر نے کہا کہ ضلع انتظامیہ کھیلوں کے فروغ کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے فلڈ لائٹ فٹبال لیگ کے انعقاد سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع میسر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

معروف عالمی شہرت یافتہ قوال محبوب فرید اکرم خان، مسعود اکرم خان، فرید اکرم خان فریدی برادران کے گھر محفل میلاد کا انعقاد

پاکپتن (بیورو رپورٹ) معروف عالمی شہرت یافتہ قوال محبوب فرید اکرم خان، مسعود اکرم خان، فرید اکرم خان فریدی برادران کے گھر محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا محفل میلاد میں تلاوت قرآن مجید حافظ حنیف نعیمی، نقابت نوید احمد چشتی، نعت خواں ملک وحید احمد فریدی، غلام فرید سہروردی، امن شوکت فریدی نے آقا دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا علماء کرام کی جانب سے محفل میلاد میں آقا دو جہاں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر روشنی ڈالی گئی، محفل میلاد میں معروف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چوہدری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز ڈی سی آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز ڈی سی آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور مختلف علاقوں سے آئے سائلین کے انفرادی و اجتماعی مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں۔ شہریوں نے اپنے مسائل سے متعلق درخواستیں پیش کیں اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق درپیش مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے شہریوں کی شکایات کا بغور جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے اور ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام درخواستوں پر میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے مقررہ مدت میں سائلین کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے بلاوجہ سرکاری دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ عوام کو بروقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

چنیوٹ کے ایم سی ہال میں انٹر کلب چنیوٹ ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا شاندار انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چنیوٹ کے ایم سی ہال میں انٹر کلب چنیوٹ ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف کلبوں سے تعلق رکھنے والے بچوں اور بچیوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ کے دوران تائیکوانڈو کے مختلف مقابلے منعقد ہوئے، جن میں کھلاڑیوں نے بہترین تکنیک، مہارت، جذبے اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ کے آرگنائزر امین مغل، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ تائیکوانڈو ایسوسی ایشن چنیوٹ تھے۔ مقابلوں کے دوران بچوں اور بچیوں کی شاندار پرفارمنس نے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ مختلف کیٹیگریز میں مقابلہ کیا اور اپنی بہترین صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ تقریب میں ضلعی جنرل سیکرٹری انجمن تاجران چنیوٹ کے مہر محمد شاہد منظور، سینئر صحافی اکرم ساگر چوہدری، پروفیسر شہزادہ، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

گمبر اوکاڑہ کینٹ ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن ریٹائرڈ سمیع اللہ فاروق ایم پی اے حاجی پیر ولایت شاہ کھگہ دیگر گمبر میں عوام سے گفتگو کرتے ہوئے

گمبر میں ترقیاتی منصوبوں کا بڑا اعلان —— عوامی مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت

گمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار نقیبی) گمبر میں ترقیاتی منصوبوں کا بڑا اعلان —— عوامی مسائل کے حل کی جانب اہم پیش رفت گمبر اذان مارکی میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن ریٹائرڈ سمیع اللہ فاروق اور ایم پی اے پیر والایت شاہ کھگہ کی آمد گمبر کے مسائل اور ان کے حل کے لیے گمبر کی سیاسی سماجی شخصیات ڈاکٹر محمد تسلیم شہباز، راجہ محمد افضل جنجوعہ نمبردار، ندیم انور بھٹی سابقہ وائس پریزیڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کینٹ راجہ مبشر حسین جنجوعہ سابق وائس پریزیڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کینٹ۔ پروفیسر راجہ جہانگیر جنجوعہ۔ اور مقامی لوگوں کی ملاقات جس میں خصوصی طور پر گمبر کے سب سے بڑے ایشو ریلوے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے ڈسٹرکٹ بار کا دورہ کیا جہاں وکلاء سے ملاقات کی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے ڈسٹرکٹ بار کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وکلاء سے ملاقات کی اور کچہری کے احاطہ میں جاری و مجوزہ ترقیاتی و بیوٹیفکیشن کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کچہری کے ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے انتظامیہ کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا دائرہ کار کچہری احاطہ تک بھی بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ بار کی طرف سے کچہری احاطہ میں بیوٹیفکیشن کیلئے نشاندہی کردہ جگہ پر ضلعی انتظامیہ ترجیحی بنیادوں پر خوبصورتی کے اقدامات یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کچہری کی مسجد کے لیے سولر سسٹم فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے احاطہ کچہری میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے مابین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

بچیکی (نامہ نگار) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے مابین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط، بابا گورونانک یونیورسٹی اور ننکانہ صاحب چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مابین بھی مفاہمتی یادداشت پر دستخط، سماجی اور کاروباری حلقوں کا اظہار مسرت اور ایس ایم تنویر کی کاوشوں کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق پاکستان کے ہر ضلع کی ڈسٹرکٹ اکنومی کو ترقی دے کر اس کی ایکسپورٹ کو 100 ارب ڈالر تک لے جانے کے ویژن کے تحت ایف پی سی سی آئی میں ایک تقریب منعقد ہوئی، جس میں ایف پی سی سی آئی اور بابا گرونانک یونیورسٹی جبکہ بابا گرونانک یونیورسٹی اور ننکانہ صاحب چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مابین مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشتوں کا مقصد ننکانہ صاحب کی زراعت، صنعت، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

کنٹرول نارکوٹکس فورس (CNF) لاہور نے بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ہینکسن آباد میں مبینہ منشیات فروش عبدالجبار کو گرفتار کر لیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) کنٹرول نارکوٹکس فورس (CNF) لاہور نے بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ہینکسن آباد میں مبینہ منشیات فروش عبدالجبار کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضے سے ساڑھے 10 کلو سے زائد چرس، تقریباً ڈیڑھ کلو آئس، ناجائز اسلحہ اور 59 ہزار 800 روپے نقدی سمیت دیگر سامان برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کنٹرول نارکوٹکس فورس لاہور کی ٹیم نے تھانہ صدر ننکانہ صاحب کے علاقہ شاہکوٹ روڈ پر ہینکسن آباد گاؤں کے قریب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش عبدالجبار کو گرفتار کیا۔ تلاشی کے دوران ملزم کے قبضے سے 10 کلو 360 گرام چرس، ایک کلو 400 گرام آئس، 30 بور پسٹل، دو میگزین اور گولیاں برآمد ہوئیں، جبکہ منشیات کی فروخت سے حاصل ہونے والی مبینہ رقم 59 ہزار 800 روپے، الیکٹرانک کانٹا اور موبائل فون بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

یونین کونسل نمبر 11 کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں، معروف سیاسی سماجی شخصیت میاں منشاء بکیانہ

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی شخصیت میاں منشاء بکیانہ نے کہا ہے کہ وہ یونین کونسل نمبر 11 کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں، یونین کونسل کے محلہ عیدگاہ، لالہ زار کالونی، چاہ دوہٹہ، محلہ ظفر آباد، محلہ حسن پورہ، محلہ کرم پورہ، سمیت حلقہ کے تمام علاقوں کے مسائل سے بخوبی واقف ہیں، انشاء اللہ کامیاب ہو کر تمام مسائل ترجیح بنیاوں پر حل کروں گا، انہوں نے کہا کہ وہ یونین کونسل 11 میں مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آ گئے، محلہ عیدگاہ، لالہ زار کالونی، محلہ ظفرآباد، محلہ چاہ دوہٹہ، محلہ حسن پورہ، سمیت تمام تر علاقوں کے معززین، نوجوانوں اور گروپس نے حمایت کا اعلان کیا ہے، اس موقع پر معروف سیاسی سماجی شخصیت میاں منشاء بکیانہ نے کہا ہے کہنے کہا کہ میں ساتھ چلنے والے تمام دوست احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، میں خود لائر مڈل کلاس سے تعلق رکھتا ہوں اور مڈل لوئر مڈل کلاس کے مسائل سمجھ سکتا ہوں

ڈپٹی کمشنر حنا ارشد کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری بورڈ کا اجلاس منعقد

خانیوال (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر حنا ارشد کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع میں انفورسمنٹ و ریگولیٹری امور، متعلقہ قوانین و ضوابط پر عملدرآمد، عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو فضل عباس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ مدثر عارف، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز رانا محمد شعیب، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ اٹارنی پیرا فورس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر حنا ارشد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ قوانین و ضوابط پر موثر اور بلا امتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ عوامی مفاد سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ہدایات اور مقررہ قوانین و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی امور میں بہتری، موثر انفورسمنٹ اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے مقررہ مدت کے اندر ضابطے کے مطابق کارروائی مکمل کی جائے تاکہ عوام کو بلاوجہ دفاتر کے چکر نہ لگانا پڑیں۔ اجلاس میں پیرا فورس کی کارکردگی کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ پیرا فورس کے سٹاف کی حاضری، دوران ڈیوٹی یونیفارم کی پابندی اور فیلڈ میں ذمہ داریوں کی موثر انجام دہی کو یقینی بنایا جائے۔ اور موصول ہونے والی عوامی شکایات پر فوری کارروائی کرتے ہوئے مقررہ وقت کے اندر ضابطے کی کارروائی مکمل کی جائے اور تمام کیسز کی روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت رپورٹ پیش کی جائے انہوں نے مزید کہا کہ انفورسمنٹ کارروائیوں میں شفافیت، قانون کی یکساں عملداری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر تعطیل کے روز بھی شہر بھر میں صفائی آپریشن بھرپور انداز میں جاری رہا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر تعطیل کے روز بھی شہر بھر میں صفائی آپریشن بھرپور انداز میں جاری رہا صفائی آپریشن ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارا کو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیر نگرانی جاری رکھا گیا صفائی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، گلی محلوں اور تجارتی مراکز میں خصوصی صفائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

مجھے ہے حکمِ اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان

"ویمن یونیورسٹی ملتان اور سافٹ ویئر ٹیکنالوجیز کے درمیان مفاہمتی یادداشت"

ملتان (سی ایم لنکس) دی ویمن یونیورسٹی ملتان اور سافٹ ویئر ٹیکنالوجیز، ملتان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق، معاہدے پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول اور سافٹ ویئر ٹیکنالوجیز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمان حمید نے دستخط کیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر مصباح مرزا، ڈائریکٹر ORIC، ڈاکٹر خدیجہ کنول، ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ آف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

اینٹی کرپشن نارووال کی بڑی کارروائی 20ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) اینٹی کرپشن نارووال رانا مبشر علی کی بڑی کارروائی 20 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کی ہدایات پر اینٹی کرپشن نارووال رانا مبشر علی نے کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی کی۔ رانا مبشر علی، سرکل آفیسر اینٹی کرپشن نارووال نے اسپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں عمل میں لائی۔ کارروائی کے دوران محمد قاسم حنیف، اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ نارووال، بی ایس-16 کو رشوت لیتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا، جبکہ اس کے قبضے سے 20 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد کرلیے گئے۔ ملزم نے مبینہ طور پر آرا مشین (Saw) لگانے کے لیےNOC جاری کرنے کے عوض 20 ہزار روپے رشوت وصول کی تھی۔ واقعہ کے سلسلے میں ملزم کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن نارووال میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ اینٹی کرپشن پنجاب کا عزم۔ بدعنوانی اور رشوت ستانی کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان شہریوں کے مسائل سن رہی ہیں

چنیوٹ: تائیکوانڈو چیمپئن شپ مقابلے کے پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کیے جارہے ہیں

گرین بیلٹس سے مٹی کی سکریپنگ، دن اور رات کے اوقات میں سڑکوں و بازاروں کی واشنگ سمیت صفائی کی سرگرمیاں مزید تیز

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی نے سموگ کی روک تھام اور صاف ستھرے ماحول کے قیام کے لیے شہر بھر میں مینوئل و مکینیکل سویپنگ، سڑکوں کے کناروں اور گرین بیلٹس سے مٹی کی سکریپنگ، دن اور رات کے اوقات میں سڑکوں و بازاروں کی واشنگ سمیت صفائی کی سرگرمیاں مزید تیز کردی ہیں، جبکہ شہریوں میں صفائی اور انسدادِ سموگ کے حوالے سے بھرپور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

درشہوار کولٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی طالبہ آمنہ بی بی کی پنجاب بھر کے تقریری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر تعریفی شیلڈ دی گئی

لیہ (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر لیہ آصف علی ڈوگر نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی درشہوار کو لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی طالبہ آمنہ بی بی کی پنجاب بھر کے تقریری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر تعریفی شیلڈ دی۔ ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر نے لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ڈی ای او لٹریسی درشہوار کو مبارکباد دی اور کہا کہ طالبہ کی صوبہ بھر میں نمایاں کامیابی محکمہ لٹریسی کے افسران (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

سوئی گیس ٹاسک فورس کی کارروائیاں: مجموعی طور پر 30 میٹر منقطع، 440 مقامات کی چیکنگ

ملتان (سی ایم لنکس) سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کی یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس نے جنرل منیجر کی ہدایت پر گیس چوری، غیر قانونی استعمال اور تکنیکی خلاف ورزیوں کے خلاف جاری مہم کے تحت کارروائیاں مزید تیز کردی ہیں۔ حالیہ اور ہفتہ وار کارروائیوں کے مجموعی اعداد وشمار کے مطابق ملتان کے مختلف علاقوں میں اب تک 440 مقامات کی تلاشی اور چیکنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں قواعد وضوابط کی سنگین خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 30 میٹرز منقطع کر دیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران سامنے آنے والی خلاف ورزیوں میں غیر قانونی کمپریسر کے استعمال پر 11 میٹرز (سابقہ 9 اور حالیہ 2) منقطع کیے گئے، جبکہ 6 مقامات پر غیر قانونی ایکسٹینشنز کو ختم کیا گیا۔ اس کے علاوہ 4 میٹرز الٹا لگانے پر کاٹے گئے، 3 میٹرز تجارتی استعمال، 2 غیر قانونی شفٹنگ، 2 صارف کی اپنی درخواست، 1 سروس سے دور ہونے کی وجہ سے منقطع کیا گیا اور 1 کیس ڈائریکٹ گیس استعمال کا پایا گیا۔ یو ایف جی کنٹرول ٹاسک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

صارفین کو معیاری اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ایس ای گیپکو سیالکوٹ، سردار جمشید خان

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں لکا سے) صارفین کو معیاری اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی اولین ترجیح ہے ایس ای گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید خان سیالکوٹ ایس ای گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید خان نے کہا ہے کہ صارفین کو بہتر، معیاری اور شفاف بجلی کی فراہمی محکمہ کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کو سہولیات کی فراہمی، بجلی کے نظام میں بہتری اور صارفین کے مسائل کا فوری ازالہ یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ای گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید خان نے کہا کہ شفاف میٹر ریڈنگ پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے تاکہ صارفین کو درست ریڈنگ کے مطابق بجلی کے بل موصول ہوں اور کسی شہری کو بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ گیپکو کے افسران اور ملازمین کو واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ صارفین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو بلامعاوضہ انصاف کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کررہا ہے

ملتان (سی ایم لنکس) صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو بلامعاوضہ انصاف کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کررہا ہے۔ اس امر کا اظہار مشیر ان محتسب پنجاب محمود جاوید بھٹی اور وقار حسین نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف ہوم اکنامکس ملتان میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کالج کے اساتذہ اکرام اور طالبات کو آگاہ کیا کہ صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ صوبے کے تمام سرکاری محکموں کے متعلق شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کوشاں ہے، جہاں شہری بغیر کسی وکیل کی خدمات حاصل کیے اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں اور ان (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

27 ستمبر کو لاکھوں عوام لانگ مارچ میں شرکت کر کے ثابت کریں گے کہ عمران خان عوام کے حقیقی لیڈر ہیں۔ چوہدری آصف علی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما چوہدری آصف علی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو لاکھوں عوام لانگ مارچ میں شرکت کر کے ثابت کریں گے کہ عمران خان عوام کے حقیقی لیڈر ہیں 27 ستمبر کا لانگ مارچ ملکی سیاست میں ایک اہم اور فیصلہ کن مرحلہ ثابت ہوگا، لاکھوں عوام اور تحریک انصاف کے کارکنان اپنے قائد عمران خان سے اظہار یکجہتی کے لیے سڑکوں پر نکلیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ 27 ستمبر کو عوام کی بھرپور شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہوگی کہ عمران خان آج بھی عوام کے دلوں میں سب سے مقبول اور حقیقی عوامی لیڈر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ عمران خان نے ہمیشہ ملک میں انصاف، خود مختاری، آئین کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مشکل حالات کے باوجود عوام کی ایک بڑی تعداد عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے اور 27 ستمبر کا لانگ مارچ اسی عوامی حمایت اور سیاسی وابستگی کا بھرپور اظہار ہوگا۔

ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کا شہر بھر میں پھولدار درختوں کی شجر کاری مہم کا آغاز

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق لاہور کو خوبصورت، سرسبز اور سموگ فری بنانے کے عزم کے تحت ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور نے شہر میں پھولدار درختوں کی شجرکاری مہم کا آغاز کردیا ہے۔ اس سلسلے میں لاہور کے مختلف علاقوں میں پھولدار اور سایہ دار درختوں کی شجرکاری کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی بہتری اور موسمیاتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

UVAS راوی کیمپس میں مبینہ انتظامی بے ضابطگیاں، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر سے) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینمل سائنسز (UVAS) راوی کیمپس میں مبینہ انتظامی، مالی اور تدریسی بے ضابطگیوں کے حوالے سے مختلف سنگین سوالات اٹھاتے ہوئے اعلیٰ حکام سے شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ذرائع اور مبینہ طور پر دستیاب ریکارڈ کے مطابق پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود انجم، جن کی تعلیمی تخصص بائیو کیمسٹری میں بتائی جاتی ہے، کی شعبہ وائلڈ لائف اینڈ ایکولوجی میں تعیناتی اور بعدازاں راوی کیمپس میں اہم انتظامی و تدریسی ذمہ داریوں سے متعلق تقرریوں کی قانونی و انتظامی حیثیت پر سوالات اٹھائے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

حکومت مہنگائی پر قابو پانے اور عام آدمی کو درپیش معاشی مشکلات کو کم کرنے میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے، سید کلیم علی امیر

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چنیوٹ کے سینئر رہنما سید کلیم علی امیر نے موجودہ اقتصادی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت مہنگائی پر قابو پانے اور عام آدمی کو درپیش معاشی مشکلات کو کم کرنے میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقہ انتہائی سخت حالات سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی اشیائے ضروریہ، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ہر گھر کے بجٹ کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے اور اب صورتحال اس نہج پر پہنچ چکی ہے جہاں صرف زبانی جمع خرچ یا عارضی اقدامات سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ سید کلیم علی امیر نے زور دے کر کہا کہ مہنگائی ایک قومی مسئلہ بن چکی ہے جو کسی ایک سیاسی جماعت سے زیادہ عام عوام کی بقا اور زندگی کا سوال ہے، اس لیے موجودہ معاشی بحران اور مہنگائی کے طوفان کے خلاف ملک کی تمام سیاسی اور قومی جماعتوں کو اپنے ذاتی و سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر ایک ساتھ بیٹھنا ہوگا اور مشترکہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اہلیانِ لیہ کے لیے ایک اور تحفہ

لیہ (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا اہلیان لیہ کے لیے ایک اور تحفہ۔ جنرل ہسپتال لیہ میں ڈاکٹروں کی رہائش گاہوں کی تعمیر کے منصوبے کی منظوری دے دی گئی۔ منصوبے کی منظوری انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب (IDAP) بورڈ کے 79ویں اجلاس میں دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر نے بتایا کہ جنرل ہسپتال لیہ تکمیل کے مراحل میں ہے اور اسے بہت جلد آپریشنل کردیا جائے گا۔ ہسپتال کی عمارت، مشینری اور فرنیچر کو حتمی شکل دی جارہی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ملک لطیف شہزاد

پاکپتن (نامہ نگار) سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ٹھیکیدار مافیا کو انجام تک پہنچائیں گے، ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچر یونین کے صوبائی صدر ملک لطیف شہزاد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر نصر اللہ خان ورک، میاں خدا بخش، صفدر علی شاہ، ضلعی صدر محمد افضل بھٹی، انصر جاوید ناز، محمد نذیر انجم، طاہر سعید سرور اور رانا غلام حسین خان ودیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول پاکپتن شریف میں 2 کروڑ سے زائد ٹھیکہ کے دوران سکول میں 13 نقائص پر مشتمل ناقص میٹریل اور غیر معیاری کام کرنے پر سی ای او ایجوکیشن شازیہ رفیق نے ٹھیکیدار کے خلاف بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو انسپکشن اور بلڈنگ انکوائری رپورٹ کیلئے 25 اگست 2026 کو لیٹر لکھ دیا، ٹھیکیدار نے کاروائی اور ریکوری سے بچنے کیلیے الٹا جھوٹا وقوعہ بنا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

جے یو آئی ضلع لاہور کے رہنماؤں کی حافظ عبدالودود قاضی سے تعزیت

لاہور (سی ایم لنکس) جمعیت علمائے اسلام ضلع لاہور کے جنرل سیکرٹری حضرت مولانا عبدالرحمن، رئیس المبلغین مولانا عبدالشکور یوسف اور مولانا محمد عثمان رمضان، مولانا محمد یوسف حنفی نے جے یو آئی ضلع لاہور کے ڈپٹی ناظم مالیات اور سٹی لاہور کے ناظم مالیات مولانا حافظ عبدالودود قاضی سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیتی ملاقات کی، مولانا حافظ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب چوہدری عبدالحمید مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہوگئے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب چوہدری عبدالحمید مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائر ہوگئے۔ ان کے اعزاز میں پروقار الوداعی عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں محکمہ زراعت توسیع، محکمہ زراعت (فروٹ اینڈ ویجیٹیبل) اور محکمہ تحقیق کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر افسران نے چوہدری عبدالحمید کی 36 سالہ شاندار، مخلصانہ اور قابلِ قدر محکمانہ خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ مقررین نے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری، اعلیٰ کردار، خوش اخلاقی، مثبت رویے اور مثالی قائدانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے طویل کیریئر کے دوران محکمہ زراعت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

سیالکوٹ: جعلی مختار نامے کی تیاری میں نامزد پٹواری اینٹی کرپشن حکام کی حراست میں

پھول خان نیازی اور پوری ضلعی کابینہ کو ان کے خلاف قائم کردہ الزامات ثابت ہونے پر عہدوں سے برطرف کردیا گیا ہے، میاں امجد

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ (مرکزی شعبہ اطلاعات) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میاں امجد نے ایک اہم وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ جماعت کے تنظیمی ڈسپلن اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر ضلعی صدر (معطل) پھول خان نیازی اور پوری ضلعی کابینہ کو ان کے خلاف قائم کردہ الزامات ثابت ہونے پر عہدوں سے برطرف کردیا گیا ہے، ضلع لاہور کے ڈپٹی کوآرڈینیٹر شاہد یوسف مغل کو بھی نااہلی ثابت ہونے پر فوری طور پر برطرف کردیا گیا ہے، ترجمان کے مطابق مذکورہ تمام افراد اپنے انفرادی اعمال اور قانونی/تنظیمی نتائج کے خود ذمہ دار ہونگے اور جماعت کا ایکے کسی ذاتی اقدام سے کوئی تعلق نہیں ہوگا، آئندہ کا تنظیمی لائحہ عمل میں تنظیمی تسلسل اور فعال بحالی کیلئے تمام کارکنان و عہدیداراں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ لیبر ونگ ساہیوال ڈویژن (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

سیالکوٹ: صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات میں انعامات تقسیم کرتے ہوئے

آتش بازی بنانے کی فیکٹری میں دھماکہ؛ 2 خواتین ہلاک، بچے سمیت 4 زخمی؛ مقدمہ درج؛ غازی آصف علی DSP خود ریسکیو میں حصہ لیتے رہے

شیر گڑھ (نامہ نگار) آتش بازی بنانے کی فیکٹری میں دھماکہ؛ 2 خواتین ہلاک، بچے سمیت 4 زخمی؛ مقدمہ درج؛ غازی آصف علی DSP خود ریسکیو میں حصہ لیتے رہے؛ مقدمہ درج رپورٹ کیمطابق شیر گڑھ کے موضع 33 ون اے ایل میں آصف عرف بھولا، محمد عباس گوندا وغیرہ بلا لائسنس آتش بازی کا سامان بنا رہے تھے جنکی سرپرستی رمضان، عمران، کامران، رستم خان وغیرہ سرپرستی کر کے سامان تیار کرواتے تھے اچانک آتش گیر مواد بڑے دھماکے کیساتھ پھٹ گیا اور کمرے کی چھت بھی گرگئی اور ہر جانب گھر میں آگ لگ گئی اطلاع ملنے پر غازی آصف علی DSP رینالہ سرکل، عدنان رفیق سیال SHO شیر گڑھ، ناصر علی جاوید سب انسپکٹر انچارج محمد امتیاز بھٹی ASI ودیگر نفری، 1122 ریسکیو ٹیم، فائر بریگیڈ، سمیت تمام متعلقین موقع پر پہنچ گئے غازی آصف علی DSP اور عدنان رفیق SHO خود ملبے تلے دبے شہریوں نکال کر ہسپتال پہنچاتے رہے اس واقعہ میں 23 سالہ الدینہ بی بی، 25 شاہین بی بی دختران عبدالغفور موقع پر جھلسنے اور ملبے تلے دبنے سے جاں بحق ہوگئیں جبکہ صفیہ بی بی، ریحان احمد وغیرہ مضروب ہوگئے 2 معمولی زخمیوں کو موقع (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

جڑانوالہ: جشن آمدِ مصطفیٰ ﷺ کی بابرکت مناسبت سے جڑانوالہ میں ایک پروقار اور عظیم الشان جشنِ آمدِ رسول ﷺ کی محفل کا اہتمام کیا جارہا ہے

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: جشن آمدِ مصطفیٰ ﷺ کی بابرکت مناسبت سے جڑانوالہ میں ایک پروقار اور عظیم الشان جشنِ آمدِ رسول ﷺ کی محفل کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ یہ روحانی تقریب 14 ستمبر 2026 بروز پیر (بعد از نماز عشاء ہون ہال، کینال روڈ، جڑانوالہ میں منعقد ہوگی۔ اس مبارک محفلِ میلاد کا اہتمام بانی جشن رانا جاوید حسین کی جانب سے کیا جارہا ہے، جس میں مرحوم جاوید حسین کی بلندیٔ درجات کے لیے خصوصی دعا کی جائے گی۔ محفل کی انتظامیہ اور دعائیہ تقریب کے منتظمین میں درج ذیل شخصیات شامل ہیں۔ رانا مزمل حسین بوبی) ممبر امن کمیٹی جڑانوالہ (رانا اجمل خاں کوکا، رانا وسیم عباس، چوہدری محمد حسین خان اور رانا علی رضا۔ تقریب میں علاقائی، مذہبی اور سماجی شخصیات کے علاوہ عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ محفل میں نعت خوانی اور سیرت طیبہ ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

جڑانوالہ: نجی سکولوں، کالجز کے باہر والدین کے لیے انتظار گاہیں اور پینے کے پانی کا فقدان اس کے ساتھ ساتھ شہر کے تمام سکول اور کالجز کی پارکنگ ہی نہیں

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: نجی سکولوں، کالجز کے باہر والدین کے لیے انتظار گاہیں اور پینے کے پانی کا فقدان اس کے ساتھ ساتھ شہر کے تمام سکول اور کالجز کی پارکنگ نہ ہے جس کی وجہ سے چھٹی کے وقت روڈ بلاک ہو جاتا ہے۔ جڑانوالہ شہر بھر کے بیشتر پرائیویٹ سکولوں اور کالجز کے باہر چھٹی کے اوقات میں بچوں کو لینے کے لیے آنے والے والدین اور دیگر ورثا کے لیے مناسب انتظار گاہوں اور پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر نہ ہونے کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ چھٹی کے وقت بڑی تعداد میں ورثا سکولوں اور کالجز کے باہر جمع ہوتے ہیں، مگر بیٹھنے کے لیے مناسب جگہ، سایہ اور پینے کے پانی جیسی بنیادی سہولیات دستیاب نہیں ہوتیں۔ والدین و شہری حلقوں نے سکولز اور کالجز کے مالکان وانتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بچوں کے ساتھ آنے والے والدین اور ورثا کی سہولت کے لیے مناسب انتظار گاہیں، سایہ دار جگہ اور صاف پینے کے پانی کا انتظام کیا جائے تاکہ انہیں شدید گرمی اور دیگر موسمی حالات میں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

نبی پاک کا یوم ولادت گنبد خضریٰ تلے منانے کی سعادت کے بعد محفل؛ مفتی رضا المصطفیٰ رازی خطاب فرمائیں گے؛ الحاج عبدالجبار بھٹی

شیر گڑھ (نامہ نگار) نبی پاک کا یوم ولادت گنبد خضریٰ تلے منانے کی سعادت کیبعد محفل؛ مفتی رضا المصطفیٰ رازی خطاب فرمائیں گے؛ الحاج عبدالجبار بھٹی؛ رپورٹ کیمطابق حرمت کعبہ کے پلیٹ فارم سے سالار الحاج عبدالجبار بھٹی کی قیادت میں قدآور علمائے کرام، حافظ، مشائخ، اہل علم، سجادگان، کا بڑا قافلہ ایک بار پھر زیارات مقدسہ، اور عمرہ کی سعادت کے حصول اور 12 ربیع الاول نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت کا میلاد شریف گنبد خضریٰ کے سائے تلے نبی اکرم ﷺ کے حرم میں بالمشافہ منانے کیبعد باحفاظت وطن واپس پہنچ گئے ہیں وطن واپس پہنچنے پر پیر سید محسن فرید چشتی، الحاج عبدالجبار بھٹی، سید اکمل حسن کرمانی، منظر حسین DSP، حاجی محمد مشتاق نور سویٹ والے، حاجی طارق رشید، حافظ محمد شوکت، نور الامین بھٹی، مہر محمد عثمان، شاہد پرویز، حاجی غلام شبیر صابر، ملک سمیع اللہ، ودیگر زائرین کا فقید المثال استقبال کیا گیا منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں، مالائیں پہنائی گئیں فضاء اللہ اکبر کے نعروں سے گونجتی رہی الحاج عبدالجبار بھٹی کیمطابق 28 ستمبر بروز سوموار بعد از نماز عشاء موضع 7 ون اے ایل بی اے پاسیاں والا نزد اختر آباد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 50)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق ٹی ایچ کیو ہسپتال سمبڑیال کا دورہ کرتے ہوئے

محکمہ زراعت پنجاب سموگ کنٹرول کیلئے چوکس اور متحرک

ملتان (سی ایم لنکس) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب پوری طرح چوکس اور متحرک ہے۔ دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کیلئے آگاہی مہم کے سلسلہ میں مساجد سے 22 ہزار سے زائد اعلانات کرائے گئے جبکہ 3 لاکھ 51 ہزار سے زائد تنبیہی نوٹسز جاری کیے گئے ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 49)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق فیصل آباد ڈویژن میں آئندہ سموگ سیزن سے نمٹنے کے لئے پیشگی جامع پلان وضع کرلیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق فیصل آباد ڈویژن میں آئندہ سموگ سیزن سے نمٹنے کے لئے پیشگی جامع پلان وضع کرلیا گیا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی اور دیگر افسران موجود تھے۔ اجلاس میں سموگ اور فضائی آلودگی کے خاتمے کے لئے 7، اہم نکات پر خصوصی توجہ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ صنعتوں اور انسیٹ بٹرز پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی لائیو فیڈ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کے سسٹم سے منسلک کی جائے تاکہ کالے دھوئیں کا فوری پتہ لگا کر اسے ختم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیڈ لائن 30 ستمبر 2026ء کے بعد تعمیل نہ ہونے پر متعلقہ یونٹ بند کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ زیر تعمیر سائٹس (روڈز اور بلڈنگز) پر ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، زیر تعمیر میٹرو بس روٹ کے ساتھ پانی کے چھڑکاؤ کی مانیٹرنگ روٹ پر موجود کمرشل مارکیٹس کے تاجروں کے تعاون سے کی جائے گی۔ علاوہ ازیں ریت کی ٹرالیوں کے لئے ایس او پیز وضع کرتے ہوئے کمشنر نے کہا کہ ٹریفک پولیس اور انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی فورس کی تعیناتی کا حتمی پلان تیار کریں ڈیڈ لائن کے بعد بغیر ڈھکی ٹرالیز بند اور قبضے میں لی جائیں۔ شادی ہالز اور کمرشل کچن میں 100% سکشن ہڈز کی تنصیب لازمی ہے جس کی ڈیڈ لائن 10، اکتوبر ہے جس کے بعد بغیر سکشن ہڈ والے کچن سیل کردیے جائیں، سرکاری و نجی تمام بسوں کے لئے وہیکل انسپکشن سرٹیفکیشن سسٹم (وکس) اسٹیشن سے فٹ ہونے کا سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیں اور 15، اکتوبر کے بعد بغیر سرٹیفکیشن بسوں کو بند اور قبضے میں لیا جائے۔ غیر قانونی چربی پگھلانے کی سرگرمیاں مکمل طور پر بند، 10، اکتوبر کے بعد ایسے تمام یونٹ کی تعمیرات مسمار کر دی جائیں، فصلوں کی باقیات جلانے کی روک تھام، موٹروے کے ساتھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کے واٹر باؤزرز نصب اور کسانوں کو فصلوں کی باقیات جلانے سے روکنے کے لئے موثر اقدامات ہونے چاہیں۔ کمشنر نے کہا کہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (انفورسمنٹ) چاروں اضلاع میں پلان پر عملدرآمد کی نگرانی اور انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کی ٹیموں کی سو فیصد معاونت یقینی بنائیں۔

جماعت اسلامی عوام کی حقوق کی جنگ لڑتی رہے گی، سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی وسطی پنجاب ڈاکٹر بابر رشید

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی وسطی پنجاب ڈاکٹر بابر رشید نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی عوام کی حقوق کی جنگ لڑتی رہے گی۔ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہے گیں ان خیالات کا اظہار وہ اوکاڑہ میں ملک عادل اسلم کے ہمراہ صحافیوں سے دوران گفتگو کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے 20 ستمبر کو لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں تیاریاں شروع ہوچکی ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن لاہور سے لانگ مارچ کی قیادت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

صفائی کا بہتر نظام نہ صرف شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے بلکہ شہریوں کو مختلف بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی سے بھی محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ رانا دلاور

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) صفائی کا بہتر نظام نہ صرف شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے بلکہ شہریوں کو مختلف بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی سے بھی محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ رانا دلاور۔ عوام کوڑا کرکٹ سڑکوں، گلیوں اور نالوں میں پھینکنے سے گریز کریں تو صفائی کے نظام مثالی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ محمد رفیق رحمانی۔ شہر میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے، سیوریج کے مسائل کے مستقل حل اور نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانے کے حوالے سے اہم اجلاس ایم ڈی واسا رانا دلاور کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ڈپٹی ڈائریکٹر محمد ندیم، اسرار احمد، میٹنگ کوارڈینیٹر محمد رفیق رحمانی، مولانا عمر فاروق بھٹی، میاں محمد احمد لائیکا، نذیر احمد، شیخ فاروق احمد، جاوید بٹ، عامر رضا چوہان، زمان خان، ڈاکٹر عامر اعظم پادری، ڈاکٹر یونس مسیحی ودیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کی صورتحال، سیوریج لائنوں کی صفائی، بند نالیوں، گٹروں اور نکاسی آب کے مسائل سمیت شہریوں کو درپیش مشکلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایم ڈی واسا رانا دلاور نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی صفائی ستھرائی اور سیوریج کے نظام میں بہتری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول اور بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی رابطے اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔ صفائی نصف ایمان ہے، شہر کی صفائی ستھرائی اور سیوریج کے نظام میں مزید بہتری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صفائی اور سیوریج کا نظام صرف سرکاری اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ شہریوں کا بھی فرض ہے کہ وہ گلیوں، نالیوں اور سیوریج لائنوں میں کوڑا کرکٹ اور دیگر فضلہ پھینکنے سے گریز کریں۔ شہری انتظامیہ اور واسا کے عملے کے ساتھ تعاون کریں تاکہ شہر کو صاف ستھرا اور مسائل سے پاک بنایا جاسکے۔ اس موقع پر میٹنگ کوارڈینیٹر وممبر ستھرا پنجاب محمد رفیق رحمانی نے کہا کہ شہری صفائی صرف سرکاری اداروں کی ذمہ داری نہیں . لکہ شہریوں کا تعاون بھی اس سلسلے میں انتہائی ضروری ہے اگر عوام صفائی کے اصولوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 45)

مری میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سخت کارروائیاں، ناقص اشیاء فروخت کرنے والے متعدد پوائنٹس جرمانے اور وارننگز کی زد میں

مری (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے مری کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر اچانک معائنے اور کارروائیاں کی ہیں۔ ان کارروائیوں کا بنیادی مقصد سیاحوں اور مقامی شہریوں کو ملاوٹ شدہ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خوردونوش سے محفوظ رکھنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، مری کے مختلف بازاروں، ہوٹلز، ریسٹورنٹس، بیکریز اور جنرل سٹورز کی چیکنگ کے دوران فوڈ سیفٹی ٹیموں نے حفظان صحت کے اصولوں اور سرکاری ایس او پیز کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران باورچی

اپنے ہاتھوں سے پودے لگانے میں دل کو جو سکون اور اطمینان ملتا ہے اسے لفظوں میں میں بیان نہیں کیا جاسکتا، محمد اویس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ سیالکوٹ محمد اویس نے کہا ہے کہ درخت اور پودے زمین کا حسن ہیں ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلیوں اور آلودگی نے ہمیں درختوں اور پودوں کی اہمیت کا احساس تو دلا ہی دیا ہے اپنے ہاتھوں سے پودے لگانے میں دل کو جو سکون اور اطمینان ملتا ہے اسے لفظوں میں میں بیان نہیں کیا جاسکتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعظم سے ایوارڈ یافتہ کلین گرین پاکستان کے قومی چیمپئن وسماجی راہنما محمد اشفاق نذر، سید قاسم عابد، بلال حسین ودیگر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 47)

قتل، اقدام قتل کے ملزمان کو کردار کیمطابق سخت سزائیں؛ پراسیکیوشن کی فرض شناسی لائق تحسین ہے۔ اسد علی مد

شیر گڑھ (نامہ نگار) قتل، اقدام قتل کے ملزمان کو کردار کیمطابق سخت سزائیں؛ پراسیکیوشن کی فرض شناسی لائق تحسین ہے۔ اسد علی مدنی؛ رپورٹ کیمطابق محمد اسلم پنچوتھا ایڈیشنل اینڈ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 46)

جمہوریت کا مستقبل: جمہوری گنجائش، حقوق اور نمائندگی



محمد سلیم بھٹی

ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب۔

آج جب ہم جمہوریت کے مستقبل کی بات کرتے ہیں تو ہمیں صرف یہ سوال نہیں کرنا چاہیے کہ انتخابات ہوں گے یا نہیں؟ بلکہ اصل سوال یہ ہے: کیا عام شہری اپنی بات آزادی سے کہہ سکتا ہے؟ کیا اختلافِ رائے کی گنجائش موجود ہے؟ کیا ہر شہری کو برابر حقوق حاصل ہیں؟ اور کیا ریاست، سیاسی جماعتیں اور ادارے عوام کی حقیقی نمائندگی کرتے ہیں؟

میرے نزدیک جمہوریت صرف ووٹ ڈالنے کا نام نہیں۔ جمہوریت ایک مسلسل عمل ہے، جس میں شہریوں کو اپنی آواز بلند کرنے، سوال پوچھنے، اختلاف کرنے اور فیصلہ سازی میں حصہ لینے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

پہلا نکتہ: جمہوری گنجائش کو بحال کرنا

ہمیں سب سے پہلے اپنے معاشرے میں SpaceDemocratic یعنی جمہوری گنجائش کو مضبوط کرنا ہوگا۔

جمہوری گنجائش سے مراد صرف پارلیمنٹ یا اسمبلی نہیں۔ اس میں میڈیا، سیاسی جماعتیں، سول سوسائٹی، یونیورسٹیاں، بار ایسوسی ایشنز، طلبہ، نوجوان، خواتین اور عام شہری سب شامل ہیں۔

اگر کسی معاشرے میں لوگ اپنی رائے دینے سے خوفزدہ ہوں، صحافی سوال نہ کرسکیں، سیاسی کارکن اختلاف نہ کرسکیں، نوجوان اپنے مستقبل کے بارے میں بات نہ کرسکیں، تو وہاں جمہوریت صرف ایک انتخابی عمل بن کر رہ جاتی ہے۔

ہمیں ایسا پاکستان چاہیے جہاں اختلاف کو دشمنی نہ سمجھا جائے۔

کیونکہ جمہوریت کی خوبصورتی یہ نہیں کہ سب لوگ ایک جیسا سوچیں۔ جمہوریت کی اصل خوبصورتی یہ ہے کہ مختلف سوچ رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر بات کرسکیں۔

ہمیں سیاسی اختلاف کو برداشت کرنا ہوگا۔ اگر میں آپ سے اختلاف کرتا ہوں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں آپ کا دشمن ہوں۔ اختلافِ رائے جمہوریت کی کمزوری نہیں، بلکہ جمہوریت کی طاقت ہے۔

دوسرا نکتہ: بنیادی حقوق کا تحفظ

دوسرا اہم مسئلہ حقوق اور آزادیوں کا تحفظ ہے۔

جمہوریت اس وقت مضبوط ہوتی ہے جب شہری کو یقین ہو کہ اس کے بنیادی حقوق محفوظ ہیں۔

اظہارِ رائے کی آزادی، اجتماع کی آزادی، مذہبی آزادی، سیاسی شرکت، مساوی حقوق اور قانون کے سامنے برابری — یہ سب جمہوریت کے بنیادی ستون ہیں۔

لیکن حقوق صرف آئین اور قانون کی کتاب میں لکھ دینے سے محفوظ نہیں ہوتے۔ اصل امتحان اس وقت ہوتا ہے جب کوئی شخص ہم سے مختلف رائے رکھتا ہو۔

ہمیں اپنے لیے آزادی اظہار نہیں بلکہ اپنے مخالف کے لیے بھی آزادی اظہار کو تسلیم کرنا ہوگا۔

یہی جمہوریت کا اصل امتحان ہے۔

اگر ہم صرف اپنی آواز سننا چاہتے ہیں اور مخالف کی آواز دبانا چاہتے ہیں، تو پھر ہم جمہوریت نہیں بلکہ اپنی پسند کی حکمرانی چاہتے ہیں۔

اس لیے ہمیں ایک ایسے سیاسی اور سماجی کلچر کی ضرورت ہے جہاں قانون سب کے لیے برابر ہو، ادارے مضبوط ہوں اور شہری کو انصاف تک رسائی حاصل ہو۔

تیسرا نکتہ: حقیقی اور جامع نمائندگی

تیسرا اور شاید سب سے اہم سوال ہے: کیا ہماری نمائندگی واقعی عوام کی نمائندگی ہے؟

جمہوریت میں صرف یہ کافی نہیں کہ ہمارے نمائندے منتخب ہو جائیں۔ ضروری یہ ہے کہ وہ عوام کی آواز بھی سنیں۔

ہمارے معاشرے میں نوجوان ایک بہت بڑی آبادی ہیں۔ خواتین، اقلیتیں، مزدور، کسان، طلبہ، معذور افراد اور معاشرے کے مختلف کمزور طبقات بھی ہماری ریاست کا حصہ ہیں۔

اگر فیصلہ سازی کے عمل میں ان کی آواز کمزور ہے تو ہمیں سوچنا ہوگا کہ ہماری جمہوریت کتنی جامع ہے۔

ہمیں ایسی نمائندگی چاہیے جس میں صرف طاقتور اور بااثر طبقات ہی نہیں بلکہ عام شہری بھی اپنی آواز کو پارلیمنٹ، مقامی حکومت اور پالیسی سازی میں محسوس کرے۔

خاص طور پر مقامی حکومتوں کو مضبوط کرنا انتہائی ضروری ہے۔ کیونکہ جمہوریت کا آغاز صرف اسلام آباد یا صوبائی دارالحکومت سے نہیں ہوتا۔

جمہوریت کا آغاز محلے، گاؤں، شہر اور مقامی کمیونٹی سے ہوتا ہے۔

اگر شہری اپنے علاقے کی سڑک، پانی، تعلیم، صحت اور روزمرہ مسائل کے بارے میں فیصلہ سازی میں شریک نہیں، تو جمہوریت ان کی زندگی سے دور محسوس ہوگی۔

پاکستان کے مستقبل کے بارے میں

خواتین وحضرات،

پاکستان میں جمہوریت کا مستقبل صرف سیاست دانوں کی ذمہ داری نہیں ہے۔ یہ ذمہ داری ہم سب کی ہے۔

سیاسی جماعتوں کو اندرونی جمہوریت کو فروغ دینا ہوگا۔ میڈیا کو ذمہ دار اور آزاد کردار ادا کرنا ہوگا۔ سول سوسائٹی کو شہری حقوق کے لیے آواز بلند کرنی ہوگی۔ ریاستی اداروں کو آئینی حدود اور قانون کی حکمرانی کو مضبوط کرنا ہوگا۔ اور شہریوں کو بھی اپنے حقوق کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا ہوگا۔

ہمیں صرف یہ نہیں پوچھنا چاہیے کہ ریاست ہمارے لیے کیا کر رہی ہے؟ ہمیں یہ بھی پوچھنا چاہیے: ہم ایک بہتر جمہوری معاشرے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟

اختتام

آخر میں میں صرف ایک بات کہنا چاہوں گا۔

جمہوریت صرف ووٹ کا نام نہیں۔

جمہوریت آواز کا نام ہے۔

جمہوریت اختلاف کی گنجائش کا نام ہے۔

جمہوریت برابر حقوق کا نام ہے۔

اور جمہوریت اس یقین کا نام ہے کہ ہر شہری کی آواز اہم ہے۔

اگر ہم ایک ایسا پاکستان بنانا چاہتے ہیں جہاں جمہوریت مضبوط ہو تو ہمیں ایسے معاشرے کی تعمیر کرنا ہوگی جہاں کوئی سوال پوچھنے سے خوفزدہ نہ ہو، کوئی اختلاف کرنے کی وجہ سے دشمن نہ سمجھا جائے، کوئی اپنے حقوق سے محروم نہ ہو، اور کوئی شہری یہ محسوس نہ کرے کہ اس کی آواز بے معنی ہے۔

کیونکہ جمہوریت کی اصل کامیابی یہ نہیں کہ حکمران کون ہے۔ جمہوریت کی اصل کامیابی یہ ہے کہ شہری کتنا بااختیار ہے۔

اور میرا یقین ہے کہ اگر ہم جمہوری گنجائش، بنیادی حقوق اور حقیقی نمائندگی کو مضبوط کر دیں تو پاکستان کا جمہوری مستقبل نہ صرف محفوظ بلکہ زیادہ مضبوط اور باوقار ہوسکتا ہے۔

لندن تجارتی میلے میں شرکت کے انڈسٹریز کی قرعہ اندازی کا اجلاس کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ میں پاکستان ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تعاون سے لندن تجارتی میلے میں شرکت کے انڈسٹریز کی قرعہ اندازی کا اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت ڈیپارٹمنٹل کمیٹی چیمبر آف کامرس قیصر بیگ اور نائب صدر سلیمان شیخ نے کی۔ ڈیپارٹمنٹل کمیٹی ڈیپارٹمنٹل کمیٹی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 48)

چنیوٹ: تاجروں کی تقریب کے مناظر

مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
روزنامہ
سحر
Daily SEHAR
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسین اعوان



حدیث مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ .... (جامع ترمذی)

بائیک، رکشا، 800 سی سی تک گاڑیوں کیلیے

پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان

وزیراعظم نے عوام کو پیٹرول کی قیمت میں ریلیف دیتے ہوئے بائیک، رکشا، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑیوں کو پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف دینے کا اعلان کردیا۔ مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی اور عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وزیراعظم نے ایک بار پھر خصوصی ریلیف اسکیم کا اجرا کردیا۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری کردہ بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل، رکشا، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کا آغاز کیا جارہا ہے، خصوصی ریلیف اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشا، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ موٹر سائیکل، رکشا اور چنگچی سمیت دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ بیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دیا جائے گا، اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ تیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کردیا جائے گا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائے گا۔ وزیراعظم کے مطابق اس خصوصی ریلیف اسکیم کی رجسٹریشن کا اجراء آج سے کردیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا، اسکیم میں رجسٹریشن کے لیے موٹر سائیکل، رکشا اور چھوٹی گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکر گزار ہیں۔ جبکہ وفاقی حکومت نے سول سرونٹس کی خصوصی پے اسکیلز اور کنٹریکٹ عہدوں سے متعلق پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا اور اس سلسلے میں وزارت خزانہ نے آفس میمورنڈم جاری کردیا۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ کنٹریکچوئل پوزیشنز کو بھی خصوصی پے اسکیلز سے متعلق پالیسی میں شامل کرلیا گیا، ایم پی ایس،، پی پی ایس، اور ایس پی پی ایس کے ساتھ کنٹریکچوئل پوزیشنز بھی پالیسی کا حصہ ہوں گی۔ اوپن مسابقتی عمل کے ذریعے منتخب سول سرونٹس کو عہدہ سنبھالنے کی اجازت ہوگی، مذکورہ عہدوں پر منتخب سول سرونٹ کو ڈیپوٹیشن پر تصور کیا جائے گا منتخب سول سرونٹس پر ڈیپوٹیشن پالیسی کی شرائط وضوابط لاگو ہوں گے، سرکاری ملکیت میں اکثریتی حصص اور انتظامی حقوق رکھنے والے ادارے پالیسی میں شامل ہوں گے۔ رکاری ملکیت سے مراد حکومت کی اکثریتی ملکیت اور انتظامی اختیارات رکھنے والے ادارے ہوں گے، حکومت کی تعریف میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں شامل ہوں گی۔

بجلی لوڈشیڈنگ میں کمی اور زرعی ترقی کیلیے وزیراعظم شہباز شریف کے اقدامات

وزیراعظم شہباز شریف نے حالیہ دنوں میں بجلی کی صورتحال اور زرعی برآمدات کے حوالے سے جو ہدایات دی ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ حکومت کو ان دونوں شعبوں کی اہمیت کا بخوبی احساس ہے۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ جب ایک بار پھر عوام کے لیے پریشانی کا باعث بننے لگی تو وزیراعظم نے اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ آر ایل این جی کی ترسیل میں پیدا ہونے والی مشکلات کو دور کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور دستیاب وسائل کو بھرپور انداز میں استعمال کیا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ خطے کی موجودہ صورتحال، آبنائے ہرمز میں کشیدگی اور ترسیلی مشکلات کے باعث آر ایل این جی کی فراہمی متاثر ہوئی جس سے بجلی کی پیداوار میں کمی آئی۔

یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ عالمی حالات کا اثر پاکستان جیسے ملک پر بھی پڑتا ہے، لیکن ہر بحران ہمیں ایک سبق بھی دیتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہم ہر بار کسی بیرونی مسئلے کے سامنے آنے کے بعد ہی اپنے توانائی کے نظام کے بارے میں سوچیں گے؟ ہمیں اب یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ بجلی کے لیے ایسے ذرائع بھی مضبوط کیے جائیں جنہیں بیرونی حالات کم سے کم متاثر کرسکیں۔ پاکستان میں سورج کی روشنی کی کوئی کمی نہیں۔ پانی سے بجلی پیدا کرنے کے امکانات بھی موجود ہیں اور ہوا سے توانائی حاصل کرنے کے مواقع بھی۔ اس کے باوجود اگر ہماری معیشت ایک خاص ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹ سے متاثر ہوجاتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ توانائی کے شعبے میں ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔

وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ کسی بھی علاقے میں دو گھنٹے سے زیادہ لوڈشیڈنگ نہ ہو۔ یہ فیصلہ عوام کے لیے یقیناً خوش آئند ہے، کیونکہ بجلی کی بندش کا سب سے زیادہ اثر گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ چھوٹے کاروبار اور صنعت پر پڑتا ہے۔ ایک دکاندار، ایک چھوٹا کارخانہ دار یا گھر سے کام کرنے والا شخص بجلی کی غیر یقینی صورتحال میں اپنی سرگرمیاں جاری نہیں رکھ سکتا۔ اسی طرح ڈسکوز کی سطح پر کنزیومر گریوینس ریڈریسل کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ بھی اہم ہے۔

دوسری طرف زرعی شعبے کے حوالے سے وزیراعظم کی توجہ بھی انتہائی اہم ہے۔ ہمارے کسان دن رات محنت کرتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ ان کی محنت کا پورا معاشی فائدہ ملک کو کیوں نہیں مل رہا؟ گزشتہ مالی سال پاکستان کی زرعی برآمدات 5.18 ارب ڈالر رہیں۔ چاول، مچھلی، گوشت، آلو، تل، تمباکو، آم اور مکئی ہماری اہم برآمدی مصنوعات میں شامل ہیں۔ یہ اعداد وشمار بتاتے ہیں کہ پاکستان کے پاس عالمی منڈی میں جگہ بنانے کی صلاحیت موجود ہے۔ ضرورت صرف اس صلاحیت کو بہتر منصوبہ بندی کے ساتھ استعمال کرنے کی ہے۔ ہمیں اب صرف زیادہ پیداوار حاصل کرنے کی بات نہیں کرنی چاہیے بلکہ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ پیداوار کا معیار کیا ہے، اسے محفوظ کیسے رکھا جائے گا اور عالمی منڈی تک کیسے پہنچایا جائے گا۔ آم، پھل، سبزیاں، گوشت اور دودھ جیسی مصنوعات اگر جدید طریقے سے پراسیس کرکے برآمد کی جائیں تو ان سے کہیں زیادہ زرمبادلہ حاصل ہوسکتا ہے۔ دنیا بدل چکی ہے اب صرف خام مال بیچنے سے زیادہ فائدہ نہیں ہوتا جو ملک اپنی مصنوعات کو تیار کرکے خوبصورت پیکنگ کے ساتھ اور عالمی معیار کے مطابق مارکیٹ میں پیش کرتا ہے وہ زیادہ کماتا ہے۔ پاکستان کو بھی اسی راستے پر تیزی سے آگے بڑھنا ہوگا۔



نظر کے سامنے
ڈاکٹر جمشید نظر
nazarjamshaid@gmail.com

وزیراعظم نے بیرون ملک پاکستانی مشنز میں تعینات کمرشل افسران کو نئی منڈیاں تلاش کرنے اور پاکستانی زرعی مصنوعات کی عالمی سطح پر رسائی بڑھانے میں کردار ادا کرنے کی ہدایت کی ہے۔ یہ ایک درست سمت ہے ہمیں روایتی مارکیٹوں سے آگے دیکھنا ہوگا اور ان ممالک تک رسائی حاصل کرنا ہوگی جہاں پاکستانی زرعی مصنوعات کی طلب پیدا کی جاسکتی ہے تاہم اس پورے عمل میں وفاق اور صوبوں کے درمیان رابطہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کسان کو بہتر بیج، پانی، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور مناسب قیمت ملے گی تو پیداوار بڑھے گی۔ پیداوار بڑھے گی تو برآمدات کے امکانات بڑھیں گے اور برآمدات بڑھیں گی تو ملک کو قیمتی زرمبادلہ حاصل ہوگا۔ پاکستان کے پاس وسائل بھی ہیں، محنت کرنے والے لوگ بھی اور دنیا کی منڈیوں تک پہنچنے کی صلاحیت بھی۔ کمی صرف مستقل مزاجی، بہتر منصوبہ بندی اور فیصلوں پر پوری سنجیدگی سے عملدرآمد کی ہے۔ اگر یہ تین چیزیں میسر آجائیں تو موجودہ مشکلات ہی پاکستان کی معاشی بہتری کا نقطۂ آغاز بن سکتی ہیں۔

"چار دیواری کا تقدس اور قلم کی حرمت"

کالم نگار
محمد نوید بھٹی پتوکی
pattokinews049@gmail.com

* "دنیا کے فرعون تمہیں جینے نہیں دیں گے۔ اگر سر اٹھا کر جینا ہے تو میڈیا سے دوستی کرلو یہ جملہ آج کے پاکستان میں صرف نعرہ نہیں رہا۔ یہ ہر اس گھر کی چیخ بن گیا ہے جس کی دہلیز پر ریاست کا ہاتھ پڑتا ہے 13 ستمبر 2026 کو کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز CPNE نے جو پریس ریلیز جاری کی اس نے ایک بار پھر ثابت کردیا کہ ہمارے ہاں قانون کی کتابیں تو موجود ہیں، لیکن قانون کی حکمرانی کہیں گم ہوگئی ہے سی پی این ای کے مرکزی صدر کاظم خان اور اسٹینڈنگ کمیٹی کے رکن وسینئر صحافی ٹی وی اینکر ذوالفقار احمد راحت کے گھر نارنگ منڈی میں مبینہ پولیس کارروائی ہوئی۔ الزام سیاسی کارکنوں کی گرفتاری کا تھا۔ لیکن جس گھر کی چار دیواری پامال ہوئی اس کا کسی سیاسی سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں تھا پریس ریلیز کے الفاظ پڑھیے "بلا جواز گھر میں داخل ہونا، خواتین سے بدتمیزی کرنا، چار دیواری کے تقدس کو پامال کرنا اور اہل خانہ کو ہراساں کرنا یہ تین لائنیں ایک پورے نظام کی ناکامی کا نوحہ ہیں پولیس کا کام تحفظ ہے یا خوف؟ آئین پاکستان کا آرٹیکل 14 کہتا ہے ہر شہری کی عزت نفس اور گھر کی حرمت قانون کے تحفظ میں ہوگی فوجداری قانون کے تحت کسی کے گھر میں داخلے کے لیے سرچ وارنٹ، مجسٹریٹ کا حکم اور قانونی جواز لازم ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ نارنگ منڈی میں کیا ہوا؟

اگر کوئی مقدمہ تھا تو قانونی راستہ کیوں نہیں اپنایا گیا اگر گرفتاریاں مقصود تھیں تو متعلقہ افراد کے گھر کیوں نہیں گئے صحافی کے گھر کا انتخاب کیوں کیا گیا کاظم خان نے بالکل درست کہا پولیس کا فرض شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے، نہ کہ شریف شہریوں کے گھروں میں داخل ہو کر خوف و ہراس پیدا کرنا جب ریاست کے رکھوالے ہی قانون توڑیں گے تو پھر عام شہری 15 پر کال کیوں کرے؟ جب پولیس خود خوف کی علامت بن جائے تو پھر انصاف کا دروازہ کون کھٹکھٹائے نشانہ ایک صحافی کا گھر کیوں بنا یہاں سب سے اہم نکتہ یہ ہے۔ ذوالفقار احمد راحت کوئی عام شہری نہیں۔ CPNE کی سٹینڈنگ کمیٹی کے رکن ہیں۔ دہائیوں سے صحافت کررہے ہیں۔ ان کا قلم اور ان کی آواز ہمیشہ مظلوم کے ساتھ کھڑی رہی ہے تو کیا یہ محض اتفاق ہے ہرگز نہیں تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کوئی فرعون کمزور پڑتا ہے تو وہ سب سے پہلے قلم پر حملہ کرتا ہے۔ کیونکہ وہ جانتا ہے کہ تلوار جسم مار سکتی ہے، لیکن قلم نظریہ کو زندہ رکھتا ہے یہ کارروائی ایک پیغام تھی۔ پیغام یہ کہ "اگر تم نے سوال کیا، اگر تم نے سچ دکھایا، اگر تم نے اقتدار کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کی تو تمہارا گھر بھی محفوظ نہیں یہ پیغام صرف ذوالفقار راحت کے لیے نہیں تھا۔ یہ پیغام ہر اس رپورٹر کے لیے تھا جو چھانگا مانگا میں لاپتہ بچوں کی خبر کرتا ہے۔ ہر اس اینکر کے لیے تھا جو امام مسجد کی چوری شدہ موٹر سائیکل پر پروگرام کرتا ہے۔ ہر اس ایڈیٹر کے لیے تھا جو سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی صلح کی خبر کے ساتھ ساتھ ناانصافی کی خبر بھی چھاپتا یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں بدقسمتی سے یہ سلسلہ نیا نہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہم نے دیکھا صحافیوں پر FIR، چینلز کی بندش، اشتہارات کی بندش، اغوا، تشدد، دھمکیاں، اور اب براہ راست گھروں پر چھاپہ کبھی جواز "قومی سلامتی" بنتا ہے۔ کبھی "اداروں کی تضحیک"۔ اور اب نیا جواز "سیاسی کارکنوں کی گرفتاری لیکن مقصد ایک ہی ہے: قلم کو ڈرانا، سچ کو دبانا، سوال کو ختم کرنا جب ایک سینئر صحافی کا گھر محفوظ نہیں تو پھر عام شہری کا کیا حال ہوگا؟ جب ریاست کے ادارے ہی قانون کو پامال کریں گے تو پھر عدالتوں سے انصاف کی امید کون رکھے گا سی پی این ای کا موقف: ریاست کے نام 3 مطالبات سی پی این ای پاکستان کی سب سے قدیم اور معتبر صحافتی تنظیم ہے۔ اس کے مرکزی صدر کاظم خان نے جو مطالبات کیے وہ ذاتی نہیں، قومی ہیں: 1 فوری نوٹس

آئی جی پنجاب سے مطالبہ ہے کہ وہ 24 گھنٹے کے اندر اس واقعے کا نوٹس لیں تاخیر کا مطلب ہوگا کہ ریاست کو فرق نہیں پڑتا 2 ملوث اہلکاروں کی معطلی*

جو پولیس پارٹی اس کارروائی میں شامل تھی اسے فوری معطل کیا جائے تا کہ شفاف انکوائری ممکن ہو۔ ورنہ "اپنے ہی اپنے کا احتساب" ایک ڈرامہ بن کر رہ جائے گا 3 اعلیٰ سطحی شفاف انکوائری یہ معاملہ تھانے کی سطح پر دبانے والا نہیں۔ اس کی جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیے تاکہ قوم کو پتہ چلے کہ حکم کس نے دیا، کس کے کہنے پر ہوا، اور اس کے پیچھے مقصد کیا تھا سی پی این ای نے واضح کہا صحافی برادری کے گھروں اور خاندانوں کو کسی بھی قسم کے دباؤ یا ہراسانی کا نشانہ بنانا آزادی صحافت اور شہری آزادیوں کے لیے تشویشناک ہے امن پریس کلب پتوکی صدر محمد نوید بھٹی اور ٹیم CPNE کے اس موقف کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری ایکشن لے چار دیواری کا تقدس: ایک قومی مسئلہ ہمارے کلچر میں "گھر" صرف چار دیواری کا نام نہیں۔ گھر عزت ہے۔ گھر پردہ ہے۔ گھر پناہ ہے جب ریاست خود اس پناہ کو توڑے گی تو عوام جائے گا کہاں جب پولیس خواتین سے بدتمیزی کرے گی تو پھر معاشرے میں عزت کا تصور کہاں رہے گا یہ واقعہ صرف ذوالفقار راحت کا نہیں۔ یہ ہر استاد کا ہے، ہر ڈاکٹر کا ہے، ہر تاجر کا ہے، ہر امام مسجد کا ہے۔ کیونکہ کل کو کسی پر بھی "سیاسی" کا لیبل لگا کر اس کے گھر پر دھاوا بولا جا سکتا ہے تاریخ کا سبق فرعون اور قلم کی جنگ انسان کی تاریخ فرعون اور قلم کی جنگ کی تاریخ ہے نمرود نے ابراہیم علیہ السلام کے سچ کو آگ سے بجھانا چاہا۔

فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کی زبان بند کرنا چاہی شداد نے اپنی جنت بنا کر خدا کو للکارا لیکن نتیجہ کیا نکلا؟ قلم جیت گیا۔ سچ جیت گیا۔ ظالم مٹ گئے آج کا فرعون بھی وہی غلطی دہرا رہا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ صحافی کو ڈرا کر وہ بیانیہ کنٹرول کرلے گا۔ لیکن وہ یہ بھول جاتا ہے کہ اب 2026 ہے۔ اب ہر موبائل ایک چینل ہے۔ ہر شہری ایک رپورٹر ہے آپ ایک ذوالفقار راحت کا گھر بند کریں گے تو دس نئے ذوالفقار کھڑے ہوجائیں گے۔ آپ ایک چینل بند کریں گے تو سو یوٹیوب چینل کھل جائیں گے حکومت اور ریاست کی ذمہ داری پنجاب حکومت دعویٰ کرتی ہے کہ وہ "عوامی حکومت" ہے۔ وزیراعلیٰ صاحبہ بار بار کہتی ہیں "پولیس عوام کی خادم ہے تو اب وقت ہے ثابت کرنے کا اس واقعے پر فوری ایکشن لے کر ثابت کیجیے کہ ریاست قانون سے بالاتر نہیں ثابت کیجیے کہ صحافی بھی اس ملک کے برابر کے شہری ہیں اور ان کے گھر بھی اتنے ہی مقدس ہیں جتنے کسی وزیر یا بیوروکریٹ کے گھر خاموشی سب سے بڑا جرم ہوگی۔ کیونکہ خاموشی کا مطلب ہوگا "ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا"۔ اور جس ریاست کو اپنے شہریوں کی عزت کا فرق نہ پڑے وہ ریاست زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتی صحافتی برادری کا ردعمل اور ہماری ذمہ داری*

اس واقعے کی PFUJ، APNS، PBA سمیت تمام صحافتی تنظیموں نے مذمت کی ہے۔ کیونکہ سب جانتے ہیں کہ آج اگر ہم چپ رہے تو کل ہماری باری ہیاسی لیے ہم بار بار کہتے ہیں صحافت پر حملہ نہ منظور " کب تک صحافی حملوں کی زد میں رہیں گے "آخر کب تک یہ اجارہ داری چلے گی صحافت کا کام حکومت کی ترجمانی کرنا نہیں۔ صحافت کا کام عوام کی آواز بننا ہے۔ اور جب عوام کی آواز کو گھروں میں گھس کر دبایا جائے گا تو پھر تصادم ناگزیر ہو جائے گا ریاست کے پاس اب صرف دو راستے ہیں پہلا راستہ: * فوری انصاف، شفاف انکوائری، ملوث افراد کو قرار واقعی سزا۔ اس سے ریاست کا وقار بڑھے گا۔ عوام کا اعتماد بحال ہوگا۔ اور دنیا کو پیغام جائے گا کہ پاکستان میں قانون کی حکمرانی ہیدوسرا راستہ:* خاموشی، لیت و لعل، معاملے کو دبانا۔ اس سے ریاست کی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔ اور یہ پیغام جائے گا کہ یہاں طاقتور قانون سے بالاتر ہے یاد رکھیں۔ جب ریاست اور صحافت آمنے سامنے آ جائیں تو نقصان ہمیشہ ریاست کا ہوتا ہے۔ کیونکہ تاریخ صحافیوں کو ہیرو کے طور پر یاد رکھتی ہے، اور ظالموں کو ولن کے طور پر دنیا کے فرعون تمہیں جینے نہیں دیں گے **- یہ تلخ حقیقت ہیاگر سر اٹھا کر جینا ہے تو میڈیا سے دوستی کرلو**۔ یہ واحد حل ہیذوالفقار احمد راحت کے گھر پر ہونے والا حملہ صرف ایک گھر پر حملہ نہیں۔ یہ ہر اس گھر پر حملہ ہے جو سچ سننا چاہتا ہے۔ یہ ہر اس قلم پر حملہ ہے جو سوال کرنا چاہتا ہے۔ یہ ہر اس کیمرے پر حملہ ہے جو ظلم دکھانا چاہتا ہیاس لیے اب فیصلہ ہمیں کرنا ہے۔ یا تو ہم سر جھکا کر جییں، یا سر اٹھا کر اور سر اٹھا کر جینے کے لیے ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ CPNE ذوالفقار راحت کے ساتھ کھڑی ہے۔ پوری صحافتی برادری کھڑی ہے۔ اب قوم کو بھی کھڑا ہونا ہوگا کیونکہ آخر میں جیت ہمیشہ سچ کی ہوتی ہے۔ اور "قلم کی ایک سیاہی، ظلم کی ہزار تلواروں پر بھاری ہے۔

ہاں، میں باغی ہوں

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

جی ہاں، میں ایک باغی ہوں، لیکن میری بغاوت حکومت، فوج یا اداروں کے خلاف نہیں ہے؛ یہ انارکی، تشدد، نفرت، دہشت گردی، بدعنوانی، غلط معلومات، تفریق اور ہر اس چیز کے خلاف ہے جو پاکستان یا پاک فوج کو نقصان پہنچاتی ہے۔ میرا ماننا ہے کہ سچی بغاوت کا مقصد تباہی، بدنظمی یا اداروں کو توڑنا نہیں بلکہ افراتفری کے سامنے مضبوطی سے کھڑے ہونا اور سچائی، امن اور دیانت داری، انصاف، احتساب، اتحاد اور قانون کی حکمرانی کا انتخاب کرنا ہے۔ میری یہ بغاوت پاکستان سے محبت اور اس آزادی و سلامتی کے لیے شکر گزاری کے جذبے سے پیدا ہوتی ہے جو اس قوم کے شہداءؒ، جوانوں، افسران اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کی بدولت ممکن ہوئی ہے—قیام پاکستان اور ماضی کی جنگوں سے لے کر دہشت گردی کے خلاف جنگ اور ہماری سرحدوں کے دفاع تک۔ میں ان لوگوں کو مسترد کرتا ہوں جو شکایات کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں، پروپیگنڈا پھیلاتے ہیں، شہریوں اور اداروں کے درمیان بے اعتمادی پیدا کرتے ہیں، لسانی یا مذہبی تفریق کو فروغ دیتے ہیں یا پرامن احتجاج کو تشدد میں بدلتے ہیں۔ اس کے بجائے میرا یقین ہے کہ جھوٹ کا جواب سچ سے، تشدد کا جواب امن سے، نفرت کا جواب محبت سے اور بدعنوانی کا جواب دیانت داری سے دیا جانا چاہیے۔ میں پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہوں اور ملک کے اتحاد، خودمختاری، سلامتی اور اداروں کی حفاظت کے لیے پرعزم ہوں۔

مجھے پاکستان کے نوجوانوں سے بے پناہ امیدیں ہیں کیونکہ میں انہیں تاریخ کے خاموش تماشائی کے طور پر نہیں بلکہ قوم کے مستقبل کے فعال معماروں کے طور پر دیکھتا ہوں۔ وہ تعلیم، تحریک، باہمی رابطوں اور مثبت تبدیلی کے لیے ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ کا استعمال کر رہے ہیں؛ سیمینارز میں شرکت کر رہے ہیں، مطالعہ کر رہے ہیں، بحث ومباحثہ کر رہے ہیں، موجودہ نظام پر تعمیری انداز میں سوال اٹھا رہے ہیں، حل پیش کر رہے ہیں، رضاکارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں، غریبوں کی مدد کر رہے ہیں، صفائی کی مہمات میں حصہ لے رہے ہیں، درخت لگا رہے ہیں اور اپنے معاشرے کی خدمت کر رہے ہیں۔ وہ بے حسی، لاپروائی، مایوسی اور اس سوچ کے خلاف بغاوت کر رہے ہیں کہ کچھ بدل نہیں سکتا اور ساتھ ہی ایک متحرک، خوشحال، پرامن اور پرامید پاکستان کا تصور قائم کر رہے ہیں۔ میرا ماننا ہے کہ اس توانائی کو نوجوانوں کے پلیٹ فارمز، رہنمائی، تعلیم، مہارتوں کی ترقی، کاروباری صلاحیتوں، جدت طرازی، مطالعہ، تنقیدی سوچ اور پروپیگنڈے و غلط معلومات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کے ذریعے ایک مرکوز اور دیرپا قومی کوشش میں ڈھالنا چاہیے۔ ہمیں نوجوانوں کو ان کی سلامتی کے لیے دی جانے والی قربانیوں سے آگاہ کر کے اور انہیں اپنے اپنے طریقوں سے قومی دفاع میں اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دے کر ان کے اور مسلح افواج کے درمیان رشتے کو بھی مضبوط کرنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمیں رواداری، باہمی احترام، امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ہوگا اور یہ سکھانا ہوگا کہ باغی ہونے کا مطلب فساد پھیلانے کے بجائے مسائل کا حل نکالنے والا، تباہ کرنے کے بجائے تعمیر کرنے والا اور تقسیم کرنے کے بجائے جوڑنے والا بننا ہے۔ ہمیں دیانت داری، ہمت، ہمدردی اور پاکستان اور اس کے پرچم سے اٹوٹ وفاداری کے ذریعے عملی مثال قائم کرنی چاہیے۔

یہ میری بغاوت کا جوہر ہے: اس کی جڑیں نفرت کے بجائے محبت، خوف کے بجائے امید، شک کے بجائے ایمان اور ماضی میں قید رہنے کے بجائے مستقبل سے وابستگی میں پیوست ہیں۔ یہ دیواریں اٹھانے کے بجائے پل بنانے، تصادم کے بجائے امن، الگ تھلگ کرنے کے بجائے شمولیت، تکبر کے بجائے عاجزی، جلد بازی کے بجائے صبر، بے پروائی کے بجائے دانشمندی اور اندھے یا انتہاپسندانہ قوم پرستی کے بغیر حب الوطنی کی خواہش مند ہے۔ اسے پاکستان کے ورثے پر فخر ہے لیکن وہ اس کی خامیوں سے بھی باخبر ہے، یہ تباہ کن ہوئے بغیر تنقیدی ہے، پرتشدد ہوئے بغیر پرجوش ہے، ضد کے بغیر پرعزم ہے، سخت گیر ہوئے بغیر مضبوط ہے اور ہٹ دھرمی کے بغیر اصول پسند ہے۔ یہ ماضی کی قربانیوں سے روشنی لیتی ہے لیکن ایک بہتر مستقبل کی تخلیق پر مرکوز ہے؛ یہ شہداءؒ کا احترام کرتی ہے اور ساتھ ہی زندوں کے لیے کام کرتی ہے، قربانیوں کو یاد رکھتی ہے اور ساتھ ہی ترقی کے لیے کوشاں رہتی ہے، چیلنجوں کا اعتراف کرتی ہے اور ساتھ ہی مواقع کو پہچانتی ہے، غیر محفوظ لوگوں اور ملک کی حفاظت کرنے والوں دونوں کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے، قانون کا احترام کرتی ہے اور ساتھ ہی انصاف کا مطالبہ کرتی ہے، افراد کی قدر کرتی ہے اور ساتھ ہی اجتماعی ذمہ داری کو تسلیم کرتی ہے اور حب الوطنی، نظریات، عمل داری، دانشمندی اور عمل کو یکجا کرتی ہے۔ میرے لیے یہ امید، وفاداری، خدمت، اتحاد اور پاکستان سے محبت کی ایک پرامن، مسلسل اور اجتماعی بغاوت ہے—ایک ایسی بغاوت جو ملک کو تباہ کرنے کی نہیں بلکہ اسے آنے والی نسلوں کے لیے مضبوط، محفوظ اور تعمیر کرنے کی جستجو رکھتی ہے۔

?اس بغاوت میں ہم ایک نئی ثقافت پیدا کر رہے ہیں، ذمہ داری کی ثقافت، محاسبے کی ثقافت اور عمدگی کی ثقافت۔ ہم ایک نئی سوچ پیدا کر رہے ہیں، ایک ایسی سوچ جو کہتی ہے کہ ہم کسی بھی رکاوٹ پر قابو پاسکتے ہیں، ہم کسی بھی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں اور ہم کوئی بھی ہدف حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم ایک نئی شناخت بنا رہے ہیں، ایک ایسی شناخت جو فخر سے پاکستانی ہے، لیکن عالمگیر انسانی بھی ہے۔ ہم ایک نیا بیانیہ بنا رہے ہیں، فتح کا بیانیہ، استقامت کا بیانیہ اور عظمت کا بیانیہ۔ یہ وہ بغاوت ہے جس کا حصہ بننے پر مجھے فخر ہے اور یہ وہ بغاوت ہے، جس میں شامل ہونے کی دعوت میں ہر پاکستانی کو دیتا ہوں۔ ہمارے آگے ایک لمبا اور مشکل راستہ ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ انارکی، تشدد، نفرت، دہشت گردی اور بدعنوانی کی قوتیں طاقتور اور گہری جڑیں رکھتی ہیں۔ ان کے پاس وسائل ہیں، نیٹ ورکس ہیں اور اندھیرے میں کام کرنے کا فائدہ ہے۔ لیکن ہمارے پاس ایک ایسی چیز ہے جو ان کے پاس نہیں ہے۔ ہمارے پاس سچائی ہے، ہمارے پاس اعلیٰ اخلاقی موقف ہے اور ہمارے پاس اپنے وطن کی محبت ہے۔ ہمارے پاس اتحاد کی طاقت، یکجہتی کی طاقت اور اجتماعی عمل کی طاقت ہے۔ ہمارے پاس نوجوان ہیں، جو مستقبل ہیں اور ہمارے پاس فوج ہے، جو حال کی ڈھال ہے۔ ہمارے پاس ہماری تاریخ ہے، جو ہماری استقامت کی گواہ ہے اور ہمارے پاس ہمارا ایمان ہے، جو ہمیں طاقت دیتا ہے۔ ہمارے پاس ہمارے خاندان ہیں، جو ہمارا سہارا ہیں اور ہمارے پاس ہمارے دوست ہیں، جو ہمارے ساتھی ہیں۔ ہمارے پاس کامیاب ہونے کے لیے ہر ضروری چیز موجود ہے اور ہم کامیاب ہوں گے، کیونکہ ہمارے پاس اور کوئی راستہ نہیں ہے۔ ناکامی ہمارے لیے کوئی اختیار نہیں ہے، کیونکہ ناکامی کا مطلب ہمارے خوابوں کا خاتمہ، ہماری امیدوں کا خاتمہ اور ہمارے پاکستان کا خاتمہ ہوگا۔ اور یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی اجازت ہم کبھی نہیں دیں گے۔ ہم لڑیں گے، ہم جدوجہد کریں گے، ہم محنت کریں گے اور ہم ثابت قدم رہیں گے۔ ہم بغاوت کریں گے، ہم مزاحمت کریں گے اور ہم دوبارہ تعمیر کریں گے۔ ہم یہ سب اپنے چہروں پر مسکراہٹ، اپنے لبوں پر دعا اور اپنے دلوں میں آگ کے ساتھ کریں گے۔ اور جب ہم اس لمحے کو پیچھے مڑ کر دیکھیں گے تو ہم کہیں گے کہ یہی وہ وقت تھا جب ہم نے سچے باغی بننے کا فیصلہ کیا تھا، وہ باغی جنہوں نے ہماری قوم کو بچایا، وہ باغی جنہوں نے ہمارا مستقبل بنایا اور وہ باغی جنہوں نے ہمارے پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا۔ ہاں، میں ایک باغی ہوں، اور میں اپنی آخری سانس تک باغی رہوں گا، کیونکہ میری بغاوت وہ سب سے اعلیٰ مقصد ہے جس کے لیے میں اپنی زندگی وقف کرسکتا ہوں۔ یہ پاکستان کا مقصد ہے، امن کا مقصد ہے اور انسانیت کا مقصد ہے۔

اپنا گھر—خواب سے حقیقت تک

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

اپنا گھر انسان کی بنیادی ضرورت ہی نہیں، اس کی عزت نفس، ذہنی سکون اور مستقبل کے تحفظ کی علامت بھی ہے۔ اسی لیے تو گھر کو جنت کہتے ہیں۔ پاکستان میں ایک عام آدمی جب ملازمت یا کاروبار شروع کرتا ہے تو اس کی بڑی خواہشات میں ایک خواہش یہ ضرور ہوتی ہے کہ زندگی میں کسی نہ کسی طرح اپنی چھت بنالے۔ مگر ہوش ربا مہنگائی، زمین کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، تعمیراتی اخراجات اور محدود آمدن نے متوسط طبقے کے لیے یہ خواب تقریباً ناممکن بنا دیا ہے۔ یہ طبقہ ساری عمر کرائے کے مکان میں رہنے پر مجبور ہے۔ ایک سرکاری ملازم ہو، استاد ہو، کلرک ہو، نرس ہو، چھوٹا تاجر ہو یا نجی ادارے کا ملازم، بیشتر لوگ ساری عمر کرایہ دیتے دیتے ریٹائر ہو جاتے ہیں مگر اپنی چھت کا خواب پورا نہیں کر پاتے۔

ایسے ماحول میں حکومت کی جانب سے کم آمدن اور متوسط طبقے کے لیے سستی رہائش کو ترجیح دینا بلاشبہ قابل تحسین اقدام ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی "اپنا گھر" اسکیم اسی سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ اپریل 2026 میں اس پروگرام کے آغاز کے وقت 20 سال تک کی مدت کے لیے 10 ملین روپے تک کے قرضوں کا اعلان کیا گیا تھا، جبکہ حکومت نے آئندہ چار برسوں میں پانچ لاکھ گھروں کی فنانسنگ کا ہدف بھی مقرر کیا۔

اس پروگرام کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ستمبر 2026 تک 147,504 درخواستیں موصول ہو چکی تھیں، جن میں سے 53,127 منظور کی گئیں، جبکہ 8,739 افراد کو 45.43 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔ وزیراعظم نے اب صوبائی چیف سیکریٹریوں کو ایسی جائیدادوں کا جامع سروے کرنے کی ہدایت بھی کی ہے جنہیں گھر بنانے کے خواہش مند افراد کے لیے قرضوں کے حصول میں استعمال کیا جا سکے۔ یہ پیش رفت اور اعداد وشمار حوصلہ افزا ضرور ہیں، مگر اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب "اپنا گھر" محض قرض لینے کی اسکیم نہ رہے بلکہ عام آدمی کے لیے واقعی اپنی چھت حاصل کرنے کا قومی پروگرام بن جائے۔

اس سلسلے میں حکومت کو ایک قدم آگے بڑھ کر متوسط اور نچلے متوسط طبقے کے لیے خود بھی خصوصی رہائشی کالونیاں تعمیر کرنی چاہئیں۔ ان مکانات یا فلیٹس کی ادائیگی کم از کم بیس سال کی آسان اقساط میں رکھی جائے اور ماہانہ قسط اتنی ہو جو ایک عام خاندان کی آمدن کے تناسب سے قابل برداشت ہو۔ اگر کوئی شخص آج تیس یا چالیس ہزار روپے کرایہ ادا کر رہا ہے تو اسے اسی کے قریب رقم میں اپنے گھر کی قسط ادا کرنے کا موقع مل جائے تو وہ کرایہ دار سے مالک بن سکتا ہے۔

یہاں حکومت کے لیے ایک اور قابل عمل راستہ کثیر المنزلہ ہاؤسنگ کالونیاں ہیں۔ بڑے شہروں میں زمین انتہائی مہنگی ہے۔ ہر خاندان کے لیے الگ پلاٹ فراہم کرنا نہ صرف مہنگا بلکہ شہری منصوبہ بندی کے اعتبار سے بھی مشکل ہے۔ اس کے مقابلے میں کئی منزلہ عمارات تعمیر کرکے کم رقبے میں زیادہ خاندانوں کو باعزت رہائش فراہم کی جا سکتی ہے۔ البتہ یہ عمارات محض کنکریٹ کے ڈبے نہ ہوں بلکہ جدید شہری سہولتوں سے آراستہ مکمل رہائشی بستیاں ہوں۔

ہر ہاؤسنگ کالونی میں اسکول، بنیادی مرکز صحت، مسجد، پارک، کھیل کا میدان، مارکیٹ، صاف پانی، سیوریج، بجلی، سولر سہولت اور پبلک ٹرانسپورٹ کا مناسب انتظام ہونا چاہیے۔ آخر گھر صرف چار دیواروں کا نام نہیں؛ اگر شہری کو بچوں کے اسکول، علاج اور روزگار کے لیے روزانہ کئی گھنٹے سفر کرنا پڑے تو سستی رہائش کا مقصد ادھورا رہ جائے گا۔

اس پروگرام میں میرٹ اور شفافیت سب سے بنیادی شرط ہونی چاہیے۔ حکومت کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ہاؤسنگ اسکیمیں سیاسی وابستگی، سفارش یا اثر ورسوخ رکھنے والوں کے لیے مراعات کا ذریعہ نہ بنیں۔ مکان کی فراہمی کے لیے درخواست گزار کی آمدن، خاندان کے افراد، پہلے سے موجود جائیداد اور رہائش کی حقیقی ضرورت کو بنیاد بنایا جائے۔ درخواست سے لے کر الاٹمنٹ تک تمام مراحل ڈیجیٹل اور قابل نگرانی ہوں، جبکہ قرعہ اندازی کی صورت میں بھی مکمل شفافیت اختیار کی جائے۔

رہائشی مکانات کی الاٹمنٹ میں سرکاری ملازمین کو ترجیح دینا مناسب ہوسکتا ہے کیونکہ استاد، پولیس اہلکار، نرس، کلرک اور دیگر ملازمین اپنی پوری زندگی ریاستی اور عوامی خدمت میں گزار دیتے ہیں، انہیں رہائشی سہولت ضرور ملنی چاہیے۔ لیکن اس پروگرام کا دائرہ نجی شعبے کے ملازمین، چھوٹے کاروباری افراد اور حقیقی مستحق خاندانوں تک بھی پھیلایا جانا چاہیے۔ پاکستان میں ہاؤسنگ کا مسئلہ اتنا بڑا ہے کہ اسے کسی ایک طبقے تک محدود نہیں کیا جاسکتا۔

حکومت کے پاس موجود غیر استعمال شدہ سرکاری اراضی بھی اس مقصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ اگر مختلف شہروں میں سرکاری اداروں کی فاضل زمین کو شفاف طریقے سے کم لاگت کی ہاؤسنگ کے لیے مختص کیا جائے تو مکان کی مجموعی قیمت میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔ اسی طرح نجی شعبے کو بھی مراعات دے کر کم قیمت رہائشی منصوبوں میں شریک کیا جاسکتا ہے۔ حکومت پہلے ہی تعمیراتی شعبے میں نجی سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی حوصلہ افزائی کی سمت میں کام کر رہی ہے، جسے مزید مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔

ایک اور اہم ضرورت تعمیراتی لاگت کم کرنا ہے۔ اگر حکومت بڑے پیمانے پر تعمیراتی سامان خریدنے کے لیے اجتماعی خریداری کا نظام بنائے، مقامی صنعت کو مراعات دے اور معیاری مگر کم لاگت تعمیراتی ڈیزائن متعارف کرائے تو مکان کی قیمت مزید کم ہوسکتی ہے۔ اس کے ساتھ سولر پینلز، توانائی بچانے والی تعمیر اور بارش کے پانی کے بہتر استعمال کو بھی منصوبے کا حصہ بنایا جانا چاہیے تاکہ گھر ملنے کے بعد بجلی اور پانی کے اخراجات بھی کم رہیں۔

یہ بھی خوش آئند ہے کہ حکومت نے کم لاگت ہاؤسنگ فنانس کے لیے مالی معاونت کا سلسلہ آگے بڑھایا ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کو دی گئی بریفنگ کے مطابق موجودہ ہاؤسنگ فنانس پروگرام کا مقصد کم اور متوسط آمدن والے خاندانوں کو گھر کا مالک بنانا اور تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ ضرورت صرف یہ ہے کہ اس پورے عمل میں رفتار، شفافیت اور تسلسل برقرار رہے۔ قرض منظور ہونے اور رقم ملنے کے درمیان غیر ضروری تاخیر، بینکوں کی پیچیدہ شرائط، کاغذی کارروائی اور جائیداد کے قانونی مسائل عام آدمی کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن سکتے ہیں۔ حکومت کو "ایک ونڈو" نظام متعارف کرانا چاہیے جہاں شہری کو قرض، نقشہ، منظوری، رجسٹری اور دیگر معاملات کے لیے مختلف دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔

اگر "اپنا گھر" پروگرام اس انداز میں آگے بڑھتا ہے تو اس کے فوائد صرف ہاؤسنگ تک محدود نہیں رہیں گے۔ لاکھوں گھروں کی تعمیر سے سیمنٹ، سریا، اینٹ، ٹائل، لکڑی، فرنیچر، بجلی، پلمبنگ اور تعمیراتی مزدوری سمیت درجنوں شعبوں میں روزگار پیدا ہوگا۔ یوں ایک گھر کی تعمیر دراصل معیشت کے کئی پہیوں کو حرکت دے گی۔

وزیراعظم کا یہ اقدام اس لیے بھی قابل ستائش ہے کہ اپنی چھت کسی شہری کے لیے محض جائیداد نہیں، زندگی بھر کی محنت کا حاصل ہوتی ہے۔ جس دن ایک کرایہ دار کو اپنے گھر کی چابی ملتی ہے، اس دن اس کے خاندان کو صرف ایک مکان نہیں ملتا، اسے مستقبل کا اطمینان، بچوں کے لیے تحفظ اور زندگی میں ایک مستقل سہارا ملتا ہے۔ دیکھا جائے تو حکومت نے سمت درست اختیار کی ہے؛ اب اسے رفتار اور شفافیت کے ساتھ منزل تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اگر پاکستان کے لاکھوں متوسط اور کم آمدن والے خاندانوں کو بیس سال کی قابل برداشت اقساط، میرٹ پر مبنی الاٹمنٹ اور بنیادی سہولتوں سے آراستہ گھروں کی فراہمی ممکن ہوگئی تو یہ محض ایک حکومتی اسکیم نہیں بلکہ ایک سماجی انقلاب ہوگا۔

بڑے عوامی مسائل، سیاسی جماعتوں کا پارلیمانی ردعمل چھوٹا

سلمان احمد قریشی
فکرِ نو
f /salman.qureshi
salmanqureshiokara@gmail.com

پٹرول صرف گاڑی کا ایندھن نہیں بلکہ مہنگائی کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹ، سبزی، آٹا، دودھ، صنعت، زراعت اور روزمرہ استعمال کی اشیا تک اس کے اثرات پہنچتے ہیں۔ اسی لیے پٹرولیم لیوی کا معاملہ محض ایک ٹیکس یا حکومتی آمدن کا معاملہ نہیں، بلکہ براہ راست عوام کی جیب کا مسئلہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جماعت اسلامی نے پٹرولیم لیوی کے خلاف ملک گیر احتجاج شروع کیا۔ دھرنے ہوئے، احتجاجی کیمپ لگے، سڑکوں پر آواز بلند ہوئی، حکومت سے مذاکرات ہوئے اور لیوی کے خاتمے کے لیے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ جماعت اسلامی کا مؤقف ہے کہ عوام کو فوری ریلیف دینے کے لیے حکومتی اخراجات اور مراعات میں کمی بھی کی جاسکتی ہے۔ 8 ستمبر کو سندھ اسمبلی میں جماعت اسلامی کے پارلیمانی لیڈر محمد فاروق نے پٹرولیم لیوی ختم کرنے کی قرارداد پیش کی اور سندھ اسمبلی نے اسے متفقہ طور پر منظور کرلیا۔ یہاں سے ایک بڑا سیاسی سوال جنم لیتا ہے۔ اگر پٹرولیم لیوی عوام پر بوجھ ہے تو خیبر پختونخوا اسمبلی میں ایسی قرارداد کیوں نہیں آتی؟ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے۔ وہاں اسے اپوزیشن میں بیٹھنے کی مجبوری نہیں۔ اسے حکومت بھی حاصل ہے اور اسمبلی میں عددی طاقت بھی رکھتی ہے۔ اگر پی ٹی آئی سمجھتی ہے کہ پٹرولیم لیوی عوام دشمن ہے تو وہ اپنی ہی صوبائی اسمبلی سے وفاق سے لیوی ختم کرنے کا مطالبہ کیوں نہیں کرسکتی؟ اور اس سے بھی بڑا سوال قومی اسمبلی کا ہے۔ وفاقی قانون سازی میں پٹرولیم، ٹیکس اور بجٹ کے معاملات پارلیمان کے سامنے آتے ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ نے 2026 کے بجٹ میں پٹرولیم لیوی سمیت مختلف مالیاتی معاملات کا جائزہ لیا۔ قومی اسمبلی کے سرکاری ریکارڈ میں بھی پٹرولیم لیوی سے متعلق قانون سازی کا ذکر موجود ہے۔ تو پھر عوام یہ پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ اس معاملے کو قومی اسمبلی میں ایک مستقل سیاسی مطالبے کے طور پر کیوں نہیں اٹھایا گیا؟ اسمبلی وہ جگہ ہے جہاں سیاسی جماعت قرارداد لاسکتی ہے، حکومت سے جواب مانگ سکتی ہے، قائمہ کمیٹی میں معاملہ اٹھا سکتی ہے، بجٹ میں ترامیم پیش کرسکتی ہے اور پارلیمانی دباؤ پیدا کرسکتی ہے۔ پھر سوال صرف پی ٹی آئی سے نہیں، پوری پارلیمانی اپوزیشن سے ہے۔ تو پھر عوامی سوال اپنی جگہ موجود ہے جماعت اسلامی کی سندھ اسمبلی میں ایک نشست ہے، لیکن وہ پٹرولیم لیوی کے خلاف قرارداد لے آتی ہے؛ قومی اسمبلی میں موجود بڑی اپوزیشن جماعتیں ایسا کیوں نہیں کرتیں؟ یہ سوال پی ٹی آئی سے بھی بنتا ہے، کیونکہ پی ٹی آئی کے ارکان قومی اسمبلی میں موجود ہیں، تنخواہیں اور پارلیمانی مراعات لیتے ہیں، قائمہ کمیٹیوں کا حصہ ہیں اور عوام کے ووٹ سے ایوان میں پہنچے ہیں۔ اگر عوام کا بجلی کا بل بڑھ رہا ہے تو اسمبلی میں آواز چاہیے۔ اگر پٹرول مہنگا ہو رہا ہے تو پارلیمانی دباؤ چاہیے۔ اگر ٹیکس بڑھ رہا ہے تو متبادل تجاویز چاہیے۔ اگر مہنگائی بڑھ رہی ہے تو قانون سازی اور پالیسی کی سطح پر مزاحمت چاہیے۔ صرف سوشل میڈیا پر حکومت کو برا کہنا یا جلسوں میں مہنگائی کا ذکر کرنا پارلیمانی سیاست کا مکمل متبادل نہیں ہو سکتا۔ اگر حکومت غلط قانون بنا رہی ہے تو اس کے خلاف ووٹ دیں۔ اگر بجٹ عوام دشمن ہے تو ایوان میں موجود رہ کر ہر متعلقہ شق کے خلاف ووٹ دیں۔ اگر حکومت کا بل روکنا ہے تو کورم کی طاقت استعمال کریں۔ اگر قیمتوں کے خلاف عوامی آواز بننا ہے تو قرارداد لائیں، سوال اٹھائیں، کمیٹی میں جائیں اور عوام کو بتائیں کہ کس حکومتی فیصلے کو کس قانونی طریقے سے چیلنج کیا گیا۔ واک آؤٹ سیاسی احتجاج ہے مگر ووٹ پارلیمانی فیصلہ ہوتا ہے۔ پاکستان میں اپوزیشن کو صرف حکومت گرانے کی سیاست نہیں، قانون سازی کو متاثر کرنے کی سیاست بھی سیکھنا ہوگی۔ کیونکہ ووٹر نے اپنے نمائندے کو اسمبلی میں صرف اس لیے نہیں بھیجا کہ وہ حکومت کو برا بھلا کہے، بلکہ اس لیے بھیجا ہے کہ جب اس کی جیب پر بوجھ ڈالنے والا فیصلہ آئے تو وہ ایوان میں کھڑا ہو کر کہے "یہ شق عوام کے خلاف ہے، میں اس کے خلاف ووٹ دیتا ہوں۔" اور اگر وہ ووٹ نہیں دیتا، ایوان سے باہر نکل جاتا ہے یا کارروائی کے وقت موجود ہی نہیں ہوتا تو پھر عوام کو یہ سوال پوچھنے کا بھی حق ہے کہ پارلیمانی سیاست کی ذمہ داری کس کی ہے؟ جمہوریت میں حکومت کی غلطی قابل گرفت ہے لیکن مؤثر اپوزیشن کی خاموشی، غیر حاضری یا محض علامتی احتجاج بھی سوال سے بالاتر نہیں ہوسکتا۔ آخر کار عوام کو نعرہ نہیں، اپنے ووٹ کا نتیجہ قانون سازی میں نظر آنا چاہیے۔ بانی کی رہائی کا مطالبہ پی ٹی آئی کا سیاسی مطالبہ ہے۔ اس پر بات کرنا، احتجاج کرنا اور پارلیمان میں آواز اٹھانا اس کا حق ہے۔ لیکن کیا عوام کے باقی تمام مسائل بھی اسی ایک مطالبے میں ضم ہو جائیں؟ کیا پٹرول کی قیمت، بجلی کے بل کا جواب بھی "بانی" ہے؟ کیا مہنگائی، بے روزگاری، گیس، ٹیکس اور روزمرہ اخراجات کا جواب بھی صرف "بانی" ہے؟ اگر ایک عام موٹر سائیکل سوار پٹرول کی قیمت سے پریشان ہے تو اسے سیاسی جماعت سے اپنے معاشی مسئلے کا جواب چاہیے، صرف سیاسی نعرہ نہیں۔ یہاں جماعت اسلامی کے دھرنے پر پی ٹی آئی کے بعض حلقوں کی تنقید یا مذاق بھی ایک الگ سوال پیدا کرتا ہے۔ کسی جماعت کے سیاسی طریقہ کار سے اختلاف کیا جا سکتا ہے، دھرنے کی حکمت عملی پر تنقید بھی کی جا سکتی ہے، لیکن عوامی ریلیف کے مطالبے کا مذاق اڑانا سیاسی طور پر ایک عجیب رویہ ہے۔ خاص طور پر اس وقت جب خود پی ٹی آئی یہ مؤقف رکھتی ہے کہ عوام مہنگائی، بجلی اور پٹرول کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔

جمہوریت میں احتجاج بھی ضروری ہے اور پارلیمان بھی اہم ہے۔ سڑک پر دھرنا عوامی دباؤ پیدا کرتا ہے، لیکن اسمبلی میں قرارداد اس مطالبے کو ریاستی ریکارڈ کا حصہ بناتی ہے۔ دھرنا حکومت کو سیاسی دباؤ دیتا ہے لیکن قانون سازی میں ترمیم حکومت کو قانونی اور پارلیمانی جواب دینے پر مجبور کرتی ہے۔ اسی لیے جماعت اسلامی کے دھرنے کا مذاق اڑانے کے بجائے بہتر راستہ یہ تھا کہ پی ٹی آئی کہتی "ہم دھرنے کے طریقہ کار سے اختلاف رکھتے ہیں مگر پٹرولیم لیوی ختم کرنے کے مطالبے کی حمایت کرتے ہیں اور اسے خیبر پختونخوا اسمبلی اور قومی اسمبلی دونوں میں لے کر جائیں گے۔" پارلیمان کی کرسی صرف تقریر، احتجاج اور مراعات کے لیے نہیں ہوتی۔ اس کرسی کے ساتھ عوام کے مسائل کو قانون، پالیسی اور ووٹ میں تبدیل کرنے کی ذمہ داری بھی آتی ہے۔ پاکستان کے عوام اب شاید یہ سوال پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ حکومت عوام سے ریلیف کیوں نہیں دے رہی؟

یہ سوال تو سب پوچھ رہے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ایک اور سوال بھی پوچھا جانا چاہیے جو اپوزیشن عوام کے نام پر ووٹ لے کر اسمبلی میں پہنچی ہے، وہ عوام کے لیے پارلیمان کے اندر کیا کر رہی ہے؟ اگر جواب ہر مسئلے پر صرف ایک سیاسی نعرہ ہے تو پھر سوال یہ نہیں کہ حکومت عوام کو ریلیف کیوں نہیں دے رہی سوال یہ بھی ہے کہ اپوزیشن عوام کے معاشی مسائل کو اپنی پارلیمانی طاقت کا مسئلہ کیوں نہیں بناتی؟ جمہوریت میں بانی بھی اہم ہوسکتا ہے، پارٹی بھی اہم ہوسکتی ہے مگر عوام سب سے اہم ہیں۔ سیاست اپنی جگہ مگر جب معاملہ عوام کی جیب اور روزمرہ زندگی کا ہو تو کیا عوام کے درد کی کوئی سیاسی وابستگی ہونی چاہیے؟ سیاست میں اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے۔ حکومت اپنی پالیسی بناتی ہے، اپوزیشن اس پر تنقید کرتی ہے، احتجاج کرتی ہے، سوال اٹھاتی ہے اور جہاں ضرورت ہو وہاں قانون سازی کے عمل میں مخالفت کا ووٹ بھی دیتی ہے۔ یہی پارلیمانی جمہوریت کا بنیادی حسن ہے۔ لیکن سوال اس وقت پیدا ہوتا ہے جب عوام کے مسائل بہت بڑے ہوں اور سیاسی جماعتوں کا پارلیمانی ردعمل بہت چھوٹا دکھائی دینے لگے۔ اب سوال یہ ہے کہ عوام کو درپیش مہنگے پٹرول اور لیوی کے بوجھ پر مزید واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرنے میں رکاوٹ کیا ہے؟

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول/جج ماڈل کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر / مورخہ 25-4-25 سال 2025ء۔ درخواست برائے بحالی دعویٰ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ محمد اشفاق وغیرہ بنام افتخار احمد۔ اخبار اشتہار بنام۔ افتخار احمد ولد فقیر محمد قوم بھنگو ساکن کوٹ روشن دین، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 09-10-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار/سرکل روشن بھیلہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ سکینہ بی بی دختر بگا کی وراثت انتقال واقع موضع روشن بھیلہ درج ہو چکی ہے۔ جس کے ورثان کی تصدیق ہونا ہے۔ والدین متوفی پہلے فوت شد، نذیر احمد خاوند متوفیہ پہلے فوت شد، محمد عتیق الرحمٰن، شبیر احمد، جمیل احمد، پروین بی بی پسران ودختر متوفیہ زندہ ہیں کو ورثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبری BIV-25S-7 واقع گلی شاکر والی قصور محمد اسحاق ولد محمد شفیع کے نام سے خارج کر کے محمد اسحاق کے وارثان محمد ارشد، محمد اشرف، محمد شفیق، محمد راشد پسران، ثمینہ بی بی دختر محمد اسحاق، نسیم اختر بیوہ طارق محمود پسر محمد اسحاق کے نام اندراج کرنا زیر تجویز ہے۔ لہذا عوام الناس میں سے کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو اس تبدیلی ملکیت پر اعتراض ہے تو 7 یوم کے اندر اعتراض تحریری طور پر داخل کریں۔ بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ المشتہر۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر قصور

Cr..Bhutta

اطلاع برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر۔ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی منصب علی ولد شمعون سکنہ ڈاکخانہ خاص نور سر تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 51 نور سر میں درخواست گزاری ہے کہ میرے بچوں کی تاریخ پیدائش مہناز کوثر 02-01-2017۔ اولیس قرنی 03-04-2018۔ جویریہ فاطمہ 01-09-2019 زارا فاطمہ 31-06-2022۔ محمد ذیشان 10-09-2023 ہے جو کہ درست ہے۔ پیدائش کا اندراج بروقت کسی بھی یونین کونسل میں نہ کروا سکا ہوں۔ مذکورہ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع بہاولنگر

C/o..Rashid

لیٹ اندراج تاریخ پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 33 جھلن ارائیاں بہاول نگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ قاری عبداللطیف ولد غلام محمد نے درخواست گزاری ہے کہ زبیاں بی بی دختر ابراہیم تاریخ وفات 25.12.2019 ہے یہ میری حقیقی والدہ ہے اس سے پہلے لاعلمی کی بنا پر یونین کونسل میں اندراج نہ کروایا ہے نہ ہی درج ہے لہذا مذکورہ لیٹ اندراج تاریخ وفات کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر دس یوم اشاد اخبار ہذا ہمراہ ثبوت از را کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاول نگر/یونین کونسل میں جمع کروائیں معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاول نگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال قدرت قاسم علی ولد رانا شیر خاں کا انتقال وراثت موضع جوئیہ تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں سلیم اختر بیوہ۔ اسد نواز۔ غلام۔ مصطفے رفیق پسران مسرت پروین۔ فرحت نعیم۔ نجمہ قاسم۔ انم قاسم دختران متوفی ورثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ: رخسانہ بی بی بیوہ قیصر بوٹا ساکن خان ججہ ڈاکخانہ قلعہ کالر والہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ/سائل نے درخواست تقرری جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 16-09-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

اعلان گم شدگی پالیسی نمبر 6082076219 جاری کردہ اسٹیٹ لائف انشورنش بنام رضوان اعجاز ولد محمد اعجاز فاروقی گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی کو ملے یا اس بابت کوئی مطالبہ ہو تو تاریخ اشاعت کے 30 دن کے اندر شعبہ پالیسی ہولڈر سروس کو مطلع کریں۔ اس کے بعد کوئی اعتراض ودعویٰ قابل قبول نہ ہو گا۔

منجانب: اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن ساہیوال زون

Cr..Imam Din

بعدالت جناب مسزوردہ خان صاحبہ سول جج/بااختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 2847/FC مورخہ 01-09-26 سال 2026ء۔ درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈز ایکٹ برائے کسٹڈی نابالغ محمد حسن۔ عنوان مقدمہ۔ گلفام احمد بنام مہوش نصیر۔ اخبار اشتہار بنام۔ مہوش نصیر زوجہ گلفام احمد ساکن نزد وقاص آٹو سٹور، نزد بنگلہ نہر محلہ مسلم گنج فاروق آباد، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہا کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 17-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار/سرکل روشن بھیلہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی جاوید اقبال ولد محمد رشید کی وراثت انتقال واقع موضع روشن بھیلہ درج ہو چکی ہے۔ جس کے ورثان کی تصدیق ہونا ہے۔ والدین متوفی پہلے فوت شد، پروین اختر بیوہ متوفی زندہ، محمد اولیس، عمیر اقبال، زبیر اقبال، طاہر اقبال، ایمان فاطمہ پسران ودختر متوفی زندہ ہیں کو ورثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

اطلاع برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر۔ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد عمران ولد محمد عاشق سکنہ بستی بیلیاں کھرل تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 57 صادق نگر میں درخواست گزاری ہے کہ میرے بچوں کی تاریخ پیدائش راوش علی 13-02-2017۔ رمشاء عمران 02-06-2018۔ رخسانہ عمران 27-06-2023 ہے جو کہ درست ہے۔ پیدائش کا اندراج بروقت کسی بھی یونین کونسل میں نہ کروا سکا ہوں۔ مذکورہ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع بہاولنگر

C/o..Rashid

لیٹ اندراج تاریخ پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 33 جھلن ارائیاں بہاول نگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ محمد اسلم ولد علی محمد نے درخواست گزاری ہے کہ محمد بختیار ولد محمد اسلم میرا حقیقی بیٹا تاریخ پیدائش 01.01.1995 ہے اس سے پہلے لاعلمی کی بنا پر یونین کونسل میں اندراج نہ کروایا ہے نہ ہی درج ہے لہذا مذکورہ لیٹ اندراج تاریخ پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر دس یوم اشاد اخبار ہذا ہمراہ ثبوت از را کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاول نگر/یونین کونسل میں جمع کروائیں معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاول نگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ حال قدرت اللہ ولد کریم بخش کا انتقال وراثت چک نمبر ون فور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہو کر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں شازیہ پروین بیوہ ثنا اللہ۔ سمیع اللہ۔ عبداللہ کریم پسران سحر فاطمہ۔ نور فاطمہ دختران متوفی ورثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا

KhokharasifCr

بعدالت جناب رائے شیریز خان صاحب سول جج منڈی بہاؤالدین۔ دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ۔ علیزہ عمر بنام محسن شہزاد۔ اشتہار بنام۔ محسن شہزاد پسر ارشد اقبال قوم گوندل سکنہ ساھنا تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 14-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

عنوان! محمد بابر سلیم بنام سیماب

درخواست برائے حصول حضانت نابالغ: اشتہار بنام سیماب زوجہ عابد حسین دختر نذیر احمد ساکن کنگرہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ. ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 14-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

اعلان گم شدگی پالیسی نمبر 6088236562 جاری کردہ اسٹیٹ لائف انشورنش بنام نعیمہ زبیر دختر محمد زبیر گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی کو ملے یا اس بابت کوئی مطالبہ ہو تو تاریخ اشاعت کے 30 دن کے اندر شعبہ پالیسی ہولڈر سروس کو مطلع کریں۔ اس کے بعد کوئی اعتراض ودعویٰ قابل قبول نہ ہو گا۔

منجانب: اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن ساہیوال زون

Cr..Imam Din

بعدالت جناب محبوب الٰہی صاحب سول جج/بااختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3078/FC مورخہ 08-09-26 سال 2026ء۔ دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ مدعیان۔ عنوان مقدمہ۔ زرینہ بی بی وغیرہ بنام اویس علی۔ اخبار اشتہار بنام۔ اویس علی ولد احمد علی قوم جٹ بسراء ساکن کاپی ڈاکخانہ خاص، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 25-09-2026 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah-R

از دفتر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ/کمیونٹی ڈویلپمنٹ جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ منیراں بی بی زوجہ مجید مسیح سکنہ چک نمبر 106 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے درخواست گزاری ہے۔ کہ سائلہ کی حقیقی ہمشیرہ کا درست نام اقبال بی بی ہے جبکہ رجسٹر تاریخ و پیدائش یونین کونسل نمبر 34 چک نمبر 106 گ ب کے ریکارڈ میں سائلہ کی ہمشیرہ کے والد والے کالم میں والد کا نام تاج درج ہے جو کہ غلط ہے۔ جبکہ درست نام تاج مسیح ہے درستگی کی جائے۔ اس بابت اگر کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اندر 10 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی ودستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر ریکارڈ میں درستگی کر دی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ المشتہر: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ جڑانوالہ

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج وفات

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے مسمی محمد شہباز ولد عبدالغنی سکنہ ٹبہ سلطان نانک چند تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 54 گنگا سنگھ میں درخواست گزاری ہے کہ میری بیوی کوثر بی بی ولد عبدالغفور جو کہ مورخہ 11-01-2019 کو وفات پا گئی تھی۔ من مظہر لاعلمی کی وجہ سے بیوی کی تاریخ وفات کسی بھی یونین کونسل میں درج نہ کروا سکا۔ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع بہاولنگر

C/o..Rashid

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد اصغر ولد عطاء محمد ذات مہر ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع گنگا سنگھ تحصیل وضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ نسیماں بی بی۔ محمد رمضان، حافظ محمد عرفان، محمد شعبان، محمد عمران، محمد رضوان، محمد سفیان، رمضانہ بی بی، نسیم اختر، ریحانہ اصغر، شعبانہ اصغر، رخسانہ اصغر، رضوانہ اصغر پسران و دختران حقیقی زندہ حیات ہیں۔ جبکہ متوفیہ کے والدین اور پہلی زوجہ شیماں بی بی پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..Raja Kokab

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 40 کوڑیانوالی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ظفر اقبال ولد نور نبی سکنہ کوڑیانوالی تحصیل وضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری کہ اس کے حقیقی بیٹوں محمد شاہد اقبال کی تاریخ پیدائش مورخہ 10-10-2007، علی حسن تاریخ پیدائش مورخہ 10-11-2017 اور حقیقی بیٹیوں فوزیہ بی بی کی تاریخ پیدائش مورخہ 14-04-2003، رخسانہ بی بی تاریخ پیدائش مورخہ 10-06-2010 ہے جن کی پیدائش کا اندراج بروقت یونین کونسل میں نہ کروایا سکا۔ درخواست گزار یا اس کے کسی رشتہ دار وعزیز واقارب میں پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل/لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا گیا ہے اور نہ ہی پہلے سے درج ہے۔ مذکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 7 یوم ہمراہ ثبوت حاضر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں، اس مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب راشد حسین صاحب سول جج درجہ اول ہارون آباد

عنوان مقدمہ عبیدالرحمان بنام عابد علی وغیرہ i۔ 2۔ حبیب الرحمٰن 2ii خلیل الرحمٰن۔ 2iii۔ فیروہ خاتون پسران ودختر حبیب احمد قوم راجپوت سکنہ چک نمبر 4R/76 تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

دعویٰ تکمیل معاہدہ

ہرگاہ مدعا علیہم مذکوران کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعی نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 2026/9/16 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے محسن علی کو بوجہ نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد ان کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہو نگا، سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: یمن علی ولد ہدایت سکنہ ڈھکم پورہ منوں آباد نصیر تا؟ن ڈاکخانہ دریا پورہ فیروز والہ ضلع شیخوپورہ۔

Cr..FW

عاق نامہ

میں نے اپنے بیٹے عبدالمجید کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے آئندہ اسکے کسی قول وفعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہونگا محمد صفدر ولد محمد رمضان قوم ملک سکنہ سرہالی کلاں قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محمد علی قذافی باجوہ صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن قصور

سنبلہ بی بی بنام عوام الناس

درخواست جانشینی۔ سنبلہ بی بی بیوہ محمد اقبال راندھاوا ساکن محلہ کوٹ غلام محمد خاں تحصیل وضلع قصور بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست عدالت ہذا میں دائر کی ہے۔ جس میں مورخہ 18-09-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔

Cr..Bhutta

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالشکور ولد گوہر علی ذات جوئیہ سکنہ بھاون شاہ ڈاکخانہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے اپنی حقیقی بہن مافیاں بی بی کی تاریخ پیدائش کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل باڑا اجوار خاں تحصیل وضلع بہاولنگر میں گزاری ہے مافیاں بی بی دختر گوہر علی کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-05-1999 درج کروائی ہے عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کو اس تاریخ پیدائش پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے سات یوم کے اندر اپنا تحریری عذر واعتراض دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر یا دفتر یونین کونسل باڑا اجوار خاں حاضر آ کر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار لیٹ اندراج پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

Cr..Donga

اطلاع برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر۔ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد شیر ولد احمد یار سکنہ بستی کھر لانوالی تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 57 صادق نگر میں درخواست گزاری ہے کہ میرے بھائیوں کی تاریخ پیدائش فیاض احمد 03-04-1992۔ امتیاز 01-08-1995 اور میری بہن کی تاریخ پیدائش شاہین بی بی 09-10-2000 ہے جو کہ درست ہے۔ پیدائش کا اندراج بروقت کسی بھی یونین کونسل میں نہ کروا سکا ہوں۔ مذکورہ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع بہاولنگر

Cr..Rashid

مجھ سے اصل دستاویز سیل ایگریمنٹ ٹکٹ والا پراپرٹی نمبر 55 گلشن کالونی فیصل آباد مورخہ 07.09.2025 کو دفتر FDA کے قریب کہیں گم ہو گئے ہیں اگر کسی کو ملے تو درج ذیل پتہ پر ارسال کر دیں۔

المشتہر: محمد عبداللہ ولد حافظ محمد اسحاق ساکن چک نمبر 253 رب فیصل آباد مختار خاص انجم توحید ولد محمد شریف

Cr..FSD

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

اشتہار بنام:۔ مسمی ثاقب ایوب ولد راؤ محمد ایوب قوم راجپوت ساکن گلی نمبر 07 مدنی کالونی اسلام نگر بہاولنگر، نے اپنی حقیقی بیٹی ازمہ ثاقب تاریخ پیدائش مورخہ 13-08-2018 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو ازمہ ثاقب تاریخ پیدائش مورخہ 13-08-2018 کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آ کر اپنا تحریری طور پر بیان/اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول ہوگا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب صادق عمران چوہان صاحب سول جج درجہ اول وفیملی کورٹ ہارون آباد

عنوان مقدمہ سونیا کلثوم بنام ریاض احمد ولد اسلم خان قوم پٹھان سکنہ چاہ شیراں والا سوڈھی والا تحصیل دیپالپور ڈاکخانہ منڈی احمد آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح خرچہ نان ونفقہ وسامان جہیز

ہرگاہ مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیہ نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 2026/9/16 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

---

*بعدالت جناب سیف اللہ صاحب سول جج جھنگ۔ رہنواز وغیرہ بنام ایزی پیسہ وغیرہ دعویٰ استقرار حق رہنواز متوفی بقائمی وارثان عمر شہزاد ولد رہنواز قوم گاذر سکنہ چک نمبر 260 ج ب تحصیل وضلع جھنگ اشتہار بنام عوام الناس، مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن عوام الناس کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 15-09-2026 اصالتاً وکلاء حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shakir

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول بھلوال۔ درخواست زیر دفعہ (2)12۔ اعجاز ملک بنام راجہ محمد افضل اشتہار بنام شازیہ صحاوت دختر راجہ محمد اصغر امین زوجہ سخاوت حسین قوم راجپوت ساکن چک نمبر 8 تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا حال محلہ اطیبہ سٹریٹ ڈیفنس روڈ راولپنڈی۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 17-9-26 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..AM

بعدالت جناب محترمہ عمارہ سرفراز صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

شہروز اسد ایڈووکیٹ بنام واپڈا مقدمہ

نمبر 1/80 بابت سال 26-1-03 دعویٰ۔ استقرار حق۔ اشتہار بنام:۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو 22A کوئین روڈ گنگا رام ہسپتال لاہور، ایکسین لیسکو قصور سٹی، ریونیو آفیسر لیسکو سب ڈویژن سول ایریا قصور، ایس ڈی او لیسکو سب ڈویژن سول ایریا قصور مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 14-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

از دفتر ADLR صاحب بہاولنگر

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

انتقال وراثت موضع کوڑیانوالی تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا محمد یسین حقیقی بھائی متوفیہ حاضر آکر بیانی ہے کہ میری حقیقی بہن بیناں بی بی دختر عبدالغنی ذات ڈھڈی بقضائے الٰہی فوت ہو چکی ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفیہ کے ورثاء میں ایک حقیقی بھائی محمد یسین زندہ حیات ہے ایک حقیقی، بہن نذیراں بی بی ایک بہن بشیراں بی بی بعد میں ایک بھائی محمد امین اور والدین متوفیہ پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آ کر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

اطلاع برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر۔ ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی علی محمد ولد محمد صادق سکنہ بستی کھر لانوالی تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 57 صادق نگر میں درخواست گزاری ہے کہ میری بہن منظوراں بی بی کی تاریخ پیدائش 01-01-1948 ہے جو کہ درست ہے۔ پیدائش کا اندراج بروقت کسی بھی یونین کونسل میں نہ کروا سکا ہوں۔ مذکورہ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع بہاولنگر

Cr..Rashid

بعدالت جناب حافظ نصیب اللہ صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق

عنوان: محمد اختر بنام نگہت

نگہت بیوہ شبیر احمد سکنہ مکان نمبر D/1152 نزد جالیانوالی مسجد غلام محمد آباد فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں ریسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ریسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 14-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

بعدالت جناب ADLR / تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی نذیر احمد ولد محمد یار ذات جوئیہ ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع راجیکا تحصیل وضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں بیوہ معروفاں بی بی۔ عمر فاروق، مریم پسر ودختر حقیقی زندہ حیات ہیں جبکہ متوفی کے والدین پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب صادق عمران چوہان صاحب سول جج درجہ اول وفیملی کورٹ ہارون آباد

عنوان مقدمہ ثمینہ بی بی بنام محمد شہزاد ولد سردار علی قوم راجپوت سکنہ چک نمبر 3R/48 تحصیل ہارون آباد ضلع بہاولنگر

دعویٰ تنسیخ نکاح

ہرگاہ مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیہ نے آپ کے خلاف دعویٰ عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 2026/9/16 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحب جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ: رمشا بنام عمر فاروق: اشتہار بنام عمر فاروق ولد غلام محمد ساکن گلی مسجد دار اسلام محلہ غیاث پور ڈاکخانہ آئمہ قاضیاں تحصیل وضلع نارووال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 15-09-2026 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول بھلوال۔ دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ۔ صاحبزادی بنام اللہ دتہ اشتہار بنام اللہ دتہ ولد نمساالدین سکنہ چک نمبر 11 ایم ایل تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 15-9-26 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بعدالت جناب رائے محمد شبریز خان صاحب سول جج منڈی بہاؤالدین۔ دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ علیزہ عمر بنام محسن شہزاد۔ اشتہار بنام۔ محسن شہزاد پسر ارشد اقبال قوم گوندل سکنہ ساھنا تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین۔ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 14-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

Cr..AM

اشتہار برائے عوام الناس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ نسیم اختر زوجہ محمد اشرف ساکن کھارا قصور نے اپنے بیٹے کی پیدائش کے اندراج کیلئے درخواست گزاری ہے کہ اسکے بیٹے امتیاز ولد محمد اشرف کی پیدائش کا اندراج سہواً نہ ہو سکا اب اپنے بیٹے امتیاز کی پیدائش مورخہ 19-12-1992 کا لیٹ اندراج یونین کونسل نمبر 9 کھارا تحصیل قصور میں کروا رہا ہے۔ اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو لیٹ اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو اشاعت اخبار اشتہار کے 7 روز کے اندر تحریری طور پر اعتراض داخل کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر درخواست کو درست تصور کرتے ہوئے تاخیری اندراج کر دیا جائے گا۔ المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ /اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ بہاول نگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج وفات

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے مسمی محمد شیر ولد احمد یار سکنہ بستی کھر لانوالی تحصیل وضلع بہاول نگر نے یونین کونسل نمبر 57 صادق نگر میں درخواست گزاری ہے کہ میرے والد احمد یار جو کہ مورخہ 02-04-2022 کو وفات پا گئے تھے۔ من مظہر لاعلمی کی وجہ سے والد کی تاریخ وفات کسی بھی یونین کونسل میں درج نہ کروا سکا۔ لیٹ اندراج کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اندر اشاعت اخبار 10 یوم ہمراہ ثبوت حاضر آ کر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولنگر میں جمع کروائیں۔ مدت گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔
مصباح فرزند زوجہ محمد احمد سکنہ چک نمبر 40 ایس پی تحصیل و ضلع پاکپتن میں درخواست گزاری ہے کہ میرے بیٹے مسمی محمد ذکوان کا برتھ سرٹیفکیٹ 21 اگست کو جاری کروایا گیا تھا، جس میں عملہ یونین کونسل پیر غنی نے تاریخ پیدائش غلط پرنٹ کر دی ہے، دفتری ریکارڈ کے مطابق میرے بیٹا مسمی محمد ذکوان کی تاریخ پیدائش 29 ستمبر 2021 ہے مہربانی فرما کر میرا بیٹے محمد ذکوان کا برتھ سرٹیفکیٹ درست جاری کیا جائے

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کھاریاں

انتقال وراثت

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اشرف ولد باغ علی ساکن موضوع مرجان کھاریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات جو کہ وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں برادر محمد اکرم ولد باغ علی ساکن مرجان کھاریاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر تین یوم دفتر زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا

المشتہر تحصیلدار صاحب کھاریاں۔

Cr..AFza

لیٹ اندراج پیدائش

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل نمبر 2 یوسف پارک شاہدرہ لاہور اشتہار بنام عوام الناس بابت لیٹ اندراج پیدائش بر درخواست سید عبدالباقی ولد عبدالرحیم ساکن مکان نمبر 5 گلی نمبر 7 محلہ پراچہ سٹریٹ یوسف پارک شاہدرہ لاہور نے درخواست گزاری ہے کہ مجھے برتھ سرٹیفکیٹ چاہیے سیدہ شریفاں جو مورخہ 15-05-2005 کو پیدا ہوئی جس کا میں اندراج بروقت نہ کروا سکا جس کا اب اندراج یونین کونسل نمبر 2 یوسف پارک شاہدرہ لاہور میں کروانا چاہتا ہوں اس سے قبل کسی بھی یونین کونسل میں اندراج نہ ہے سیدہ شریفاں کا نام کسی کو اعتراض ہو تو دفتر ھذا سے رابطہ کر سکتا ہے۔

شناختی کارڈ 35202.9540573.1۔

Cr..FW

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت ماچھیا (متوفی لاولد فوت شد) ولد لکھا ساکن موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ ماچھیا (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ بختاور زوجہ (پہلے فوت شد)، چاکر (پہلے فوت شد)، باقر حسین (بعد میں فوت شد)، فاطمہ (پہلے فوت شد) برادران و ہمشیرہ متوفی ماچھیا ساکنان موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت ماچھیا (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Imam Din

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ
اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد رفیق ولد غلام فرید سکنہ میلالہ کالڑیانوالا تحصیل و ضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے بیٹے صیام اللہ کی تاریخ پیدائش یونین کونسل میں درج کروائی ہے کلریکل غلطی کی وجہ سے اپنی بیوی روبینہ بی بی زوجہ محمد رفیق کا شناختی کارڈ نمبر درج کرنا بھول گئے ہیں شناختی کارڈ نمبر 3650221179928 ہے جو یونین کونسل نمبر 1 میلہ وٹواں میں درج کروانا قانونی امر ہے

Cr..Waqar Farid

جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

دعویٰ دلاپانے

جویریہ فردوس بنام شہزاد مسعود بٹ

اشتہار بنام شہزاد مسعود بٹ ولد مسعود احمد بٹ مکان نمبر 13 محلہ نیو ویسٹرج مصریال روڈ راولپنڈی ابھی بھی تحصیل و ضلع راولپنڈی

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 26-09-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول
جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: دلاپانے، بعنوان: محمد عادل بنام حراء شہزاد

اشتہار بنام: حراء شہزاد دختر شہزاد احمد ساکن مکان نمبر L-263 الرحمان گارڈن فیض پور خورد تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 29-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت باقر حسین (متوفی) ولد لکھا ساکن موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ باقر حسین (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ متوفی کی دو شادیاں تھیں۔ ایک بیوی نور بھری طلاق یافتہ ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ بختاور بی بی زوجہ (پہلے فوت شد)، محمد یٰسین (بعد میں فوت شد)، رانی بی بی (بعد میں فوت شد)، کاکی بی بی (بعد میں فوت شد) پسر و دختران متوفی باقر حسین ساکنان موضع اسد اللہ پور تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت باقر حسین (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Imam Din

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ
اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ طارق جاوید ولد فیض احمد سکنہ پیر غنی تحصیل و ضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے حقیقی بھائی محمد آصف ولد فیض احمد کی تاریخ پیدائش 13 ستمبر 2003 ہے جسکا اندراج یونین کونسل نمبر 12 پیر غنی پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اندر 07 یوم رابطہ کریں بعد میں کوئی عذر/اعتراض قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل

فتح محمد بنام محمد اصغر

اشتہار بنام محمد اصغر محمد اقبال محمد افضال پسران فتح محمد اقوام گجر ساکن امرہ کلاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 16-09-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AFza

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول
جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: اقراء بنام محمد مدثر

اشتہار بنام: محمد مدثر ولد محمد سلیم ساکن مین بازار شیخ ہسپتال رچنا ٹاؤن فیروزوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 26-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب خرم سہیل محمود
صاحب سول جج تحصیل شاہکوٹ ضلع
ننکانہ صاحب

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع

عنوان: حمیرا بی بی بنام سمیع اللہ

اشتہار بنام: 1) سمیع اللہ ولد شوکت علی ڈوگر ساکن چک نمبر 121 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سے دیدہ دانستہ گریزاں ہے اور اس کی تعمیل آسان طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقررہ 29.09.2026 کو بوقت صبح 8 بجے عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

آج بدستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

C/o..RM

بعدالت جناب محمد ساجد بلال
صاحب سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح و دلاپانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ، عنوان: غلام زاہرہ وغیرہ، بنام: عمیر عاشق، اشتہار بنام: عمیر عاشق ولد محمد عاشق قوم گجر سکنہ جنڈاں والا تحصیل کھاریاں ضلع گجرات حال مقیم چک لالہ سکیم 3، 06107 محلہ ممتاز راولپنڈی، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 16/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل نگرانی دیوانی

میاں غالب حسین بنام شیر زمان

اشتہار بنام شیر زمان ولد غلام سرور شہزادہ بیگم دختر غلام سرور قمر زمان محمد عمر زمان پسران شیر زمان اقوام گجر ساکن خونن تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

چونکہ مذکورہ بالا دعویٰ اس عدالت میں زیر سماعت ہے اور آپ کی بذریعہ معمولی طریقہ تعمیل ممکن نہ ہو سکی، لہٰذا بذریعہ ہذا اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 14-09-2026 کو عدالت ہذا میں بذات خود یا بذریعہ وکیل حاضر ہو کر اپنا جواب دعویٰ پیش کریں، بصورت دیگر عدم حاضری کی صورت میں مقدمہ یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ کر دیا جائے گا۔۔

Cr..AFza

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول
جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ، بعنوان: اقراء بنام محمد مدثر

اشتہار بنام: محمد مدثر ولد محمد سلیم ساکن مین بازار شیخ ہسپتال رچنا ٹاؤن فیروزوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 26-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

اعلان لاتعلقی، عاق نامہ و بے دخلی
جائیداد

بوجہ نافرمانی غلط حرکات میں اپنے حقیقی بیٹے فرمان علی ولد عبدالغفار اور تین کس بیٹیوں کو اپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق، بے دخل جائیداد اور اعلان لاتعلقی کرتا ہوں یہ کہ میں ان کسی لین دین اور قول و فعل کا ذمہ دار نہ ہوں جو کوئی بھی ان سے لین دین کرے گا وہ اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار اور مالک ہوگا۔

المشتہر: عبدالغفار ولد اللہ دتہ قوم سپراجٹ فاروق آباد تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔

C/o..RM

بعدالت جناب تحصیل دار صاحب
ریونیو پاکپتن شریف

اشتہار درخواست تقسیم اراضی، کھیوٹ نمبر 28 واقع محال چک بیدی پاکپتن

ناہید اختر دختر محمد بشیر خاں زوجہ ذوالفقار علی ذات راجپوت جاٹو سکنہ L-51/2 تحصیل و ضلع اوکاڑہ بنام راحت اقبال زوجہ سردار آصف ضیاء سکنہ L-54/2 اوکاڑہ، منور اقبال ولد محمد اقبال سکنہ بھوگی رانجھا رائے ونڈ لاہور، زوبینہ بی بی زوجہ مظہر اختر سکنہ بھوگی رانجھا رائے ونڈ لاہور، امید بشیر شاہین ولد محمد بشیر خاں سکنہ چک بیدی پاکپتن، شجاع بشیر ولد محمد بشیر خاں سکنہ چک بیدی پاکپتن، ظفر بشیر ولد محمد بشیر خاں سکنہ چک بیدی پاکپتن، نازبی بی دختر محمد اقبال زوجہ اظہر اختر سکنہ بھوگی رانجھا رائے ونڈ لاہور، ریحانہ کوثر زوجہ محمد طارق شہزاد سکنہ نانک پور پاکپتن، افشاء خالد زوجہ خالد حسین دختر محمد اقبال سکنہ نانک پور پاکپتن، فرزانہ اقبال زوجہ راؤ فہیم احمد سکنہ محلہ مظفر کالونی اوکاڑہ، اختری بیگم بیوہ ریاست علی سکنہ چک بیدی پاکپتن ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر آپ آسان طریقہ سے حاضر نہ آویں آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 15 ستمبر 2026 کو صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت حاضر آویں ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Waqar Farid

بقیہ سحر 1

کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن و استحکام اور خوش حالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے۔

بقیہ سحر 2

کہ بحیثیت وزیراعظم ان حقائق پر بات کر سکتے ہیں، جو ریاستی اداروں نے دیئے، ملائیشیا کے انٹیلی جنس اداروں نے کبھی ایسی کوئی رپورٹ نہیں دی، جس میں ثابت ہو کہ پاکستان بھارت میں کسی ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ انٹرویو کے دوران ملائیشین وزیراعظم نے فلسطین پر اسرائیلی قبضے اور نہتے عوام پر جاری بمباری کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کی۔

بقیہ سحر 3

اور یواین ویمن پاکستان کے درمیان مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے۔ پی ایم وائی پی کے اعلامیہ کے مطابق مفاہمت کی یادداشت کا مقصد پاکستان میں نوجوان خواتین کو بااختیار بنانے، ان کی قیادت کو فروغ دینے اور انہیں معاشرتی، اقتصادی اور عوامی زندگی میں موثر اور بامعنی کردار ادا کرنے کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔ اجلاس میں چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، جوائنٹ سیکرٹری وزیراعظم یوتھ پروگرام ڈاکٹر محمد علی ملک، یواین ویمن پاکستان کے کنٹری نمائندہ جمشید کازی اور ڈپٹی کنٹری نمائندہ فہمیدہ اقبال خان سمیت دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام اور نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 4

ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکمہ جات، نادرا اور ٹیلی کام آپریٹرز کے تعاون سے ایک جامع اور خودکار ڈیجیٹل سسٹم تیار کیا ہے۔ اس خصوصی اسکیم کا مقصد موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑی مالکان کو مہنگے پیٹرول کے بوجھ سے بچانا اور شفاف طریقے سے سبسڈی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اسکیم کے تحت مستحق شہریوں کو فی لیٹر پیٹرول پر 100 روپے کی رعایت دی جائے گی۔ موٹر سائیکل اور چنگچی کے لیے ماہانہ 20 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے لیے ماہانہ 30 لیٹر رعایتی پیٹرول کی حد مقرر کی گئی ہے۔ ڈیجیٹل تصدیق کیلئے صوبائی ٹرانسپورٹ اور ایکسائز کے شعبوں کے ساتھ مل کر گاڑیوں کی تصدیق کا عمل مکمل طور پر خودکار بنایا گیا ہے۔ طریقہ بتایا گیا کہ شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ سم سے درج ذیل فارمیٹ کے مطابق ایس ایم ایس (SMS) ارسال کریں، طریقہ کے مطابق REG (اسپیس) CNIC بغیر ڈیش (اسپیس) گاڑی کا نمبر بغیر اسپیس یا ڈیش (اسپیس) صوبائی کوڈ (اسپیس) گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ، کامیاب رجسٹریشن پر شہری کو تصدیقی جواب موصول ہوگا۔ اعلامیہ کے مطابق پیٹرول پمپ جانے سے قبل شہری اپنے موبائل سے TOK لکھ کر 9771 پر میسج کریں۔ موصول ہونے والا فیول ٹوکن پمپ پر دکھا کر تصدیق کے بعد رعایتی پیٹرول حاصل کیا جا سکے گا۔ اسلام آباد میں پیر اور منگل کی درمیانی شب سے فراہمی شروع کی جائے گی۔ باقی ملک میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے ملک بھر کے پیٹرول پمپس پر ریلیف دستیاب ہوگا۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اپنے عوام بالخصوص محنت کش طبقات کی فلاح و بہبود اور ان پر اقتصادی بوجھ کم کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لانے کے لیے کوشاں ہیں

بقیہ سحر 5

کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کرے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن اور سکیورٹی کو لاحق خطرات نائن الیون کے 25 سال بعد۔ دہشت گردی کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 6

اور دونوں ممالک کے درمیان کاروباری سطح پر مضبوط روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت تجارت کے مطابق دورے کے دوران انہوں نے ہانگ کانگ میں مقیم پاکستانی برادری کے اہم ارکان سے بھی ملاقاتیں کیں۔ 1861 میں قائم ہونے والا ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس، ہانگ کانگ کا قدیم ترین کاروباری ادارہ (چیمبر) ہے۔

بقیہ سحر 7

کے 115 مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو کی ذیلی قومی مہم 27 ستمبر تک جاری رہیگی۔ مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔ انسداد پولیو کی مہم میں خدمات انجام دینے والے ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے، مذکورہ اضافہ ان ورکرز کی انتھک محنت اور خدمات کی بدولت کیا گیا ہے۔ ملک میں پولیو کیسز کی تعداد میں 99 اعشاریہ 8 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 1990 کے اوائل میں اندازاً 20 ہزار سے کم ہو کر 2025 میں 31 اور 2026 میں 3 کیسز تک محدود ہو گئی ہے۔

بقیہ سحر 8

کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موٹرسائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کیلئے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 9

حسین سے مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل سیکرٹری آفاق خٹک اور دیگر نے ملاقات کی۔ چودھری شجاعت حسین نے کہا کہ سندھ کی ترقی اور محرومیوں کے خاتمے میں مسلم لیگ کا تاریخی کردار ہے، قومی اتفاقِ رائے اور مشاورت سے مسائل کا حل نکالا جائے، عوام کو بہتر طرزِ حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، نئے صوبوں کا فیصلہ سیاسی مفادات یا وقتی نعروں کے بجائے قومی مفاد میں کیا جائے، عوام کو کس انتظامی نظام سے زیادہ سہولت مل سکتی ہے، اصل سوال یہی ہے، موثر، بااختیار اور مضبوط انتظامی یونٹس بھی انتظامی مسائل کا حل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کر کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں، سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں، قومی معاملات کو سیاسی انا ء سے بالاتر ہو کر دیکھنا ہوگا، مضبوط صوبے، بااختیار ادارے اور مطمئن عوام ہی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہیں۔

بقیہ سحر 10

سال 27-2026 کے لیے کی جائے گی۔ بولیاں 29 ستمبر تک جمع کرائی جاسکیں گی، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی 29 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی۔

بقیہ سحر 11

کے اندر پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچا لیا گیا۔ حادثے میں 4 کان کن جاں بحق اور 5 زخمی ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع ہرنائی میں کوئلے کے کان میں گیس بھر جانے کے باعث خوفناک دھماکا ہوا۔ متعدد مزدور کان کی گہرائی میں پھنس گئے، اطلاع ملتے ہی پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آپریشن کا آغاز کیا، طویل جدوجہد کے بعد 5 مزدوروں کو محفوظ باہر نکال لیا گیا، حادثے کے نتیجے میں چار کان کن جاں بحق ہو گئے جبکہ پانچ زخمی مزدوروں کو علاج کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ سحر 12

نواز شریف نے 126284 ریسکیور ٹریننگ کا سنگِ میل عبور کرنے پر مبارکباد دی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے فسٹ ایڈ ٹریننگ پر مامور ریسکیو حکام کو شاباش دی اور انسانی جان بچانے کے لئے شب و روز محنت کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ سحر 13

گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان اور ملک کی مجموعی سیاسی و علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ 15 ستمبر کو اسلام آباد میں ہونے والے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔ ملاقات کے موقع پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے سربراہ سید زین شاہ، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے معاشی ترجمان محمد زبیر، بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنما ساجد ترین ایڈووکیٹ، تحریک کے ترجمان اخونزادہ حسین احمد یوسفزئی اور رہنما آغا حسن بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل اور باہمی مشاورت کو آگے بڑھانے سے متعلق امور بھی زیرِغور آئے۔

بقیہ سحر 14

تقریب منعقد کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، تمام کالجز کے پرنسپلز کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 15

فرسٹ ایڈ ڈے پر اپنے پیغام میں ریسکیو 1122 سروس فراہم کرنے والے ریسکیورز اور ہسپتالوں کے ایمرجنسی اسٹاف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے بروقت فرسٹ ایڈ قیمتی انسانی جان بچانے کے لیے، بہت اہمیت رکھتی ہے، حادثات اور ہنگامی حالات میں ابتدائی طبی امداد ناگزیر ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ محفوظ اور صحت مند معاشرے کے لیے عوام میں فرسٹ ایڈ کا شعور اجاگر کرنا ضروری ہے۔ پنجاب حکومت ہنگامی صورتحال میں قیمتی انسانی جانیں بچانے کے لیے تمام تر میسر وسائل فراہم کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے مطابق پنجاب گولڈن آورز کے دوران مریض کے یقینی علاج کے لیے ایئر ایمبولینس شروع کرنے والا پہلا صوبہ ہے، جبکہ حکومت پنجاب ہنگامی طبی خدمات کو بہتر بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ سیلاب متاثرہ علاقوں میں کلینک آن ویلز، فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن بوٹس کے ذریعے فرسٹ ایڈ اور ریسکیو سروسز فراہم کی گئیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ ریسکیو 1122 دن رات انسانیت کی خدمت اور حادثات کے شکار افراد کو فوری طبی امداد فراہم کرنے میں مصروف عمل ہے۔ ہر شہری، بالخصوص نوجوانوں اور طلبہ و طالبات کو بنیادی فرسٹ ایڈ کی تربیت حاصل کرنی چاہیے۔

بقیہ سحر 16

معاملے پر صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، تیل کی بین الاقوامی گزرگاہ باب المندب بلاک ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ باب المندب کی بندش کا مطلب عالمی توانائی چیلنج ہے، یمن کو بے حد دشوار چیلنجز درپیش ہیں، یمنی حکومت مستقل امن چاہتی ہے جبکہ حوثی مذاکرات سے انکاری ہیں۔

بقیہ سحر 17

ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ کے دوران پاکستان کی ایران سے درآمدات کا حجم 24 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہا اور گزشتہ سال اسی مدت میں ایران سے درآمدات 21 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھیں۔ جاری مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں ایران سے درآمدات میں 17 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق جنگ کے دوران بھی پاکستان کی ایران سے درآمدات جاری رہیں۔ سرکاری اعداد و شمار سے معلوم ہوتا کہ پاکستان کی مالی سال 26-2025 میں ایران سے درآمدات 12 فیصد اضافے کے ساتھ ایک ارب 39 کروڑ 50 لاکھ ڈالر ریکارڈ کی گئیں تھیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کا ایران سے درآمدات پر ہر گزرتے سال کے ساتھ انحصار بڑھ رہا ہے۔ مالی سال 25-2024 میں ایران سے درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 10 لاکھ ڈالر، مالی سال 24-2023 میں ایک ارب 3 کروڑ 70 لاکھ ڈالر، مالی سال 23-2022 میں 88 کروڑ ڈالر، مالی سال 22-2021 میں 77 کروڑ 38 لاکھ ڈالر، مالی سال 21-2020 میں 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالر اور مالی سال 20-2019 میں 44 کروڑ ڈالر تھیں۔

بقیہ سحر 18

سٹڈی اخراجات کی ادائیگی کا دیرینہ معاملہ حل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چائنا تھری گورجز ساتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے اسسٹنٹ سی ای او لیو یونگ گانگ نے معاملے کے حل میں ایس آئی ایف سی کے تعاون کو سراہا۔ تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے کا آغاز 2011 میں 120 میگاواٹ کی استعداد کے ساتھ کیا گیا بعدازاں اسے 135 میگاواٹ منصوبے کے طور پر آگے بڑھایا گیا۔ چینی کمپنی نے منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی مکمل کی، تاہم فیزیبلٹی اخراجات کی ادائیگی کا معاملہ طویل عرصے تک زیرالتوا رہا۔

بقیہ سحر 19

یا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سہیل وڑائچ، مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، حفیظ اللہ نیازی اور سلیم بخاری سمیت دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ (ن) سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے (ن) لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر کھڑے نہیں ہو سکتے۔ رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، (ن) لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں (ن) لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں (ن) لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف مسلح ہو کر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنۃ الخوارج مبینہ طور پر بھارت کے اسپانسرڈ ہیں، فتنۃ الخوارج پی ٹی آئی کی ریلی کو ہدف بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کر سکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج ٹکے ٹوکری ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آ رہی۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور و خوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ سحر 20

، ایک مافیائی سسٹم کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے ظلم کیا جا رہا ہے، پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، ہر گزرتے دن کے ساتھ دھرنوں میں عوام کی تعداد بڑھ رہی ہے، پورے ملک میں جماعت اسلامی کے دھرنے جاری ہیں، 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں، 20 ستمبر کو اسلام آباد میں چاروں طرف سے آئیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، حکومت کو پیٹرولیم لیوی ختم کرنا ہوگی، حکومت کو بہت مناسب تجاویز دی ہیں، اگر شرح سود میں 3 فیصد کمی کر دیں تو 1700 ارب روپے بچا سکتے ہیں، شہباز شریف اس بات کا جواب دیں کہ شرح سود کم کیوں نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی صورت اپنے مطالبات سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہم نے لیوی ختم کرانی ہے، 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں، 20 ستمبر کو چاروں طرف سے اسلام آباد آئیں گے، اگر حکومت نے ٹال مٹول سے کام لیا تو ہم مذاکرات ختم کر دیں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی نے اے پی سی میں بلایا تو ضرور جائیں گے، ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں جبکہ اپوزیشن کے ساتھ ہمارے رابطے ہیں۔

بقیہ سحر 21

اسہیل آفریدی کے خلاف درخواست پر سماعت چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ کرے گا۔ سہیل آفریدی کے خلاف درخواست شیر افضل مروت نے دائر کر رکھی ہے، درخواست میں علی امین گنڈاپور کی بطور وزیراعلیٰ بحالی کی بھی استدعا کی گئی ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرح دیگر قیدیوں کی نجی ہسپتال سے علاج کی درخواستوں پر بھی چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ سماعت کرے گا۔ دوسری طرف سپریم کورٹ میں بانی کی شفا ہسپتال منتقلی کیس کی سماعت سولہ ستمبر کو ہوگی۔ 18 اگست کے حکم کے خلاف حکومت کی نظرثانی اپیل پر سماعت بھی اسی روز مقرر ہے، حکم پر عمل درآمد نہ کرنے پر پی ٹی آئی کی توہین عدالت درخواست بھی سنی جائے گی۔ سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر اگلے عدالتی ہفتے کی کازلسٹ ابھی جاری نہیں ہوئی۔

بقیہ سحر 22

نے سعودی عرب پر حوثیوں کی جانب سے حالیہ حملوں بالخصوص سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے سعودی قیادت اور برادر سعودی عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہیں اور عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کے ہمراہ کشیدگی میں کمی لانے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم نے موجودہ بحران کے دوران دانشمندانہ اور دوراندیش قیادت پر سعودی ولی عہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر خادم حرمین شریفین، شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار کیا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی عرب کے لیے پاکستان کی مسلسل اور ثابت قدم حمایت اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 23

کیا ہے کہ (آج) پیر کو لاہور میں پنجاب اسٹریٹ موومنٹ کا لائحہ عمل دوں گا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل افریدی نے کہا کہ لاہور میں مبینہ طور پر پولیس تشدد کے باعث جاں بحق ہونے والے کارکن اشتیاق کے گھر جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پر مسلط کی گئی ناجائز حکومت اور ان کے ہینڈلرز کی جانب سے تحریک انصاف کے کارکنان پر ایسا ظلم کیا جا رہا ہے کہ سن کر ہر مسلمان شرم سار ہو رہا ہے۔ سہیل آفریدی نے الزام عائد کیا کہ لاہور میں عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تیاری کے دوران تحریک انصاف کے کارکنان کے خلاف غیرقانونی چھاپے اور پکڑ دھکڑ کے دوران ہمارے سینئر کارکن اشتیاق احمد کو گرم تیل کے کڑاھے میں گرا دیا تھا اور وہ جھلسنے کی وجہ سے شہید ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ میں (آج) پیر کو لاہور میں شہید اشتیاق کی رہائش گاہ پر اظہار تعزیت کے لیے جاؤں گا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے اعلان کیا کہ لاہور میں ہی پنجاب اسٹریٹ موومنٹ کا لائحہ عمل دوں گا۔

بقیہ سحر 24

ایک صفحے کا سادہ فارم جاری کر دیا گیا، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، اسکیم کے تحت دکانداروں کو کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اہل دکانداروں کو پی او ایس اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے استثنیٰ حاصل ہوگا، اسکیم سے فائدہ اٹھانیوالے تاجروں کا آڈٹ بھی نہیں کیا جائیگا، رجسٹرڈ تاجروں کو ودہولڈنگ ایجنٹ کی ذمہ داری سے بھی استثنیٰ ملے گا۔ ایف بی آر کے مطابق دکاندار ویب سائٹ، موبائل ایپ یا ٹیکس آفس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے، قواعد کی پابندی کرنیوالی دکان پر کیو آر کوڈ والی گرین پلیٹ آویزاں کی جائیگی، ٹیکس عملے کو رجسٹرڈ دکانداروں کی انسپیکشن کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ سحر 25

اسلم غوری کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے جے یو آئی کی مرکزی مجلس عمومی کا اجلاس 19 اور 20 ستمبر کو پشاور میں بلا لیا۔ اجلاس میں انتظامی یونٹس اور نئے صوبوں کے قیام کی بازگشت پر جماعتی رائے کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آئندہ بلدیاتی انتخابات کے لیے صوبائی جماعتوں کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس کے ایجنڈے میں شامل ہے اس کے علاوہ اجلاس میں ملک میں امن و امان کی تشویشناک صورتحال پر غور و خوض ہوگا۔ ترجمان جے یو آئی کے مطابق اجلاس ملکی و بین الاقوامی صورتحال کا جائزہ بھی لیا جائے گا جبکہ آئندہ کی سیاسی حکمت عملی طے کی جائے گی۔

بقیہ سحر 26

ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے پاکستان کو دہشت گردی سے جوڑنے سے یکسر انکار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ملائیشیا کی سکیورٹی ایجنسیوں نے نہیں بتایا کہ پاکستان کی ریاست دہشت گردی سے منسلک ہے۔ برکس سربراہی اجلاس کے لیے بھارت کے دورے پر آئے ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے بھارتی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کی مذمت کی۔ انور ابراہیم نے فلسطین پر اسرائیلی قبضے کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں مسلسل جاری اسرائیلی حملے اسرائیل کی ریاستی دہشتگردی ہے۔ اس موقع پر بھارتی صحافی نے اپنے سوال میں پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش کی جس پر انور ابراہیم نے کہا کہ انہیں ملائیشیا کی سکیورٹی ایجنسیوں نے نہیں بتایا کہ پاکستان کی ریاست دہشت گردی سے منسلک ہے اور یہ کہ پہلگام واقعے سے متعلق کوئی ثبوت نہیں دیے گئے۔

بقیہ سحر 27

26 سے 28 اگست 2026ء کو کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (2-ISC) میں ان کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی۔ آئی ایس سی کے سیکرٹری جنرل معزز ایک ناتھ ڈھکال نے چیئرمین سینیٹ کے نام اپنے خط میں آئی ایس سی اور سینیٹ آف کمبوڈیا کے صدر سامدیک اکّا موہا سینا پادئی تیچو ہن سین کی جانب سے کانفرنس میں ان کی شرکت اور گراں قدر کردار پر اظہارِ تشکر کیا۔

بقیہ سحر 28

صدر آصف علی زرداری نے نجی دورے کے لیے طیارہ ذاتی طور پر چارٹر کیا تھا، طیارے کے کرائے، عملے، پارکنگ، قیام اور دیگر تمام متعلقہ اخراجات بھی صدر نے اپنی ذاتی حیثیت میں ادا کیے۔ دوسری جانب ایوانِ صدر نے واضح کیا کہ صدر کے اس نجی بیرونِ ملک دورے پر سرکاری خزانے سے کسی قسم کے اخراجات نہیں کیے گئے۔ صدر کے دورے سے متعلق سامنے آنے والی میڈیا رپورٹس کے تناظر میں ایوانِ صدر نے تمام متعلقہ اخراجات ذاتی طور پر ادا کیے جانے کی وضاحت کی ہے۔

بقیہ سحر 29

کے قائدین کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے اور انتہاپسندی و دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مذہبی قائدین کے عملی کردار اور مشترکہ کوششوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موجودہ عالمی حالات میں دنیا کے اہم مذہبی قائدین اور مختلف مذاہب کی مؤثر قیادت کو عالمی امن کے لیے یکجا ہونا چاہیے اس مقصد کے لیے ابتدائی طور پر باہمی رابطوں کا آغاز کرنے کا فیصلہ کیا گیا تا کہ امن، مکالمے، رواداری اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھایا جا سکے۔ سابق آرچ بشپ آف کینٹر بری جسٹن ویلبی نے پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی عالمی اور علاقائی امن کے لیے کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے بالخصوص موجودہ صورتحال میں امریکہ، ایران اور عرب و اسلامی ممالک کے درمیان کشیدگی اور جنگ کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے پاکستان کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت دنیا کو امن کی اشد ضرورت ہے اور پاکستان اس سلسلے میں قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔ ج

بقیہ سحر 30

گزشتہ 18 برسوں سے 18ویں ترمیم کے بعد ملنے والے اختیارات اور وسائل کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے۔ جس کے نتیجے میں عام پاکستانیوں کی محرومیوں میں اضافہ ہوا ہے نتیجتاً آج ملک کے دو صوبوں میں ریاست مخالف جنگ جاری ہے۔ مصطفیٰ کمال نے موجودہ نظام حکومت کو ہدفِ تنقید بناتے ہوئے کہا کہ یہ نظام گزشتہ 79 برسوں سے ملک میں غدار پیدا کر رہا ہے اور اپنے ہی لوگوں کو اپنی فوج کے خلاف لڑوا رہا ہے، موجودہ نظام کے تحت ملک کو مزید نہیں چلایا جا سکتا اور چھوٹے انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکے ہیں۔

بقیہ سحر 31

کے صدر محمد عاصم نصیر نے ملاقات کر کے سوسائٹی کے مسائل کے حوالے سے آگاہ کیا، وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ خان نے سوسائٹی کے صدر کو مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ سحر 32

پر مذاکرات منگل کو ہوں۔ لیاقت بلوچ کے مطابق حکومت نے جماعت اسلامی سے مذاکرات کے لئے ایک، جبکہ پٹرولیم لیوی اور آئی پی پیز پر دو کمیٹیاں قائم کر رکھی ہیں، حکومت سے پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل جبکہ آئی پی پیز پر بدھ کو ہوں گے۔

بقیہ سحر 33

سے منعقدہ خصوصی الوداعی تقریب کی میزبانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ رواں ماہ کے آغاز میں منعقد ہونے والی الوداعی تقریب میں چین کے ممتاز ماہرین، سکالرز، دانشوروں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 34

سال کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ وزراء اور افسران سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں انہوں نے وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری سے ملاقات کی جس میں وزارت کی کارکردگی، بجلی کی فراہمی اور لوڈشیڈنگ سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ انہوں نے ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے سربراہان سے بھی ملاقاتیں کر کے ان کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اسی تناظر میں حمزہ شہباز شریف وزارت اطلاعات بھی گئے جہاں انہوں نے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور متعلقہ افسران سے ملاقات کی اور وزارت کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز شریف وزارتوں کے دورے اور وزراء سے ملاقاتوں کے بعد کارکردگی کے حوالے سے رپورٹ مرتب کریں گے جبکہ اس کے علاوہ مزید بہتری کیلئے سفارشات بھی مرتب کی جائیں گی۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ حمزہ شہباز شریف اراکین قومی اسمبلی سے بھی ملاقاتیں کر رہے ہیں اور وزارتوں سے متعلق ان کے مسائل اور تجاویز سے آگاہی حاصل کر رہے ہیں جس کے بعد متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔

بقیہ سحر 35

ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق پہلی کارروائی وفاقی حساس ادارے کے ہمراہ جمالی پل سپر ہائی وے پر کی گئی، جس میں فتنہ الخوارج کا دہشت گرد فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا،

بقیہ سحر 36

آئی ٹی کورسز کرائے جائیں گے، آرٹیفیشل انٹیلی جنس بھی مفت پڑھائی جائے گی، تا کہ نوجوان جدید ہنر حاصل کر کے روزگار کے مواقع حاصل کر سکیں۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں آئی ٹی کا شعبہ روزگار کے لیے بہترین مواقع فراہم کر رہا ہے

بقیہ سحر 37

وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا ہے اس حوالے سے نور محمد نے بتایا کہ 10 لاکھ، 15 لاکھ اور 20 لاکھ روپے میں سرعام پوسٹیں دی جا رہی ہیں۔ ادھر بلوچستان حکومت نے تقریبا 300 آسامیوں پر بھرتیوں میں بے ضابطگیوں کی شکایات پر تحقیقات کا حکم دے دیا۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے صوبائی محکموں کے انتظامی سیکرٹریز سے یہ حلف بھی لیا کہ وہ سرکاری ملازمتوں کی خرید و فروخت نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ سحر 38

ہے۔ ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے۔ ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے۔ عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ سحر 39

پرنا کارہ قرار دیتے ہوئے عدم اعتماد کا اظہار کیا، میئر نیویارک زہران ممدانی بھی عمر خالد کو خط لکھ کر اظہار یکجہتی کر چکے ہیں، سابق بھارتی جج دیپک گپتا نے بھارتی سپریم کورٹ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ سابق کارروائی کی تاخیر نے عمر خالد سے اس کی آزادی اور جلد از جلد انصاف کا حق چھین لیا ہے۔

بقیہ سحر 40

روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے، ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے، ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے، عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

بقیہ سحر 41

کے آنسو بہانہ بند کرے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کو تقسیم کرنے کی ہر کوشش کے خلاف جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی جتنی بار صوبے کا کارڈ کھیلیں گے، عوام اتنی ہی بار ان سے حساب مانگیں گے۔

بقیہ سحر 42

مطابق پی ایم ڈی سی کول مائن نمبر 151 سے 4 کان کنوں کی لاشوں کو نکال لیا گیا ہے۔ چیف مائنز انسپکٹر عاطف علی کے مطابق جاں بحق چاروں کان کنوں کی لاشیں اور دونوں زخمیوں کو متاثرہ کان سے نکال لیا گیا۔ عاطف علی نے کہا کہ کوئلے کی کان میں میتھین گیس بھر جانے کے سبب دھماکا ہوا۔ چیف مائنز انسپکٹر کے مطابق حادثے میں جاں بحق چاروں کان کنوں کا تعلق خیبر پختونخوا کے علاقے دیر سے تھا۔

بقیہ سحر 43

آبادی کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے جہاں تیز رفتار انٹرنیٹ کی دستیابی ڈیجیٹل شعبے سے وابستہ سرگرمیوں کیلئے نئے امکانات پیدا کرے گی۔ گلگت بلتستان میں جی فائیو سروس کی آزمائش کو خطے میں ڈیجیٹل رابطوں کی ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا ہے، اس سے جدید تیز رفتار انٹرنیٹ ٹیکنالوجی تک رسائی کے حوالے سے خطے میں ایک نئی پیش رفت سامنے آئی ہے۔

بقیہ سحر 44

پر مجبور کرنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ مسلح مورچہ بندی راولاکوٹ شہر اور اطراف بالخصوص چاندنی چوک سے ڈی چوک، بس ٹرمینل اور تیار میہ کے قرب و جوار میں مسلح افراد مورچہ زن ہیں، جس سے شدید سیکیورٹی خدشات پیدا ہو چکے ہیں۔ شرپسندوں نے ناکے لگا کر سڑکیں بند کر رکھی ہیں جہاں سرکاری ملازمین کو زدوکوب کیا جاتا ہے اور ان کے ساتھ بدتمیزی کی جا رہی ہے۔ تعلیمی اداروں کی زبردستی بندش * مسلح عناصر خوف و ہراس پھیلا کر سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کو زبردستی بند کروا رہے ہیں۔ تحصیل راولاکوٹ اور تھوراڑ سمیت دریک، حسین کوٹ، چک، کھائیگلہ، بجنوسہ، جھنڈاالی، دوتھان، بن بہک، ٹھگر، ملی سوہمل، سنگولہ، پانیڈول، اور جنڈالہ میں اسکول و کالجز زبردستی بند کرائے گئے ہیں، یہ جتھہ ایک طرف خود بچوں کا مستقبل اور تعلیمی نظام تباہ کر رہا ہے، اور دوسری جانب دھرنے کے اسٹیج سے اسکولوں کی بندش کا جھوٹا الزام حکومت پر لگا رہا ہے۔

بقیہ سحر 45

پروگرام کے تحت شہریوں کو زندگی بچانے کی عملی تربیت دینے کی مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایک ہی روز میں 1 لاکھ 26 ہزار 284 شہریوں نے تربیت حاصل کی۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کے مطابق ایک دن میں اتنی بڑی تعداد میں شہریوں کا عملی تربیت حاصل کرنا عالمی اعزاز ہے۔ انہوں نے تاریخی مہم میں تعاون کرنے پر محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر رضوان نصیر نے بتایا کہ پنجاب کے تمام اضلاع میں شہریوں کو سی پی آر اور بلیڈنگ کنٹرول کی تربیت فراہم کی گئی۔ ضلع لیہ 10 ہزار 183 شہریوں کو تربیت دے کر پہلے نمبر پر رہا، جبکہ ملتان 6 ہزار 244 شہریوں کے ساتھ دوسرے اور خانیوال 6 ہزار 11 شہریوں کی تربیت کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ انہوں نے تمام ضلعی ریسکیو افسران اور لائف سیور انسٹرکٹرز کو کامیاب مہم پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ہنگامی صورتحال میں زندگی بچانے کی بنیادی تربیت دینا معاشرے کیلئے انتہائی اہم اقدام ہے

بقیہ سحر 46

افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، القاعدہ افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروہوں کو خفیہ کارروائیوں اور سکیورٹی کے حوالے سے تربیت دے رہی ہے۔

بقیہ سحر 47

فارم ایکس پر جاری بیان میں مسعود پزشکیان نے امریکا کی جانب سے شہری تنصیبات، خوراک اور لوگوں کے روزگار کو نشانہ بنانے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر امریکا میں ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کریں، شہری بنیادی ڈھانچے اور خوراک کو کیوں نشانہ بنایا جا رہا ہے؟ ایرانی صدر نے بنیادی ضروریات تک رسائی محدود کرنے پر بھی امریکا کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اگر امریکی انسانیت پر یقین رکھتے ہیں تو لوگوں کو پانی، خوراک اور ادویات تک رسائی سے کیوں محروم کیا جا رہا ہے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ ایران سعودی عرب کے ساتھ حالت جنگ میں نہیں ہے، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں، خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیئے۔ مسقط میں آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان متوقع معاہدے کے بارے میں ایرانی صدر نے کہا کہ اجلاس میں وہ تمام ممالک شریک ہوں گے جن کی سرزمین سے ایران پر حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایران اپنے بین الاقوامی حقوق چاہتا ہے، جنگ نہیں اب بھی امن کو ترجیح دیتے ہیں، امریکا، اسرائیل اور یورپی ممالک چاہتے ہیں علاقے میں کوئی ملک آزاد نہ رہے۔ ادھر ایرانی صدر مسعود پیزشکیان نے انڈیا ٹوڈے کو بتایا کہ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے رہبر اعلیٰ زندہ ہیں اور پہلے کی طرح نظام کے اندر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ دشمن ان کے ٹھکانے کا سراغ لگانے میں ناکام رہا ہے، اسی لیے مختلف قسم کی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دشمن ہمارے موجودہ رہبر اعلیٰ کے ساتھ بھی وہی کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو اس نے سابق رہبر اعلیٰ کے ساتھ کیا تھا۔ مسعود پیزشکیان نے امریکا اور اسرائیل پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل ایک شخص کے پورے خاندان کو قتل کر دیتے ہیں، ایک عمارت تباہ کر دیتے ہیں اور پھر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ شخص دہشت گرد تھا، یہ اس دنیا میں جرائم کرنے کا ایک نیا طریقہ بن چکا ہے۔

بقیہ سحر 48

ن اسلام آباد پولیس کے مطابق غیر ملکی شہری کو آج صبح سیکٹر G-8 سے اسلحہ کے زور پر اغوا کیا گیا تھا، ترجمان نے بتایا کہ ملزمان نے رہائی کے بدلے ایک لاکھ امریکی ڈالر تاوان طلب کیا۔

بقیہ سحر 49

معافی مانگیں۔ مہر بانو قریشی نے کہا کہ پنجاب اسمبلی میں جو گند اچھالا گیا وہ ان ارکان کی اپنی تربیت کی غمازی کرتا ہے، ہمیں اس سطح پر نہیں اترنا چاہیے۔

بقیہ سحر 50

میں پی ٹی آئی حکومت کا کوئی مؤثر انتظامی کنٹرول نظر نہیں آتا۔ گورنر نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے خیبر پختونخوا اور دیگر صوبوں سے متعلق بیان کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ مریم نواز بتائیں کیا پنجاب خیبر پختونخوا کا پانی، بجلی، تیل اور گیس استعمال نہیں کرتا؟ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی ٹی آئی میں لانگ مارچ کے حوالے سے متضاد رائے پائی جاتی ہے، تاہم پی ٹی آئی کی سنجیدہ قیادت معاملات کا حل بات چیت کے ذریعے چاہتی ہے۔ لانگ مارچ سے پی ٹی آئی کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کا معاملہ ابھی عدالت میں زیر سماعت ہے، عدالت کے فیصلے کے بعد دیکھا جائے گا کہ لانگ مارچ کو کیسے روکنا ہے۔ گورنر نے کہا کہ رواں سال خیبر پختونخوا اب تک موسمیاتی تبدیلیوں کے نتائج سے محفوظ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے فراہم کئے گئے فنڈ سے ڈیرہ اسماعیل خان میں ایس آئی یو ٹی ہسپتال کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ ملاقات میں دی نیوز کے ایڈیٹر عامر غوری، نوائے وقت کے ایڈیٹر عزیر علوی، اسلام آباد پوسٹ کے چیف ایڈیٹر انصر بھٹی، جی این این ٹی وی کے اعجاز احمد اور نیوز ون کے علی فرقان بھی شریک تھے۔

بقیہ سحر 51

فیصلوں سے متعلق بیان دیتے ہوئے بتایا کہ کابینہ کو صوبائی محتسب کے دفتر کی کارکردگی رپورٹ 2025 پیش کی گئی، کابینہ نے محتسب کی رپورٹ اسمبلی میں پیش کرنے کی منظوری دے دی۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی زیرِصدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں جیل خانہ جات، تحفظ گواہان، گاڑیوں کی رجسٹریشن اور دیگر فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اس کے علاوہ کابینہ نے دو ماتحت یونٹس کے قیام، جی ٹو جی معاہدے اور نظرثانی شدہ نرخوں اور معمولی نوعیت کے کیسز کے قیدیوں کو 2 ماہ کی معافی دینے کی منظوری بھی دی جبکہ خصوصی معافی کے فیصلے کے بعد قواعد و ضوابط کے مطابق نوٹیفکیشن جاری کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔ شفیع جان نے کہا کہ کابینہ میں گلیات سے مری کو پانی کی تقسیم و فراہمی کے طریقہ کار، نرخ، واجبات کا معاملہ بھی پیش کیا گیا جس پر کابینہ نے معاملہ مشترکہ مفادات کونسل میں پیش کرنے کی منظوری دی۔

بقیہ سحر 52

فراہمی معطل ہو گئی۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق دھابیجی میں صبح 6 بجے بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی جس کے باعث تھرڈ فیز، فورتھ فیز اور کے تھری پمپس ہاؤس کی بجلی بند ہو گئی۔ بجلی کے بریک ڈاؤن کے نتیجے میں دھابیجی پمپنگ سٹیشن کے مجموعی 21 پمپس میں سے 10 پمپس غیر فعال ہو گئے ہیں جس کے باعث کراچی کو پانی کی فراہمی جزوی طور پر متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ترجمان کے مطابق بجلی کی بندش کے باعث دھابیجی سے کراچی کو فراہم کئے جانے والے پانی کی مقدار میں کمی واقع ہو سکتی ہے، واٹر کارپوریشن کے حکام بجلی کی جلد بحالی کیلئے کے الیکٹرک انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ واٹر کارپوریشن کا کہنا ہے کہ دھابیجی کی بجلی بحال ہوتے ہی متاثرہ 10 پمپس کو فوری طور پر فعال کر دیا جائے گا اور کراچی میں پانی کی فراہمی معمول پر لانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے۔ ترجمان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ بجلی کی بحالی تک پانی کا باکفایت استعمال کریں اور غیر ضروری طور پر پانی ضائع کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ سحر 53

کے مطابق واپڈا اہلکاروں نے 9 ستمبر کو بجلی کا میٹر مشکوک جان کر اسے لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھجوایا۔ فیسکو حکام کے مطابق لیبارٹری کی رپورٹ آنے کے بعد مقدمے کا اندراج کیا گیا۔ بجلی کے میٹر کی باڈی ٹیمپرڈ تھی اور دونوں سائیڈ کی سیل توڑ کر بجلی چوری کی جا رہی تھی۔ فیسکو حکام کے مطابق بجلی کا میٹر نعیم حیدر پنجوتھہ کے ڈیرے پر نصب تھا۔ تاحال مقدمہ درج ہونے کے بعد پی ٹی آئی رہنما کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جا سکی۔

بقیہ سحر 54

جبار کے ساتھ نکاح ہفتہ کو جاتی امراء میں ایک پروقار مگر محدود خاندانی تقریب میں ہوا جس میں شریف خاندان کے افراد، قریبی رشتہ داروں اور اہم سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف خصوصی طور پر نکاح میں شرکت کے لیے جاتی امراء پہنچے جبکہ سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف، ماہ نور کے والد کیپٹن (ر) محمد صفدر، حسن نواز اور حسین نواز بھی تقریب میں موجود تھے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سمیت دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ماہ نور صفدر کی شادی کی تصاویر سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے جبکہ شادی کی تقریب اور دولہا دلہن کے لباس سے متعلق تصاویر اور تبصرے مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نمایاں ہیں۔

بقیہ سحر 55

ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ ظلم و جبر ہوا لیکن اس سے پارٹی کو مزید مقبولیت ملی۔ انہوں نے کہا کہ مارچ کے معاملے میں تحریک انصاف والے منتیں کر رہے ہیں کوئی فیس سیونگ مل جائے، بانی پی ٹی آئی کی قید کے بعد کبھی رابطے ختم نہیں ہوئے، 3 مرتبہ بات بنتے بنتے رہ گئی، لڑائی صلح پر ختم ہوگی، چاہے وہ 28ویں ترمیم کی شکل میں ہو، فریقین ایک دوسرے کو معاف کر دیں تو لڑائی ختم ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کہیں گے تو مارچ میں شرکت کروں گا۔

بقیہ سحر 56

اور شواہد ٹیمپر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ خط میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ کامل اصغر کے پولیس اور فرانزک ٹیموں سے رابطے کے شواہد بھی سامنے آئے ہیں جبکہ ان کے وائس نوٹس تفتیش میں مداخلت کے شواہد کے طور پر موجود ہیں۔ مقتولہ کے اہلخانہ نے قومی کمیشن اور وفاقی حکومت سے کامل اصغر کے مبینہ کردار پر رپورٹ طلب کرنے کا مطالبہ کیا ہے، خط میں حنا جاوید قتل کیس کی غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کی بھی درخواست کی گئی ہے۔ خط کے مطابق اہلخانہ کا کہنا ہے کہ وہ مجبوراً بار بار قومی کمیشن سے رجوع کر رہے ہیں کیونکہ اب تک تحقیقات غیر جانبدار نہیں ہیں، ملزم فیصل اصغر کے بھائی کامل اصغر کی جانب سے تفتیش کا رخ موڑنے اور شواہد میں ٹیمپرنگ کے ثبوت موجود ہیں

بقیہ سحر 57

بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ارکان ٹی ٹی پی کے لیے خودکش حملہ آوروں کی تربیت بھی کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی کے افغانستان میں تقریباً 7 ہزار جنگجو موجود ہونے کا اندازہ ہے

بقیہ سحر 58

سے کم تھی، جبکہ اینٹوں کا سائز بھی مطلوبہ معیار پر پورا نہیں اترتا تھا۔ تعمیراتی کام میں مقررہ 9 انچ سائز کے بجائے چھوٹی اینٹیں استعمال کیے جانے کا بھی انکشاف ہوا پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کیمطابق ایسے معاملات آٹھ تعمیراتی منصوبوں کے کیسز میں سامنے آئے، جن کے باعث قومی خزانے کو 4 کروڑ 54 لاکھ 87 ہزار 450 روپے کا نقصان پہنچنے پر ریکوری کی نشاندہی کی گئی۔ کمیٹی نے غیر معیاری تعمیراتی میٹریل استعمال کرنے والے ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی اور تمام متعلقہ کیسز کی دوبارہ جانچ پڑتال کرانے کی ہدایت کر دی۔ کمیٹی نے قرار دیا کہ اینٹوں کے معیار کی خلاف ورزی کے باوجود تعمیراتی کام کے مقررہ نرخوں میں کمی نہیں کی گئی، اس لیے غیر معیاری اینٹوں کے استعمال پر واجب الادا رقم کی ریکوری یقینی بنائی جائے۔ محکمہ کی جانب سے کمیٹی کو بتایا گیا کہ بعض رقوم وصول کی جا چکی ہیں اور ریکوری کی رقم کی آڈٹ سے بھی تصدیق ہو چکی ہے۔ آڈٹ کے مطابق ایک کیس میں 43 لاکھ 89 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی۔ پی اے سی نے ہدایت کی کہ ریکوری کی رقم محکمانہ اکاؤنٹس میں درست طور پر درج کی جائے اور ماہانہ اکاؤنٹنگ یقینی بنائی جائے۔ ریکوری کی رقم کی حسابات میں منتقلی اور اندراج میں کسی قسم کی تاخیر نہ کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔ کمیٹی نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ لیبارٹری رپورٹس موجود ہونے کے باوجود کمزور اور مقررہ سائز سے چھوٹی اینٹیں تعمیراتی منصوبوں میں استعمال کی گئیں۔ پی اے سی نے تعمیراتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کی کوالٹی جانچنے کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت بھی کر دی۔

بقیہ سحر 59

نے کہا کہ سرکاری اداروں میں بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام کو انصاف کی فراہمی اور ان کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنا پولیس سمیت تمام سرکاری اداروں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اینٹی کرپشن ٹیم کی بروقت کارروائی قابلِ تحسین ہے اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی ہونی چاہیے تا کہ کسی کو بھی اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے کی جرات نہ ہو۔ صوبائی وزیر قانون نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جن اہلکاروں کے خلاف کرپشن یا اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات ثابت ہوں، انہیں مستقبل میں اہم، حساس یا عوامی رابطے کی پوسٹوں پر تعینات نہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پولیس افسران اپنے ماتحت عملے کی نگرانی مؤثر بنائیں اور شہریوں سے متعلق شکایات پر فوری کارروائی کی جائے۔ کسی بھی اہلکار کی جانب سے رشوت طلب کرنے یا شہریوں کو ناجائز طور پر تنگ کرنے کی شکایت کو نظرانداز نہ کیا جائے۔ رانا محمد اقبال خان نے واضح کیا کہ قانون سب کے لیے برابر ہے اور حکومت پنجاب عوام کو شفاف، میرٹ پر مبنی اور کرپشن سے پاک نظام فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ سحر 60

معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا۔

بقیہ سحر 61

کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پھولدار درخت نہ صرف لاہور کے شہری منظرنامے کو خوبصورت بناتے ہیں بلکہ ماحول کو بہتر بنانے، فضائی آلودگی میں کمی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ احمد عثمان جاوید نے مزید کہا کہ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے گرین پنجاب وژن کے مطابق لاہور کو سرسبز، خوبصورت اور صاف ستھرا بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہی ہے۔ شہر کے پارکس، گرین بیلٹس، شاہراہوں اور دیگر عوامی مقامات پر شجرکاری اور ہارٹی کلچر کے کاموں کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔

بقیہ سحر 62

معائنہ کیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ 2496 پولیس افسران و جوان گرجا گھروں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر کیے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران خود سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کیلئے فیلڈ میں موجود رہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے گرجا گھروں میں سکیورٹی انتظامات اور نفری کا جائزہ لیا۔ فیصل کامران نے گرجا گھروں کی انتظامیہ سے ملاقات کی اور سکیورٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ سپروائزری افسران فیلڈ میں موجود ہیں اور چرچ انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ فیصل کامران نے کہا کہ لاہور پولیس بلاتفریق مکمل جذبے سے شہریوں کے تحفظ کیلئے فرائض انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دعائیہ تقریبات کے شرکا سکیورٹی برقرار رکھنے کیلئے پولیس سے تعاون کریں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کی فوری اطلاع پولیس کو دیں۔

بقیہ سحر 63

شہباز نے بی ایس مینجمنٹ، فرح شہباز نے بی ایس سوشیالوجی جبکہ سعادیہ ضیاء نے ایم ایس سی سوشیالوجی پروگرام میں میرٹ پر داخلہ حاصل کیا ہے۔ چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب سارہ احمد نے تینوں بچوں کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی کامیابی ان کی محنت، عزم اور تعلیمی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ معیاری تعلیم اور روشن مستقبل کے مواقع فراہم کرنا چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی ترجیحات میں شامل ہے، ہر بچے کو تعلیم کے ذریعے اپنے خواب پورے کرنے کا حق اور موقع ملنا چاہیے۔

بقیہ سحر 64

کشتی چل رہی ہے لیکن چپو چلانے والے درست نہیں۔ انہوں نے ملک کے وسائل کو بہتر انداز میں استعمال کرنے اور نظام میں اصلاحات لانے پر زور دیا۔ ملکی سیاسی نظام پر گفتگو کرتے ہوئے اعجاز الحق نے کہا کہ بعض حکومتی وزرا خود کہہ رہے ہیں کہ ملک ہائبرڈ نظام کے ساتھ چل رہا ہے، جس پر سنجیدہ غور اور اصلاحات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس جنگ میں 80 ہزار پاکستانی شہری اور 15 ہزار فوجی شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھاری قیمت ادا کی ہے اور ملکی امن و سلامتی کے لیے قربانیاں دینے والوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اعجاز الحق نے پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ ملک کی ترقی، استحکام اور بہتر انتظامی نظام کے لیے مثبت کردار ادا کیا جائے، جبکہ پاکستان کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اور مؤثر اصلاحات ناگزیر ہیں

بقیہ سحر 65

ریونیو اور دیگر سرکاری محکموں کے افسران و اہلکاروں کے خلاف کرپشن سے متعلق الزامات شامل ہیں۔ پنجاب حکومت کے مطابق شہریوں کی شکایات پر کارروائی کے نتیجے میں متعدد افسران اور اہلکاروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے جبکہ کئی افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔

بقیہ سحر 66

ساتھ مہنگائی پر بھی دباؤ کم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو فوری طور پر پیٹرولیم لیوی اور توانائی کے شعبے میں ٹیکسوں اور مختلف سرچارجز کا ازسرنو جائزہ لینا چاہیے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنا چاہیے۔ آصف سلیم مٹھا نے کہا کہ توانائی سستی ہوگی تو پیداواری سرگرمیوں میں اضافہ، کاروبار کا پہیہ تیز اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ سحر 67

فروخت کو یقینی نہ بنایا جا سکا۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر ایل پی جی 400 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت کی جا رہی ہے۔ صارفین کے مطابق ایک طرف گیس کی لوڈشیڈنگ نے معمولات زندگی متاثر رکھے ہیں دوسری جانب مہنگی ایل پی جی نے گھریلو بجٹ پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔

بقیہ سحر 68

حسین کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ (ق) ہمیشہ ملکی سلامتی، خودمختاری اور دفاعِ وطن کے لیے اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی رہی ہے اور آئندہ بھی کھڑی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے تحفظ کے لیے پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ متحد کھڑی ہے۔ ہماری مسلح افواج کے شہداء ؒ کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ تقریب میں برطانوی پارلیمنٹ کے رکن محمد یاسین، کونسلرز منصور ناصر اور محمد نواز، چوہدری زبیغم حیات، راجہ ندیم، چوہدری اصغر، محمد عارف، محمد طارق، عدنان اور راجہ شاہد سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، ترقی، استحکام اور قومی یکجہتی کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے شہداء ؒ اور مسلح افواج کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔

بقیہ سحر 69

فیصد ٹیکس دینا ہوگا، سکیم کے تحت دکانداروں کو کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اہل دکانداروں کو پی او ایس اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے استثنیٰ حاصل ہوگا، اسکیم سے فائدہ اٹھانے والے تاجروں کا آڈٹ بھی نہیں کیا جائے گا، رجسٹرڈ تاجروں کو ودہولڈنگ ایجنٹ کی ذمہ داری سے بھی استثنیٰ ملے گا۔ ایف بی آر کے مطابق دکاندار ویب سائٹ، موبائل ایپ یا ٹیکس آفس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے، قواعد کی پابندی کرنے والی دکان پر کیو آر کوڈ والی گرین پلیٹ آویزاں کی جائے گی، ٹیکس عملے کو رجسٹرڈ دکانداروں کی انسپیکشن کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ سحر 70

ہوئے واضح کیا ہے کہ بار ایسوسی ایشنز کے فنڈز کسی عہدیدار، کمیٹی یا فرد کے ذاتی یا صوابدیدی استعمال کے لیے نہیں ہیں بلکہ یہ فنڈز امانت ہیں جنہیں صرف قانونی، جائز اور بار ایسوسی ایشن کے مقاصد کے مطابق استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پنجاب بار کونسل کی فنانس کمیٹی کی جانب سے مختلف بار ایسوسی ایشنز کے آڈٹ کے دوران مالی معاملات کا جائزہ لینے کے بعد پنجاب بار کونسل نے ایکشن لیتے ہوئے سخت احکامات جاری کیے ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ بار ایسوسی ایشنز کے فنڈز کا تحفظ اور استعمال قانون اور متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ ہدایات کے مطابق ہر اخراجات کا بار ایسوسی ایشن کے معاملات اور مقاصد سے قانونی اور جائز تعلق ہونا ضروری ہے جبکہ ہر خرچ کی باقاعدہ منظوری اور مکمل حساب کتاب بھی ہونا چاہیے۔ پنجاب بار کونسل نے واضح کیا ہے کہ بار ایسوسی ایشن کے فنڈز کو عمرہ، زیارت، سیاحت، ذاتی سفر یا کسی بھی دوسری ذاتی نوعیت کے اخراجات کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ یہ پابندی بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران، کمیٹی ارکان اور دیگر افراد پر یکساں طور پر لاگو ہوگی۔ ہدایات میں تمام متعلقہ افراد کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کی متعلقہ بار ایسوسی ایشن کے فنڈز صرف قانونی اور جائز مقاصد کے لیے استعمال ہوں۔

بقیہ سحر 71

۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق 16 لاکھ روپے مالیت کے سونے کے زیورات اور 21 لاکھ 46 ہزار روپے مالیت کے قیمتی موبائل فونز تلاش کر کے اصل مالکان کے حوالے کئے گئے۔ ترجمان کے مطابق روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے آگاہی کے لیے ملک بھر میں 280 آگاہی پروگرامز منعقد کیے گئے۔ مختلف ٹول پلازوں پر 30 لاکھ 36 ہزار سے زائد شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ ترجمان 19 گمشدہ بچوں کو بحفاظت ان کے والدین سے ملوایا۔ قومی شاہراہوں پر 11 وارداتیں ناکام بناتے ہوئے 12 ملزمان گرفتار کر کے متعلقہ قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے حوالے کیے گئے۔ 300 کلوگرام مضر صحت گوشت برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔

بقیہ سحر 72

کینٹ ڈویژن 94 مقدمات کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا۔ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں اقدام قتل کے 62 جبکہ صدر ڈویژن میں 60 مقدمات درج ہوئے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق سٹی ڈویژن میں اقدام قتل کے 54 جبکہ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 41 مقدمات رپورٹ ہوئے۔ سول لائنز ڈویژن میں رواں سال اقدام قتل کے 20 مقدمات درج کیے گئے۔

بقیہ سحر 73

انجری کو بھی مشکوک قرار دیا جا رہا ہے۔ پچھلی انکوائری رپورٹ میں پہلے ہی ان پر 2 سال کی پابندی کی سفارش کی گئی تھی تاہم اس وقت ایک سابق ہیڈ کوچ، سابق سلیکٹر اور ایک سابق کپتان کی مداخلت اور سفارش پر انہیں کارروائی سے بچا لیا گیا تھا۔ اب پچھلی فائلیں دوبارہ کھلنے اور ڈریسنگ روم کے راز افشا کرنے کے نئے الزامات سامنے آنے پر امام الحق کے کرکٹ کیریئر پر خطرے کے بادل گہرے ہو گئے ہیں اور بورڈ حکام کی جانب سے سخت تادیبی اقدامات متوقع ہیں۔

بقیہ سحر 74

شدید زخمی حالت میں ہسپتال داخل کرایا گیا جہاں وہ 18 روز تک زیرعلاج رہنے کے بعد گزشتہ روز دم توڑ گیا۔ مرحوم کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد جی ٹی روڈ سے متصل قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی۔ اشتیاق خان کے نماز جنازہ اور تدفین کے موقع پر پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی پی ٹی آئی رہنماؤں نے اشتیاق خان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کیا ہے

بقیہ سحر 75

ساتھیوں سے بھرپور اظہار تشکر کیا۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ بدقسمتی سے این اے 97 سے منتخب ہونے والے نام نہاد نمائندوں نے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی پر وہ توجہ نہیں دی جس کے عوام مستحق تھے، یہاں ہر طرف پچھلی محرومیاں انگریزوں کے دور سے علاقے کی نمائندگی کرنے والوں سے چیخ چیخ کر سوال کر رہی ہیں لیکن دوسری طرف مسلسل خاموشی ہے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ این اے 97 کے عوام کی آواز موثر انداز میں متعلقہ فورمز تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا ہے اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، عوام کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لئے اپنی استطاعت سے بڑھ کر اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے ملاقاتوں کے دوران حلقے میں تعلیم، صحت، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے جاری کاوشوں سے آگاہ کیا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ عوام سے مضبوط رابطہ، ان کے مسائل کا ادراک اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات ہی حقیقی عوامی خدمت کا راستہ ہیں۔

بقیہ سحر 76

کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن و استحکام اور خوش حالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے۔

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران تیسری آن لائن کھلی کچہری کے دوران سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

حمزہ شہباز وفاقی وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد رپورٹ وزیراعظم کو پیش کرینگے

حمزہ شہباز شریف مختلف وفاقی وزارتوں کا دورہ کر کے ان کی گزشتہ ڈھائی سال کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے متعلقہ وزراء اور افسران سے ملاقاتیں کر رہے ہیں

حمزہ شہباز شریف نے تمام وفاقی وزارتوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کریں گے جبکہ وزارتوں کی کارکردگی میں مزید بہتری کیلئے سفارشات بھی مرتب کی جائیں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ پنجاب و پبلک افیئرز کے سربراہ حمزہ شہباز شریف نے تمام وفاقی وزارتوں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کریں گے جبکہ وزارتوں کی کارکردگی میں مزید بہتری کیلئے سفارشات بھی مرتب کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز شریف جنہیں وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ہیڈ آف پبلک افیئر ز کی ذمہ داری سونپی گئی ہے انہوں نے وفاقی وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کی ہدایت کے تناظر میں سرگرمیاں شروع کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق حمزہ شہباز شریف مختلف وفاقی وزارتوں کا دورہ کر کے ان کی گزشتہ ڈھائی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 34)

END PETROL LEVY
JAMAAT-E-ISLAMI
دینا ہوگا سستا پیٹرول ورنہ سرکار کا تختہ گول!
جماعت اسلامی
پیٹرول

جماعت اسلامی کی خواتین پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاجی دھرنے میں شریک ہیں

ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، قادر پٹیل

ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی ہے اس نے تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا، رہنما پیپلز پارٹی

خالد مقبول صدیقی جتنی بار صوبے کا کارڈ کھیلیں گے، عوام اتنی ہی بار ان سے حساب مانگیں گے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی ہے اس نے تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا۔ خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے قادر پٹیل نے کہا کہ مصطفیٰ کمال ماضی میں خود خالد مقبول صدیقی کو را کا ایجنٹ قرار دے چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی وضاحت کریں کہ مصطفیٰ کمال اس وقت جھوٹ بول رہے تھے یا آج سچ بول رہے ہیں؟ قادر پٹیل نے کہا کہ عوام کو نئے صوبوں کا لولی پوپ دینے سے پہلے بتائیں کہ بوری بند نعشیں کس کا کلچر ہے، بھتے کی لالچ میں کراچی کی صنعتیں کس نے برباد کیں۔ قادر پٹیل نے کہا کہ ایم کیو ایم مگر مچھ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 41)

ایس سی او کا گلگت بلتستان میں فائیو G سروس کا کامیاب تجربہ

آئی ٹی، ای کامرس، آن لائن تعلیم، ٹیلی میڈیسن، سیاحت اور ڈیجیٹل انٹر پرینیورشپ سمیت مختلف شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوں گے

ایس سی او کے اعلامیے میں خاص طور پر خطے کے نوجوانوں کیلئے پیدا ہونے والے مواقع کو اجاگر کیا گیا ہے

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن (ایس سی او) نے گلگت بلتستان میں فائیو G سروس کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ ایس سی او کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق جی فائیو سروس کا کامیاب تجربہ گزشتہ روز کیا گیا جس کے بعد گلگت بلتستان میں تیز رفتار انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ اعلامیے کے مطابق جی فائیو سروس کے آغاز سے گلگت بلتستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای کامرس، آن لائن تعلیم، ٹیلی میڈیسن، سیاحت اور ڈیجیٹل انٹر پرینیورشپ سمیت مختلف شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ایس سی او کے مطابق اس پیش رفت سے بالخصوص خطے کی نوجوان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 43)

لاہور: سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹ اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ دربار کے ترقیاتی کاموں کے معائنے کے دوران ماربل سلیب کی کوالٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

افغانستان پڑوسی ملک پاکستان کیخلاف دہشتگردی کا اہم مرکز بن چکا ہے، رپورٹ

القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں، واشنگٹن پوسٹ

طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے

اسلام آباد، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ کے مؤقر جریدے واشنگٹن پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ نائن الیون کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کیلئے تربیتی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے، طالبان رجیم نے القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہوں کیلئے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 46)

برطانیہ میں جشنِ پاکستان اور یوم دفاع کی پروقار تقریب، ندیم پہلوان چیف گیسٹ

تقریب میں پاکستان کے شہدا اور مسلح افواج کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا

لندن (سٹاف رپورٹر): برطانیہ میں جشنِ پاکستان اور یوم دفاع وشہداء کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں کوآرڈینیٹر وزارتِ صنعت و تجارت پنجاب و جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ق) لاہور ندیم پہلوان نے بطور چیف گیسٹ شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان کے شہدا اور مسلح افواج کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر سابق چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی پاکستان جنرل زبیر محمود حیات (ر) کا خصوصی تحریری پیغام بھی پیش کیا گیا، جس میں قومی اتحاد، مضبوط دفاع اور علاقائی و عالمی امن کے لیے پاکستان کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔ ندیم پہلوان نے کہا کہ چوہدری شجاعت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 68)

برطانیہ میں جشنِ پاکستان اور یوم دفاع وشہداء کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کی مختلف جھلکیاں

رواں سال قتل کے 194 اور اقدام قتل کے 331 مقدمات درج

قتل کی وارداتوں میں ماڈل ٹاؤن ڈویژن 46 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں رواں سال قتل اور اقدام قتل کے واقعات کے 525 مقدمات درج ہوئے، پولیس ریکارڈ کے مطابق شہر بھر میں قتل کے 194 جبکہ اقدام قتل کے 331 مقدمات کا اندراج کیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق قتل کی وارداتوں میں ماڈل ٹاؤن ڈویژن 46 مقدمات کے ساتھ سرفہرست رہا، کینٹ ڈویژن میں 45 جبکہ صدر ڈویژن میں قتل کے 42 مقدمات درج ہوئے جبکہ سٹی ڈویژن میں قتل کے 28 جبکہ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 24 مقدمات رپورٹ ہوئے۔ سول لائنز ڈویژن میں رواں سال قتل کی 9 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ اقدام قتل کے مقدمات میں (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 72)

قومی کرکٹر امام الحق کی مشکلات بڑھ گئیں، 2 سالہ پابندی عائد ہونے کا خدشہ

مبینہ جعلی انجری، ڈریسنگ روم کی باتیں لیک کرنے، ڈسپلن کی سنگین ورزیوں پر ابتدائی انکوائری رپورٹ مکمل

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی ٹیسٹ اوپنر امام الحق ایک بار پھر شدید مشکلات کی زد میں آ گئے ہیں، مبینہ طور پر جعلی انجری، ڈریسنگ روم کی باتیں باہر لیک کرنے اور ڈسپلن کی سنگین ورزیوں پر ان کے خلاف ابتدائی انکوائری رپورٹ مکمل کر لی گئی ہے جس کے بعد ان پر طویل عرصے کے لیے پابندی عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کرکٹ بورڈ کو نہ صرف حالیہ معاملات بلکہ امام الحق کی ماضی کی انجریز پر بھی شدید تحفظات ہیں۔ دورہ انگلینڈ سے قبل دورہ نیوزی لینڈ کے دوران سامنے آنے والی ان کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 73)

مسائل کے حل کیلئے قومی سطح پر ڈائیلاگ ناگزیر، پیشرفت ہونی چاہیے، ہمایوں اختر خان

معاشی و سیاسی استحکام سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے، سابق وفاقی وزیر کا این اے 97 کا تفصیلی دورہ

ہمایوں اختر کی علاقہ عمائدین، حلقے کے لوگوں سے ملاقاتیں، انتقال کر جانے والوں کی تعزیت کیلئے گھروں میں گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ ملک میں معاشی اور سیاسی استحکام کے لیے مثبت اور تعمیری سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، مسائل کے حل کیلئے قومی سطح پر ڈائیلاگ ناگزیر ہے جس کے لئے پیشرفت ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر علاقہ عمائدین اور حلقے کے لوگوں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے اور ورثاء سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اہل علاقہ نے انتخابات کے بعد بلاتعطل رابطہ رکھنے پر ہمایوں اختر خان اور ان کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 75)

اسلام آباد: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر این اے 97 کے دورہ کے موقع پر حلقے کے لوگوں سے ملاقات کر رہے ہیں

ضلع شیرانی میں ترقی کا نیا سفر، ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات اور معیارِ زندگی میں نمایاں بہتری

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں نے علاقے میں تعمیر و ترقی کی نئی بنیاد رکھ دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیرون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کئے گئے جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 40)

ہرنائی، کوئلے کی کان میں حادثہ، 4 کان کن جاں بحق

ہرنائی (مانیٹرنگ ڈیسک) ہرنائی میں شاہرگ کوئلے کی کان میں میتھین گیس بھر جانے سے 4 کان کن جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 42)

کالعدم فسادی جتھے کی جانب سے مختلف علاقوں میں درج ذیل سنگین جرائم اور قانون شکنی کے واقعات سامنے آئے ہیں، ضلعی انتظامیہ راولاکوٹ

راولا کوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان ضلعی انتظامیہ راولاکوٹ پونچھ نے کہا ہے کہ کالعدم فسادی جتھے کی جانب سے مختلف علاقوں میں درج ذیل سنگین جرائم اور قانون شکنی کے واقعات سامنے آئے ہیں۔ تحصیل ہجیرہ میں خواتین کا راستہ روکنے اور انہیں زبردستی نقاب اتار کر شناخت کروانے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 44)

شہریوں کو ہنگامی صورتحال میں زندگی بچانے کی بنیادی تربیت دینا معاشرے کیلئے انتہائی اہم اقدام ہے، ڈاکٹر رضوان نصیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) ورلڈ فرسٹ ایڈ ڈے کے موقع پر ریسکیو 1122 کی جانب سے پنجاب بھر میں پاک لائف سیور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 45)

ایف بی آر نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم شروع کر دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے مہم شروع کر دی۔ ایف بی آر نے رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں ایک صفحے کا سادہ فارم جاری کر دیا ہے، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 69)

بار ایسوسی ایشنز فنڈز کے استعمال میں شفافیت، قانونی تقاضوں، قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنائیں، پنجاب بار کونسل

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ارشد علی ہنجرا نے صوبے بھر کی بار ایسوسی ایشنز کو مالی معاملات کے درست استعمال کے حوالے سے سخت ہدایات جاری کرتے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 70)

اگست کے دوران 1 لاکھ 79 ہزار سے زائد مسافروں کو مختلف نوعیت کی امداد فراہم کی گئی، موٹرویز پولیس

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے ماہ اگست 2026 کے دوران 1 لاکھ 79 ہزار سے زائد مسافروں کو دوران سفر بروقت مختلف نوعیت کی امداد فراہم کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 71)

مبینہ پولیس چھاپے کے دوران گرم تیل کے کڑھائے میں گر کر جھلسنے والا پی ٹی آئی کا رکن دم توڑ گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) مبینہ طور پر پولیس کے چھاپے کے دوران گرم تیل کے کڑھائے میں گر کر جھلسنے والا پی ٹی آئی کا کارکن اشتیاق خان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پی ٹی آئی کے ترجمان کے مطابق مبینہ طور پر 26 اگست کو عید میلاد النبیؐ کے موقع پر پولیس کے چھاپے کے دوران اشتیاق خان گرفتاری سے بچنے کی کوشش میں گرم تیل کے کڑھائے میں گر کر بری طرح جھلس گیا تھا جسے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 74)

ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات، معیارِ زندگی میں نمایاں بہتری

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے

کوئٹہ (اے ایف پی) بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں نیعلاقے میں تعمیر و ترقی کی نئی بنیاد رکھ دی ہے۔ فیرون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کئے گئے، جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہو چکے۔ بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 38)

بغیر ٹرائل عمر خالد کی قید کو چھ سال مکمل، بھارتی نظام انصاف پر سوالیہ نشان

جیل میں قید بیٹے عمر خالد کی جدائی میں ان کی والدہ کی آنکھیں آج بھی نم ہیں

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی کے ہندوتوا راج نے مسلمان ہونا ہی دہشتگردی کا مضحکہ خیز الزام لگانے کیلئے کافی بنا دیا، دہلی فسادات کے دوران اشتعال انگیز تقاریر کرنے والے بی جے پی رہنما آزاد، عمر خالد تا حال قید میں ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی متنازع ایکٹ کے تحت بغیر ٹرائل کے قید عمر خالد ضمانت کے حق سے بھی محروم ہے، بھارتی جریدہ دی کوئنٹ کے مطابق چھ سال سے جیل میں قید عمر خالد گھٹن اور سانس رکنے کے احساس سے شدید ذہنی اذیت میں ہے، بغیر ٹرائل کے جیل میں قید بیٹے عمر خالد کی جدائی میں ان کی والدہ کی آنکھیں آج بھی نم ہیں، عمر خالد کے والد نے بھارتی نظام انصاف کو مکمل طور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 39)

مریم نواز پر تنقید، پی ٹی آئی رہنما مہر بانو قریشی کی شفیع جان کے بیان کی مذمت

پنجاب اسمبلی میں جو گند اچھالا گیا وہ ان ارکان کی اپنی تربیت کی غمازی کرتا ہے، ہمیں اس سطح پر نہیں اترنا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما مہر بانو قریشی نے وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز پر کی جانے والی تنقید کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں جو گند اچھالا گیا وہ ان ارکان کی اپنی تربیت کی غمازی کرتا ہے، ہمیں اس سطح پر نہیں اترنا چاہیے۔ مہر بانو قریشی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ مریم نواز پر تنقید کے لیے بہت کچھ موجود ہے، لیکن ان کے خلاف غیر پارلیمانی اور غیر شریفانہ زبان کا استعمال غلط اور توہین آمیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک خاتون اور ساتھی پارٹی رکن کی حیثیت سے شفیع جان پر زور دیتی ہوں کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں اور (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 49)

فیصل کریم کنڈی سے اسلام آباد میں اخبارات کے ایڈیٹرز اور سینئر صحافیوں نے ملاقات

امن و امان کا قیام حکومت کی پہلی ترجیح ہونی چاہئے، صوبائی حکومت کی ترجیحات عوامی مفادات سے متصادم ہیں، گورنر کے پی کے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے اسلام آباد میں اخبارات کے ایڈیٹرز اور سینئر صحافیوں نے ملاقات کی، جس میں خیبر پختونخوا کی مجموعی صورتحال، امن و امان، سیاسی معاملات، موسمیاتی تبدیلی اور صوبے کے عوام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی تمام تر توجہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں امن و امان کی بحالی پر مرکوز ہونی چاہئے، امن و امان کا قیام حکومت کی پہلی ترجیح ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ترجیحات عوامی مفادات سے متصادم ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 50)

گورنر کے پی کے کریم کنڈی کے ساتھ اسلام آباد میں اخبارات کے ایڈیٹرز اور سینئر صحافیوں کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

سرکاری منصوبوں میں غیر معیاری اینٹوں اور میٹریل کے استعمال کا انکشاف

کمیٹی نے قرار دیا کہ اینٹوں کے معیار کی خلاف ورزی کے باوجود تعمیراتی کام کے مقررہ نرخوں میں کمی نہیں کی گئی

آڈٹ کے مطابق ایک کیس میں 43 لاکھ 89 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی

لاہور (اے ایف پی): پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ون نے سرکاری تعمیراتی منصوبوں میں مقررہ معیار سے کمزور اور چھوٹی اینٹوں سمیت غیر معیاری تعمیراتی میٹریل کے استعمال کا نوٹس لیتے ہوئے مکمل تحقیقات اور ذمہ داروں کے تعین کی ہدایت کر دی۔ آڈٹ کے دوران مختلف ڈویژنز میں تعمیراتی منصوبوں میں اینٹوں کے معیار اور سائز سے متعلق خلاف ورزیوں کی نشاندہی ہوئی۔ آڈٹ کے مطابق متعدد منصوبوں میں مقررہ معیار کے بجائے ایسی اینٹیں استعمال کی گئیں جن کی مضبوطی 2000 پی ایس آئی کے مقررہ معیار (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 58)

وزیر قانون کے ایکشن پر ایس ایچ او نور شاہ کلوز لائن، محرر کو جیل بھجوا دیا گیا

سرکاری اداروں میں بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، رانا محمد اقبال

کسی بھی اہلکار کی جانب سے رشوت طلب کرنے یا شہریوں کو ناجائز طور پر تنگ کرنے کی شکایت کو نظر انداز نہ کیا جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان کی جانب سے ساہیوال کے تھانہ نور شاہ میں مبینہ رشوت طلبی کے واقعہ کا نوٹس لیے جانے اور ڈی پی او ساہیوال سے فوری رپورٹ طلب کرنے کے بعد ضلعی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ ایس ایچ او کو کلوز لائن کر دیا، جبکہ محرر تھانہ نور شاہ کو جیل بھجوا دیا گیا۔ اینٹی کرپشن ٹیم نے کارروائی کے دوران دونوں اہلکاروں کو مبینہ طور پر رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا تھا۔ واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے ڈی پی او ساہیوال کو قانون کے مطابق فوری اور بلاامتیاز کارروائی کی ہدایت کی تھی۔ صوبائی وزیر قانون نے ڈی پی او ساہیوال کی جانب سے فوری ایکشن لینے اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی پر انہیں شاباش دی اور کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبے میں کرپشن، بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ رانا محمد اقبال خان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 59)

ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کا شہر بھر میں پھولدار درختوں کی شجر کاری مہم کا آغاز

وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق لاہور کو خوبصورت، سرسبز اور سموگ فری بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، ایم ڈی احمد عثمان

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق لاہور کو خوبصورت، سرسبز اور سموگ فری بنانے کے عزم کے تحت ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور نے شہر میں پھولدار درختوں کی شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں لاہور کے مختلف علاقوں میں پھولدار اور سایہ دار درختوں کی شجر کاری کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی بہتری اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پھولدار درختوں کی شجر کاری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ زون 7 کے علاقے لیک سٹی روڈ پر املتاس کے سینکڑوں نئے پودے لگا دیے گئے ہیں، جبکہ شجر کاری مہم کے دوران شہر کے مختلف مقامات پر گل مور، جیکورنڈا، گل نشتر اور بدھا کے درخت بھی لگائے جائیں گے۔ ایم ڈی احمد عثمان جاوید کے مطابق لاہور کے تمام زونز میں پھولدار درختوں کی شجر کاری کے لیے دستیاب اور موزوں مقامات کی نشاندہی کر لی گئی ہے، جہاں مرحلہ وار شجر کاری (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 61)

سرکاری محکموں میں مبینہ کرپشن میں ملوث افسران اور اہلکاروں کیخلاف مہم جاری

ہیلپ لائن 1350 پر صرف 10 روز کے دوران 2 ہزار 700 سے زائد درخواستیں موصول

اہلکاروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے جبکہ کئی افراد کو گرفتار بھی کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت کی جانب سے سرکاری محکموں میں مبینہ کرپشن میں ملوث افسران اور اہلکاروں کے خلاف مہم جاری ہے جس کے تحت شہریوں کی شکایات کے ازالے کیلئے فعال کی گئی ہیلپ لائن 1350 پر صرف 10 روز کے دوران 2 ہزار 700 سے زائد درخواستیں موصول ہو گئیں۔ حکام کے مطابق ہیلپ لائن پر موصول ہونے والی شکایات میں سے 1705 درخواستوں کو حل کیا جا چکا ہے جبکہ 903 درخواستوں پر کارروائی جاری ہے۔ شکایات میں پولیس، ضلعی و تحصیل انتظامیہ، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 65)

عوام، کاروباری طبقے کو ریلیف دینے کیلئے لیوی، توانائی ٹیکسز کم کئے جائیں پبلک ایکشن فورم

حکومت فوری طور پر لیوی، توانائی پر ٹیکسوں، مختلف سرچارجز کا ازسرنو جائزہ لے، آصف سلیم

توانائی سستی ہوگی تو پیداواری سرگرمیوں میں اضافہ، کاروبار کا پہیہ تیز اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پبلک ایکشن فورم پاکستان آصف سلیم مٹھا نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام اور کاروباری طبقے کو ریلیف دینے کیلئے پیٹرولیم لیوی میں کم از کم 60 فیصد اور بجلی کے بلوں پر عائد ٹیکسز میں 70 فیصد تک کمی کی جائے، توانائی پر بھاری ٹیکسز نے مہنگائی، پیداواری لاگت اور عام آدمی کے ماہانہ اخراجات میں غیر معمولی اضافہ کر دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات پر بھاری لیوی وصول کی جا رہی ہے جبکہ بجلی کے بلوں میں بھی 18 فیصد جی ایس ٹی سمیت مختلف ٹیکسز اور ڈیوٹیز عائد ہیں۔ بجلی کے بلوں سے حکومت کو سالانہ سینکڑوں ارب روپے ٹیکس کی مد میں حاصل ہو رہے ہیں جس کا براہ راست بوجھ صارفین برداشت کر رہے ہیں۔ آصف سلیم مٹھا نے کہا کہ پیٹرولیم اور بجلی پر ٹیکسز میں کمی سے ٹرانسپورٹ، صنعت، زراعت اور کاروباری سرگرمیوں کی لاگت کم ہونے کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 66)

مصطفیٰ کمال جس دن مناظرے کا کہیں، میں تیار ہوں: مرتضیٰ وہاب

ہم ہر ڈسٹرکٹ میں اس طرح کے پارک بنائیں گے، کراچی میں تیزی سے ترقیاتی کام ہو رہے ہیں

پارک میں بچوں کے لیے پلے ایریا، جھولے، گھاس، جبکہ 100 سے زائد نئے درخت اور پودے لگائے گئے ہیں

شادمان ٹاؤن میں کچرے کے ڈھیر کو پارک میں تبدیل کر دیا گیا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ مصطفیٰ کمال جس دن مناظرے کا کہیں، میں تیار ہوں۔ شہر قائد کے شادمان ٹاؤن میں مرتضیٰ وہاب نے پارک اور آئی ٹی سینٹر کی بحالی کے منصوبے کا افتتاح کر دیا، منصوبہ ایک کروڑ 45 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ شادمان ٹاؤن میں کچرے کے ڈھیر کو پارک میں تبدیل کر دیا گیا ہے، ایک ایکڑ سے زائد رقبے پر قائم پارک کو جدید سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے، پارک میں بچوں کے لیے پلے ایریا، جھولے، گھاس، جبکہ 100 سے زائد نئے درخت اور پودے لگائے گئے ہیں۔ میئر کراچی نے بتایا کہ پارک کے ساتھ نوجوانوں کے لیے آئی ٹی سینٹر بھی قائم کیا گیا ہے، جہاں مفت (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 36)

کراچی: سی ٹی ڈی، رینجرز اور حساس اداروں کی کارروائی، 2 دہشتگرد ہلاک

کراچی (اے ایف پی) سی ٹی ڈی، سندھ رینجرز اور وفاقی حساس ادارے کی 2 مختلف مقامات پر کارروائیوں کے دوران ہونے والے مقابلوں میں 2 دہشت گرد ہلاک (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا ہے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ ایک بار پھر گرم ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 37)

سعودیہ جنگ نہیں، امریکا میں ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کرے، مسعود پزشکیان

ایرانی عوام کبھی ہتھیار نہیں ڈالیں گے اور ایران کو دباؤ کے ذریعے تسلیم کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، اگر امریکا میں ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کریں

شہری بنیادی ڈھانچے اور خوراک کو کیوں نشانہ بنایا جا رہا ہے؟ اگر امریکی انسانیت پر یقین رکھتے ہیں تو لوگوں کو پانی، خوراک اور ادویات تک رسائی سے کیوں محروم کیا جا رہا ہے

تہران (نیٹ نیوز) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایرانی عوام کبھی ہتھیار نہیں ڈالیں گے اور ایران کو دباؤ کے ذریعے تسلیم کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ سوشل میڈیا پلیٹ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 47)

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، تاوان کی غرض سے اغوا غیر ملکی بحفاظت بازیاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد پولیس کی بروقت اور موثر کارروائی میں ایک لاکھ امریکی ڈالر تاوان کی غرض سے اغوا کیے گئے غیر ملکی شہری کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ ترجما (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 48)

کے پی کابینہ نے جیل خانہ جات اور تحفظ گواہان قوانین کی منظوری دیدی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کی کابینہ نے جیل خانہ جات اور تحفظ گواہان سمیت مختلف فیصلوں کی منظوری دیدی۔ وزیر اطلاعات کے پی شفیع جان نے صوبائی کابینہ اجلاس کے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 51)

بجلی کے بریک ڈاؤن کے نتیجے میں دھابیجی پمپنگ سٹیشن کے مجموعی 21 پمپس میں سے 10 پمپس غیر فعال ہو گئے

ٹھٹھہ (مانیٹرنگ ڈیسک) دھابیجی پمپنگ سٹیشن پر کے الیکٹرک کے سسٹم میں کیبل فالٹ کے باعث بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہو گیا جس کے نتیجے میں مختلف فیڈرز اور پمپس ہاؤسز کی بجلی کی (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 52)

حنا جاوید قتل کیس: مقتولہ کے بھائی کا قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو فوری مداخلت کیلئے دوسرا خط

لاہور (اے ایف پی) حنا جاوید قتل کیس میں مقتولہ کے بھائی نے قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو فوری مداخلت کے لیے دوسرا خط ارسال کر دیا۔ خط کے متن کے مطابق مرکزی ملزم فیصل اصغر کے بھائی کامل اصغر کیس پر اثر انداز ہونے (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 56)

انتظامیہ ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے کے مطابق فروخت یقینی نہ بنا سکی

لاہور (سٹاف رپورٹر) انتظامیہ کی جانب سے اوپن مارکیٹ میں کسی بھی مقام پر ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے کے مطابق (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 57)

عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج

بجلی کے میٹر کی باڈی ٹیمپرڈ تھی اور دونوں سائیڈ کی سیل توڑ کر بجلی چوری کی جا رہی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج کرا لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ کھنہ پھیرا میں درج کیا گیا۔ مقدمہ ایس ڈی او فیسکو محمد عاطف ضیا کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 53)

مریم نواز کی بیٹی ماہ نور کی شادی، تصاویر نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر دولہا دلہن کی تصاویر شیئر کی جا رہی ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی صاحبزادی ماہ نور صفدر کی شادی کی تصاویر منظر عام پر آتے ہی سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئیں، صارفین کی جانب سے دولہا دلہن کی تصاویر مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کی جا رہی ہیں۔ ماہ نور صفدر کا معروف صنعتکار کے بیٹے اذان (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 54)

پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آ رہے، شیر افضل مروت

بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جا سکتا ہے، رکن قومی اسمبلی

لڑائی صلح پر ختم ہوگی، چاہے وہ 28ویں ترمیم کی شکل میں ہو، فریقین ایک دوسرے کو معاف کر دیں تو لڑائی ختم ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کچھ نہیں کیا، بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جا سکتا ہے، پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا کیونکہ یہ مارچ کرتے نظر نہیں آ رہے۔ (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 55)

آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہو سکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے، ذرائع

اسلام آباد/نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہو سکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئلی ہوں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 60)

جدہ: پاکستان مسلم لیگ (ض) کے سربراہ اعجاز تقریب سے خطاب کرتے ہوئے دوسری دوستوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبوں کی تقسیم ضروری نہیں، بلکہ نئے انتظامی یونٹس قائم کر کے انتظامی نظام کو بہتر بنایا جائے، اعجاز الحق

ملک میں انتظامی اصلاحات، مقامی حکومتوں کے قیام اور نظامِ حکومت میں بہتری کی ضرورت پر زور دیا ہے

ملک میں مؤثر مقامی حکومتوں کا قیام اور انتظامی امور میں بہتری وقت کی اہم ضرورت ہے

جدہ رپورٹ (احسان الحق مغل) پاکستان مسلم لیگ (ض) کے سربراہ اعجاز الحق نے جدہ میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ملک میں انتظامی اصلاحات، مقامی حکومتوں کے قیام اور نظام حکومت میں بہتری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اعجاز الحق نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم ضروری نہیں، بلکہ نئے انتظامی یونٹس قائم کر کے انتظامی نظام کو بہتر بنایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ سابق صدر پرویز مشرف نے بہترین بلدیاتی نظام متعارف کرایا تھا، تاہم بعض لوگوں نے اسے کمزور اور غیر مؤثر کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مؤثر مقامی حکومتوں کا قیام اور انتظامی امور میں بہتری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کر کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں۔ اعجاز الحق نے پاکستان کے قدرتی وسائل اور معدنی دولت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان معدنی دولت سے مالا مال ملک ہے، (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 64)



لاہور: شہری انارکلی چوک میں لگائے گئے سٹالز پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

گرجا گھروں میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات، فیصل کامران نے شہر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے شہر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ فیصل کامران نے کینٹ، ماڈل ٹاؤن، گلبرگ سمیت دیگر علاقوں میں سکیورٹی کا (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 62)

چائلڈ پروٹیکشن بیورو میں رہائش پذیر تین بچیوں کا پنجاب یونیورسٹی میں میرٹ پر داخلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب میں رہائش پذیر تین بچیوں نے اپنی محنت، قابلیت اور شاندار تعلیمی کارکردگی کی بدولت پنجاب یونیورسٹی میں میرٹ پر داخلہ حاصل کر لیا۔ داخلہ حاصل کرنے والی بچیوں میں مناہل (باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com